روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینہ روحانیات
ماہنامہ
خزینہ روحانیات
لاہور
جلد نمبر 13
شمارہ نمبر 03
JULY 2022
قیمت: 80 روپے
دعائے تسخیر کے عامل بنیں
جنات سے نجات کے عملیات
تسخیرِ ارواح
ساگو دانہ
شادی و نکاح کے مجرب اعمال
حب کے مجرب تعویذات
darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyat
khazinaruhanyat

مندرہ شاہ علی جادو اور جنات کے اثرات کے علاج کا سرتاج عمل

تعارف: "مندرہ شاہ علی" نوری علوی عملیات کا سرتاج اور کثیر المقاصد عمل ہے۔ خاص کر یہ بڑے سے بڑے جادو اور خطرناک جنات وشیاطین کے خلاف ایک مضبوط ہتھیار ہے۔ اس کے پیچھے جو غیبی مخلوق ہے، وہ جادو، جنات اور دشمنوں کے خلاف بہت تیز کام کرتی ہے اور ضرورت پڑنے پر مخالف کو خوب سبق بھی سکھاتی ہے۔ مندرے کے عامل پر جادو اور جنات آسانی سے حملہ آور نہیں ہو سکتے۔

عمل کے فائدے درج ذیل ہیں

جگہ کی جناتی، آسیبی یا سحری اثرات سے حفاظت	تلوار، نیزہ، بندوق، پستول سے حفاظت	بجلی یا کرنٹ سے حفاظت
مریض کی سحر جادو، آسیب اور شیاطین سے حفاظت	رات یا ویرانے کے سفر میں حفاظت	جانوروں کی بیماریوں سے حفاظت
گھر اور جگہ کا مضبوط حصار	خبیث ارواح کی چوکی کا علاج	جادو کے عمل والی ہانڈی کو واپس کرنا
جنات یا سحر جادو، مرگی کے لئے خاص گنڈا	دماغ خراب، مجنون و دیوانہ پن کا علاج	بے اولادی کا خاص عمل
مکانوں کی بنیاد کے لیے حفاظت کا خاص عمل	جسم میں دردوں کا علاج	زہریلا کیڑا کاٹے کا علاج
بداثرات کی وجہ سے جسمانی و ذہنی تکالیف کا علاج	اٹھراہ کا علاج	ہر مرض کے لئے
دشمن زیر اور ذلیل وخوار کرنا	ڈھول، بینڈ باجے کو باندھنا	ہر جائز مقصد کے لئے

اجازت کے لیے اہلیت: ایسے تمام افراد جنہوں نے جادو جنات کے بنیادی عمل کیے ہوں۔

اجازت لینے کا طریقہ: مندرہ کا عامل بننے کے لیے عمل کا ھدیہ ادا کر کے چلّہ کشی کرنی ہوتی ہے۔

ہدیہ 9100 روپے

خاص اجازت: جو لوگ چلّہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر "آگے سکھانے کی خاص اجازت" حاصل کر کے سکھائیں یا ادارے سے اجازت دلوائیں۔ ہر شاگرد چھوٹے درجے تو کر لیتا ہے لیکن بڑے درجے کی ریاضت کے لئے وقت نہیں ہوتا یا وسائل بھی نہیں ہوتے کہ وہ بڑے درجے کی ریاضتیں کر کے آگے اعمال سکھا سکے۔ لہٰذا شاگردوں کے بار بار اصرار کرنے پر روحانی درسگاہ کی مجلس مشاورت نے یہ فیصلہ کیا کہ ایسے تمام شاگرد اپنے مریضوں اور شاگردوں کو اب روحانی درسگاہ کے تمام اعمال چند شرائط کے ساتھ آگے سکھا سکتے ہیں۔

مزید تفصیلات کے لیے روحانی درسگاہ سے رابطہ فرمائیں

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0333-7772775 | 0309-7772775 | 042-35410586
ruhanidarsgah | ruhanidarsgah97 | ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah | ruhanidarsgah@gmail.com

اسلامی تصوف، روحانی عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 13 ذی الحجہ ۱۴۴۳ھ / جولائی 2022ء شمارہ 3

مدیر اعلیٰ: خالد مقبول عارف حفظہ اللہ

مدیر: مولانا حافظ علی آفاق صاحب

معاون مدیر: حکیم علیم اللہ ظفر صاحب

darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyaat@gmail.com
khazinaeruhaniyat khazinaruhanyat

برائے ماہنامہ خزینہ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات
0322-4773786, 042-35410586

مجلس مشاورت

قیمت 80 روپے

سالانہ ممبرشپ عام ڈاک 940 روپے، رجسٹرڈ ڈاک 1340 روپے

سالانہ ممبرشپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1440 روپے

لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1740 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2340 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 29،28،27 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبرشپ بذریعہ Whatspp/Email: 700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی یکم تاریخ کو رسالہ Whatspp/Email کیا جائے گا

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

رقم کی ادائیگی کے طریقے

ضروری ہدایات:

1. رقم بھیجنے کے بعد منی آرڈر رسید / موبائل اکاؤنٹس کی ٹرانزیکشن ID یا سکرین شارٹ / بینک ڈپازٹ سلپ 0302-8401977 پر واٹس ایپ بھیجیے یا مکمل تفصیل ایس ایم ایس بھیجیے یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ رقم جمع کروانے سے پہلے بل کی مکمل تفصیل کیلئے پہلے متعلقہ شعبے کے فون نمبر پر رابطہ کیجیے۔ جو بل بتایا جائے، اتنی ہی رقم جمع کروائی جائے۔
2. موبائل اکاؤنٹس سے رقم نکلوانے پر اضافی چارجز کمپنی والے وصول کرتے ہیں۔ اس لئے موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروانے کی صورت میں اضافی چارجز بل میں لگائے جائیں گے۔

1. **منی آرڈر:** بنام دار العمل چشتیہ، 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے پتے پر منی آرڈر کریں۔ فارم پر اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور مطلوبہ رقم کی تفصیل لازمی تحریر کریں۔
2. **موبائل اکاؤنٹس:** درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔
   - easypaisa: بنام خالد مقبول۔ 03437772772
   - JazzCash: 1. بنام مکتبۃ العارف۔ 03028401977
     2. #0*786* ملائیں اور Till Id 0016 5958 درج کریں۔
   - Omni: بنام خالد مقبول۔ 03437772772
   - Upaisa: بنام خالد مقبول۔ 33343082867
3. **بینک اکاؤنٹس:** درج ذیل دونوں اکاؤنٹس میزان بینک کے ہیں۔
   1. **برائے ماہنامہ خزینۂ روحانیات:** بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736
   2. **برائے دیگر تمام شعبہ جات:** بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466

مزید تفصیلات کے لیے لنک وزٹ کیجیے: darulamal.org/payment

دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org
info@darulamal.org
darulamalchisht darulamalchishtia

موبائل: 0343-7772772 0322-7772772
موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)

پتہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ فون 042-35410586

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

http://darulamal.org/ ادارہ دار العمل چشتیہ کی ویب سائٹ (تمام شعبہ جات)

فہرست مضامین

جولائی 2022ء

ذی الحجہ ۱۴۴۳ھ

جو سارے عالم پہ چھا رہا ہے وہی خدا ہے

جو سارے عالم پہ چھا رہا ہے وہی خدا ہے
اور اپنی قدرت دکھا رہا ہے وہی خدا ہے
حسین کلیاں کھلا رہا ہے وہی خدا ہے
گلوں میں خوشبو جگا رہا ہے وہی خدا ہے
جو جگمگاتے ہوئے ستاروں کی آسماں پر
حسین چادر بچھا رہا ہے وہی خدا ہے
جو کاٹ کر کوہسار شب اپنی حکمتوں سے
افق سے سورج اگا رہا ہے وہی خدا ہے
جو سرِ زمین افق پہ اپنی کرامتوں سے
شفق کا گلشن کھلا رہا ہے وہی خدا ہے
جو صرف مٹی کو آدمی کا وجود دے کر
بنا رہا ہے، مٹا رہا ہے وہی خدا ہے
چمکتے تاروں، مہکتے پھولوں میں ہم کو شاکرؔ
جو روپ اپنا دکھا رہا ہے وہی خدا ہے

(شاکر ادیبی)

ہم کو اپنی طلب سے سوا چاہیے

ہم کو اپنی طلب سے سوا چاہیے
آپ جیسے ہیں ویسی عطا چاہیے
کیوں کہوں یہ عطا وہ عطا چاہیے؟
ان کو معلوم ہے ہم کو کیا چاہیے
اک قدم بھی نہ ہم چل سکیں گے حضور!
ہر قدم پر کرم آپ کا چاہیے
عشق میں آپ کے ہم تڑپتے تو ہیں
ہر تڑپ میں بلالی ادا چاہیے
اور کوئی بھی اپنی تمنا نہیں
ان کے پیاروں کی پیاری ادا چاہیے
اپنے قدموں کا دھوون عطا کیجیے
ہم مریضوں کو آبِ شفاء چاہیے
دردِ جامی ملے، نعت خالدؔ لکھوں
اور اندازِ احمد رضا چاہیے

شاعر: خالد محمود نقشبندی

اہم اعلان

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبر شپ اگست 2022 سے اپریل 2023 تک جاری کی جائے گی۔ جس کی رقم عام ڈاک سے 730 روپے، رجسٹرڈ ڈاک سے 1000 روپے اور TCS ممبر شپ کیلئے صفحہ نمبر 2 ملاحظہ فرمائیں۔ ☆عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔ رابطہ 0322-4773786

جن ممبران کو عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی شکایت رہی ہے ان سے مودبانہ گذارش ہے کہ وہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کی فیس جمع کروائیں۔ نوٹ فرمالیں۔

اداریہ

سنہری باتیں

مولانا علی آفاق
مدیر: ماہنامہ خزینہ روحانیات

محترم قارئین! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

جولائی کا ماہ شروع ہے۔ موسم شدید حبس، سخت بے حالی اور پریشانی کا ہے۔ مگر خدائے بزرگ وبرتر کے ہر موسم میں بندہ کم علم کے لئے حکمتیں پوشیدہ اور پنہاں ہیں۔ ان حالات میں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر غور وفکر کرنا اور اس کی رضا پر راضی رہتے ہوئے زندگی کو اس کے محبوب ﷺ کی مبارک اور پاکیزہ زندگی کو اوڑھنا بچھونا بنانے کی جستجو اور کوشش میں لگے رہنا اور آگے سے آگے بڑھتے چلے جانا ہی ہماری کامیابی اور عظمت کی دلیل ونشان بنے گا۔

ہر لحظہ یہ خیال کہ میرا اللہ مجھ سے کیا چاہتا ہے؟ اس پیارے خداوند قدوس کی چاہت میں اس کی محبوب ﷺ کی ادا کو اپنا لینا ہی کامیابی کی سیڑھی اور کامیابی کی کنجی ہے۔

ظاہری اعمال کی درستگی کے ساتھ باطنی اوصاف سے مزین ہونا بھی ضروری ہے۔ ظاہری آلائشوں سے پاکیزہ ہونے کے ساتھ باطنی آلائشوں، غلاظتوں سے پاک وصاف ہونا بھی ضروری ہے۔

جب تک میں خود سے ابتداء کرکے اپنے گھر بار، اہل خانہ، کی فکر کرتے ہوئے پوری امت محمدیہ ﷺ کی صلاح وفلاح کو مدنظر رکھ کر زندگی کا پورا نقشہ نہیں طے کروں گا۔ میرے حالات کے ساتھ میرے ماحول کی تبدیلی ناممکن ہے۔ گھر کے حالات بدلے بغیر ماحول ومعاشرے، بازار، کاروبار اور ملازمت سمیت حکومت کے تمام معاملات کی درستگی دیوانے کا خواب ہوسکتا ہے۔ حقیقت ہرگز نہیں ہوسکتی۔ لہٰذا پائیدار امن، پائیدار ایمان کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ خدا کا خوف کہیں یا تقویٰ کا دل میں گھر کر جانا دونوں چیزوں کے بغیر حالات کا یکسر یا مکمل تبدیل ہوجانا، انقلاب آجانا، محبت، سکون، عافیت، برکت، الغرض، عزت اور خوشحالی نا صرف ناممکن ہے بلکہ محبوب ﷺ کی طرز زندگی اور محنت سے بھی اس کا ثبوت نہیں ملتا ہے۔ لہٰذا معاشرے کے مفید فرد کی مانند زندگی گزارتے ہوئے حالات، ماحول، معاشرے میں ایسے افراد کی تیاری یقینی بنائی جانا ضروری ہے کہ وہ اس دنیا کو حقیقی آنکھ سے دیکھنے کی صلاحیت کے ساتھ اس کو کھیل کود یا دھوکے سے زیادہ اہمیت دینے کے لئے تیار نا ہو۔ بلکہ اس دھوکے کے گھر میں رہتے ہوئے اس دنیا کی آلائشوں اور غلاظتوں سے دور رہ کر دنیا میں آمد کا مقصد پوری طرح مدنظر رکھ کر زندگی خود گزاریں اور امت کو اس مقصد کی طرف متوجہ کرنے کے ساتھ اس مقصد کیلئے کھڑا ہونے اور کھڑے کرنے کی محنت کو اپنا مقصد حیات بنا کر کرنے والے بن جائیں۔ باقی رہا روحانی حالات ان کی درستگی کے لئے ہمارے ادارے سے علاج، حصار، حفاظت، تحفظ، دفاع حاصل کریں۔ تاکہ آئندہ شیطان صفت لوگ ناکام اور آپ اس مختصر سی زندگی میں عافیت وسکون کے ساتھ زندگی گزار کر سرخرو ہوسکیں۔ لہٰذا قدم بڑھائیں کہیں دیر نا ہوجائے۔

تصوف سلطان العارفین شیخ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کی نظر میں

شیخ الطریقت حضرت مولانا ڈاکٹر محمد ادریس حفظہ اللہ

شیخ جنیدؒ گروہ صوفیہ کے سردار اور بڑے زبردست عالم، فقیہ، صوفی اور خطیب تھے۔ تصوف کی پوری تاریخ پر ان کے زبردست اثرات ہیں۔ انہوں نے تصوف کو ایک نئی جہت عطا کی اور تصوف کو ایسا رخ اور منہاج دیا کہ بعد میں بعض بے اعتدالیوں کے باوجود متفقہ طور پر تمام صوفیہ دائرہ شریعت سے باہر نہ جا سکے اور تصوف کی اس حقیقت کو مبرہن کرتے رہے کہ تصوف شریعت سے ماوراء کچھ نہیں ہے۔ جو کچھ ہے، شریعت کے دائرے میں ہی ہے۔

تصوف کا یہ جنیدی منہاج شیخ جنیدؒ کی شخصیت اور ان کے تصورات کا آئینہ دار ہے۔ انہوں نے شریعت کو بہ ہر صورت اولیت دینے اور شریعت کی پابندی کو طریقت کی اصل بنانے میں سب سے اہم کردار ادا کیا ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ اس میں دیگر صوفیہ کا عمل بالکل نہیں ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ بہت سے صوفیہ نے اس کے لئے کوشش کی لیکن مجموعی طور پر شیخ جنیدؒ کی کاوشیں زیادہ ہیں اور انہوں نے جس زور وقوت اور معقولیت کے ساتھ شریعت کو طریقت پر اولیت اور شریعت کو تصوف کی روح قرار دیا ہے، اس کے اثرات زیادہ ہے۔

تصوف کی تاریخ باضابطہ بغداد میں عہد عباسیہ سے شروع ہوتی ہے لیکن تصوف کے افکار پہلی صدی سے پروان چڑھنے لگے تھے۔ چنانچہ بہت سے صحابہ کرامؓ میں ایسے افکار موجود تھے جو بعد میں تصوف کے ارتقاء کے عوامل بنے۔ اور صحابہ کرامؓ کا عمل تو بعد میں ہے، خود قرآن حکیم میں ایسی بے شمار آیات ہیں جو صوفیہ کیلئے ہدایت نامہ ہیں۔

چنانچہ قرآن پاک میں بہت سے ایسے اوصاف بیان ہوئے ہیں جو صوفیہ کے یہاں خصوصی اہمیت کے حامل ہیں۔ اس طرح بہت سی آیات ہیں جو ان کے افکار لئے بنیاد فراہم کرتی ہیں۔ صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ کے دور میں بعض حضرات ان آیات اور ان اوصاف کو خصوصی اہمیت دینے لگے اور پھر بتدریج ان کی ترجیحات بعض معاملات میں دوسرے مسلمانوں سے الگ ہوگئیں۔

کبار تابعینؒ میں حضرت حسن بصریؒ ایسی شخصیت ہیں، جنہوں نے ایک سرگرم پر عملی زندگی گذارنے کے بعد اپنی زندگی کی ترجیحات تبدیل کیں اور بعض ایسے اعمال جن کو وہ اولین ترجیح دیتے تھے، ان کی جگہ بعض دوسرے ایسے اعمال کو ترجیح دینے لگے جو صوفیہ کے لئے بنیاد بنے۔

صوفیہ کہتے ہیں کہ ان کے افکار کا سلسلہ حضرت حسن بصریؒ سے حضرت علیؓ تک پہنچتا ہے اور ان سے جناب رسول اللہ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک۔ حضرت حسن بصریؒ مفسر اور محدث کی حیثیت سے مشہور ہیں۔ ان کے تلامذہ میں بعض تو بڑے محدث ہیں اور بعض ایسے ہیں جنہوں نے علم وفضل کی روایت کے بجائے زہد وعبادت کی روایت اختیار کی، زندگی کی آسائشوں کو ترک کیا، سادہ لباس اختیار کیا اور لوگوں سے میل جول رکھنے میں بھی بہت فراخ نہ تھے جیسے فرقہ سنجی وغیرہ۔

حضرت حسن بصریؒ کے عہد تک ایسے لوگ زہاد یا عباد یا بکائین (بہت رونے والے) کہلاتے تھے اور اس وقت یہ کوئی روایت بھی نہ بنی تھی، لیکن ان کے تلامذہ میں یہ مستقل روایت بن گئی اور ان کے تلامذہ میں سے کچھ اسی کے علم بردار بن گئے۔ سادہ لباس میں اکثر اُون کا لباس پہننے لگے جو اس وقت غریبوں کا لباس سمجھا جاتا تھا۔

حسن بصریؒ کے تلامذہ دوسری صدی کے زہاد میں شمار ہوتے ہیں۔ اس صدی میں بعض اور لوگوں نے بھی اس روایت کو فروغ دیا اور تصوف کے افکار میں انفرادیت پیدا ہونی شروع ہوئی۔ مثلاً اس عہد میں لفظ محبت کا اطلاق زیادہ بڑھ گیا اور اتباع شریعت میں جو محبت

(بقیہ ص 16)

رزق اور اس کی قسمیں

حضرت عبدالحمید ہاشمی ظلہٗ (ملتان)

اللہ جل شانہ نے ہر بندہ کا رزق اپنے ذمہ لیا ہے، وہ اس دنیا سے اس وقت تک نہیں جائے گا جب تک وہ اپنے نصیب کا رزق کھا نہیں لیتا۔

1۔رزق مقسوم۔2۔رزق مذموم۔3۔رزق مملوک۔4۔رزق موعود

وہ رزق جو روز ازل سے لوح محفوظ پر لکھ دیا گیا ہے اسے رزق مقسوم کہا جاتا ہے اور اس میں کمی وبیشی نہیں ہوسکتی ہے۔

رزق مذموم سے مراد وہ رزق ہے جو زندگی کی ضروریات پوری کر لینے کے بعد جمع کیا جائے۔

رزق مملوک وہ رزق ہے جو زندگی کی ضروریات پوری کر لینے کے بعد جمع کیا جائے۔

رزق موعود وہ رزق ہے جس کا اللہ جل شانہ نے اپنے نیک بندوں سے وعدہ کیا ہے اور اس رزق کا ملنا ضروری ہے۔ جیسا کہ باری تعالیٰ کا فرمان ہے کہ میں اس جگہ سے تمہیں روزی دیتا ہوں جس کا تمہیں گمان تک نہیں ہوتا۔

جو شخص اپنے رزق مقسوم پر راضی ہوا۔ وہ دراصل دھنی ہے اور جس نے صبر وشکر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا وہ حقیقت میں غنی ہے۔

دنیا کچھ لوگوں کے لئے سرائے ہے اور کچھ لوگوں کیلئے تجارت گاہ اور بعضوں کیلئے عزت وشہرت حاصل کرنے کی جگہ اور بعض لوگوں کیلئے عیش وعشرت کا گھر۔ چنانچہ ہر فرد اپنی سوچ کے مطابق دنیا سے دلچسپی رکھتا ہے۔

جناب حضرت مالک بن دینارؒ نے ایک دفعہ حضرت امام حسنؓ سے دریافت کیا کہ دنیا کا عذاب کیا ہے؟ آپؓ نے جواب دیا، دل کا مر جانا۔ دوبارہ پوچھا کہ مرجانا کیا ہوتا ہے؟ جواب میں فرمایا دنیا میں دل لگانا۔ پھر پوچھا کہ دل لگانا کیا ہوتا ہے؟ اور یہ دنیا کیا ہے؟ آپؓ نے جواب دیا خانماں برباد لوگوں کی سرائے۔ یہ حال صرف ان لوگوں کا ہے جو ہمیشہ دنیا حاصل کرنے کیلئے سرگرداں اور پریشان ہوں اور دولت جمع کرنے کی دھن میں مگن ہوں اور جس میں عقل کا سایہ تک موجود نہ ہو۔ دنیا میں جس کو رزق مقسوم ملا۔ وہ دھنی ہے اور جس کو دنیا فانی میں رزق مذموم ملا اور اس نے صبر وشکر سے گزار دیا وہ غنی کہلایا۔ جس کو دنیا فانی میں رزق مملوک ملا اس کے لئے دنیا میں آسائش ہے اور وہ تونگر بنا۔ مگر آخرت میں حساب وکتاب دینا ہوگا۔ جس کو دنیا فانی میں رزق موعود ملا اور وہ ہنسی خوشی اپنا وقت گزار کر دنیا سے روانہ ہوا۔ وہ اللہ جل شانہ کا شکر گزار بندہ کہلایا۔ اس نے اللہ تعالیٰ کی تقسیم کا کبھی لوگوں سے گلہ شکوہ نہیں کیا۔

حضور نبی اکرم ﷺ کا فرمان ہے کہ جاہل کا دل منہ میں ہوتا ہے اور اپنی جہالت کی وجہ سے بے دریغ بولتا ہے۔ اس کے نزدیک ادب واحترام کی کوئی چیز نہیں ہوتی۔ جبکہ عقلمندوں کا منہ دل میں ہوتا ہے۔ اول تو وہ خاموش رہتے ہیں اور ضرورت پڑنے پر کم بولتے ہیں اور گفتگو کا آغاز یاد اللہ سے کرتے ہیں اور اپنے آقا پر درود وسلام بھیجتے ہوئے بات کرتے ہیں۔

ابوجہل نے حضور نبی اکرم ﷺ کو کیا دیکھا، صرف حضرت محمد بن عبداللہ اور ہم نے آپ کو کیا دیکھا، جناب حضرت محمد ﷺ بطور رسول اللہ اور کلمہ پڑھا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور ہم ایمان کی دولت سے نواز دیئے گئے۔

حکم الٰہی ایک فیصلہ ہے اور فیصلہ فرض ہے اور پیروی کئے جانے کے لائق سنت ہے۔

جب کبھی آپ کے پاس انصاف کیلئے کوئی مسئلہ لایا جائے تو سوچ سمجھ کر قرآن وسنت کے مطابق فیصلہ کرو۔ ایسا فیصلہ قطعی بے سود ہے جسے نافذ نہ کیا جاسکے۔ انصاف کرتے وقت لوگوں میں برابری کا خیال رکھو تاکہ امیر تاجر بے جا حمایت کا لالچ نہ رکھے اور غریب تمہارے انصاف سے ناامید نہ ہوں۔ مدعی کے ذمے ثبوت مہیا کرنا اور مدعا علیہ کے ذمے قسم ہوتی ہے۔ اگر ایک مرتبہ آپ فیصلہ کر چکے ہوں تو کل اس فیصلہ پر عملدرآمد میں رکاوٹ نہ بنو۔ جو چیز تمہیں قرآن وحدیث میں نہ ملے اور وہ آپ کے دل میں کھٹکتی ہو تو اس کو بھی رائج نہ کرنا۔ ایسا نہ ہو کہ جو کام ایک بار شروع کر دیا گیا وہ ہمیشہ کے لئے قانون بن جائے اور روز جزاء اس کی پرسش ہو اور آپ کو ندامت اٹھانا پڑے اور تم سزا کے مستحق بن جاؤ۔

(بقیہ ص 29)

اصلاح کا آسان نسخہ

شیخ العرب والعجم حضرت مولانا شاہ حکیم محمد اختر رحمہ اللہ

مجوزہ حکیم الامت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

(نظم کنندہ احقر اختر غفرلہٗ)

مخاطب ہے میرا وہ گم کردہ راہ	جسے یاس نے کر دیا ہو تباہ
جسے آہ! ہمت دوا کی نہ ہو	سکت جس میں پرہیز کی بھی نہ ہو
وہ مایوس بندہ یہ مژدہ سُنے	بڑے عارف حق کا نسخہ سُنے
وہ جو تھے مجدد و غوث زماں	وہ تھانہ بھون کے حکیم زماں
رہے عشق حق میں شب و روز مست	ہمیشہ رہا نبض امت پہ دست
ہوا ہر گرفتار آزار سخت	تری صحبت پاک سے نیک بخت
جنہیں رات دن فکر ملت کی تھی	بڑی فکر اصلاح امت کی تھی
وہ مولائے اشرف علی شاہ دیں	دکھاتے رہے عمر بھر راہ دیں
انہی کا یہ نسخہ ہے اصلاح کا	خدا سے فقط ہے وہ الحاح کا
ہے نسخہ بہت سہل و آسان سا	کرے نفس بد کو جو بے جان سا
وضو کر کے دو رکعتیں تم پڑھو	نیت اس میں توبہ کی کر کے پڑھو
دعا کے لئے ہاتھ کو پھر اٹھا	خدا سے تو رو کر کرے التجا
الٰہی گنہ گار بندہ ہوں میں	سراپا بُرا اور گندہ ہوں میں
بہت سخت مجرم کمینہ ہوں میں	گناہوں کا گویا خزینہ ہوں میں
نہ قوت گناہوں سے بچنے کی ہے	نہ ہمت عمل نیک کرنے کی ہے
ترا ہو ارادہ اگر اے کریم	تو ہو پاک پل میں یہ بندہ لئیم
تو ہی غیب سے کوئی سامان کر	گناہوں سے بچنے کو آسان کر
ارادے مرے نیک اعمال کے	حوالے ہوئے نفس کی چال کے
اگر تیری توفیق ہو چارہ گر	تو پھر نفس و شیطان سے کیا مجھ کو ڈر
میں بندہ ترا ہوں محض نام کا	بنا دے کرم سے مجھے کام کا
تلون مزاجی مری ختم کر	مرے عزم کو تو عطا جزم کر
عطا کر مجھے ذرہ درد دل	ترا درد ہو جائے یہ آب و گِل
رہ غیب سے کر مری رہبری	تری بندگی سے ہو عزت مری
دکھا غیب سے مجھ کو راہ نجات	پلا اپنے مردے کو آب حیات
کرم سے خطاؤں کو تو عفو کر	گناہوں کے انبار کو محو کر
یقیناً گنہ مجھ سے ہوں گے ضرور	کرا لوں گا پھر عفو اپنا قصور
غرض روز اس طرح اقرار ہو	ندامت کا ہر روز اظہار ہو
عجب کیا بہت جلد ان کا کرم	ہدایت کا سامان کر دے بہم
عطا کر دے قوت تجھے غیب سے	ہو نصرت تری پردۂ غیب سے
نہ بٹہ لگے گا تری شان میں	نہ فرق آئے گا کچھ تری آن میں
اگر جسم تیرا ذرا ہو علیل	حکیموں کی سنتا ہے تو بے دلیل
دوا تلخ سے تلخ پیتا ہے تو	خوشامد طبیبوں کی کرتا ہے تو
مداوائے تن میں تو چست ہے	مگر فکر ایمان میں کیوں سُست ہے
تری عقل دنیا میں کیا گر گئی	مگر دین میں وہ کہاں مر گئی
نہ خود اپنی جو فکر درماں کرے	خدا کیا ہدایت چسپاں کرے
بڑے شرم کی بات ہے دوستو	کہ اتنی بھی ہمت نہ تم کر سکو
اگر یونہی غفلت میں گذری حیات	نتیجہ بُرا ہو گا بعد الممات

ہو سہل اس سے صورت کوئی آہ کیا
بھلا اس سے آسان ہو راہ کیا

** یہ نظم حکیم الامت مولانا تھانوی نور اللہ مرقدہ کے وعظ ”ملت ابراہیم“ ص ۴۸ کا چربہ ہے، جو کئی مرتبہ طبع ہو چکا ہے۔ حضرت اقدس پھولپوریؒ کو تھانہ بھون میں موصول ہوا۔ اسی وقت حضرت والاؒ نے احقر کو حکم دیا کہ اسے نظم کر ڈالو۔ حضرت والا نے اور دوسرے اکابرین نے اس نظم کو بہت پسند فرمایا، اس لئے ہدیۂ ناظرین ہیں۔

** پہلا شعر مولوی ظہور الحسن صاحبؒ، مہتمم خانقاہ تھانہ بھون کا ہے۔

ماہنامہ خزینہ روحانیات
9
جولائی 2022ء
تحفہ مشکل کشاء (حل المشکلات حاجت روائی حصہ دوم)
صفحات: 616
نئی کتاب
یہ مجرب اسرار مخفی وظائف عملیات وتعویذات کا مخزن عظیم نسخہ اولیاء اللہ کی مشہور نایاب ونادر کتابوں اور قدیم قلمی نسخوں سے ماخوذ ہے جو کہ حل المشکلات اور حاجت روائی کے لیے تیر بہدف آزمودہ اور پرتاثیر ہے۔
ترتیب صوفی محمد اسلم
عام قیمت: 500 روپے
شیطان کے وار سے بچاؤ کیلئے ● بسم اللہ کے خواص ● دلی حاجت روائی کیلئے ● بخار کا تعویذ ● دشمن کے شر سے بچاؤ ● غربت سے نجات ● دکان خوب چلے ● جلد مالدار ہو جائے ● کبھی گھر میں فاقہ نہ ہو ● افسر مہربانی سے پیش آئے ● دشمن پر غلبہ کیلئے ● ہمسایہ تنگ نہ کرے ● قید سے جلد رہائی ● مشکل کام میں آسانی ● بلڈ پریشر اور شوگر میں شفاء ● مراد جلد پوری ہو جائے ● دردِ شقیقہ سے نجات ● تنگدستی کا خاتمہ ● بیماری میں شفاء کیلئے ● کسی کا محتاج نہ رہے ● اولاد نرینہ کیلئے ● حاکم مہربانی کرے ● بگڑا کام سنور جائے ● ملازمت پر بحالی ● دشمن کے دل پر ہیبت ڈالنا ● بواسیر کا علاج ● روزگار میں اضافہ ● جلد شادی کیلئے ● لوگوں میں ممتاز ہونا ● درازی عمر کیلئے ● درود شریف سے مشکل کشائی ● رزق کی تنگی سے نجات ● بے روزگاری کا خاتمہ ● دانت کا شدید درد ● لقوہ کا علاج ● آنتوں کی ٹی بی کا علاج ● کمر درد سے نجات ● دل کی تکلیف۔
0332-4487877, 042-35410586
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
+maktabatulaarif
شمع شبستان اولیاء
صفحات: 718
نئی کتاب
روحانی، جسمانی امراض، جادو، آسیب، جنات، نظر بد، محبت وعداوت وغیرہ موضوعات پر مستند مجرب، عملیات وتعویذات کا لاجواب شاہکار
مرتب: مفتی محمد شاکر القادری
عام قیمت: 600 روپے
اعداد بسم اللہ ● رنگ اور موکل ● ستارہ معلوم کرنے کا طریقہ ● شادی کیسی رہے گی؟ ● اولاد کیوں نہیں ہوتی؟ ● حمل کیوں نہیں ٹھہرتا؟ ● مریض ٹھیک ہوگا یا نہیں؟ ● بیمار یا غائب کا حال معلوم کرنا ● کس دن کام شروع کرو ● مقدمہ میں کون غالب ہوگا؟ ● دفینہ ملے گا یا نہیں؟ ● چور گھر کا ہے یا باہر کا؟ ● جادو کس طرح ہوا ہے؟ ● شیشے پر حاضرات ● نقش میں ناموں کا لینا ● ہارٹ اٹیک سے حفاظت کیلئے ● تسخیر حکام وفتح مندی مقدمہ ● مکان خالی کرانا، فروخت کرنا ● نکاح، رشتہ صالحہ کا آسان عمل ● طلاق یافتہ کی دوبارہ شادی ● شادی میں جنات کی رکاوٹ ● خوبصورت بچہ پیدا ہونے کیلئے ● ترقی روزگار بند کاروبار چلانا ● فراخی روزگار ● ادائے قرض وحصول دولت ● چراغ محبت ● دشمن کی دولت برباد ● دشمن ذلیل وخوار ● زبان بندی مجلس ● خلاصی جن وآسیب ● دفع نشہ ● دفع سحر ● اپنی اور مکان کی حفاظت کا حصار اور ہزاروں اعمال اس کتاب میں ہیں۔
0332-4487877, 042-35410586
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
+maktabatulaarif
شوگر کی بیماری علاج اور حفاظتی تدابیر
صفحات: 236
نئی کتاب
مصنف: سکواڈرن لیڈر (ر) غلام عباس
عام قیمت: 475 روپے
شوگر (ذیابیطس) کیوں ہوتی ہے؟ ● خون میں شوگر کی مقدار اور شوگر ٹیسٹ ● ٹائپ 1 شوگر ہونے کی وجوہات ● حمل کے دوران شوگر کی وجوہات ● انسولین کے بارے میں مکمل معلومات ● انسولین کے عمل کا چارٹ ● انسولین کی طاقت ● جسم میں انجیکشن لگانے کے مقامات ● انسولین پمپ ● انسولین کا استعمال بغیر ٹیکے کے کرنے کے لیے ریسرچ ● انسولین کو استعمال کرنے کیلئے منصوبہ بندی ● شوگر کو اپنے ٹارگٹ کے اندر رکھنا ● اپنی شوگر خود چیک کرنے کے مقاصد اور فوائد ● بلڈ شوگر کی نشانیاں ● پیشاب میں شوگر کا ٹیسٹ کرنے کے سٹرپس ● شوگر کی انتہائی نگہداشت ● شوگر کو بہت زیادہ کنٹرول میں رکھنے کا طریقہ کار ● صحت بخش کھانوں کی منصوبہ بندی ● ورزش شروع کرنے سے پہلے کے اقدامات ● حاملہ خواتین کے لیے ورزش کے بارے میں خصوصی ہدایات ● شوگر سے متعلقہ مسائل اور ان سے بچاؤ ● شوگر اور ازدواجی زندگی ● شوگر کی بیماری کے ساتھ زندگی گزارنا ● گھریلو زندگی اور شوگر کا تعلق ● شوگر کی بیماری آپ کی عملی زندگی اور روزمرہ کے معمولات ● شوگر کا ہومیوپیتھی کے ذریعے علاج ● شوگر کا روحانی علاج ● روزہ اور شوگر کا مریض ● طب جدید میں شوگر کا علاج ● ماہواری اور شوگر کا تعلق۔
0332-4487877, 042-35410586
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
+maktabatulaarif
اعمال رضا
مرتب قاضی محمد عبدالرحیم بستوی
عام قیمت: 400 روپے
صفحات: 142
☆ باب الاستخارہ وزیارۃ النبی ﷺ ☆ بلندی منصب وتسخیر ☆ باب الحب ☆ باب العداوت ☆ باب جمیع الحاجات ☆ دفع آسیب وسحر ☆ باب النساء (عورتوں سے متعلق) ☆ باب الاطفال (بچوں سے متعلق) ☆ باب النظر ☆ باب الآلام والاوجاع والاورام ☆ باب الحمی (بخار، جوڑی) ☆ باب نزلہ وزکام وکھانسی وامراض صدر ☆ باب صروع وپیتہ (مرگی) ☆ باب دردسر ودرد شقیقہ ☆ باب جنون ☆ باب فالج لقوہ ☆ باب طاعون ودیگر وبا ☆ باب چشم ☆ دفع ہم وغم ☆ بدخوابی ومتعلق خواب ☆ درد ناف ☆ برص ویرقان ☆ رزق وبرکت ☆ ادائے دین ☆ خلاص محبوس ☆ حفاظت مال ☆ للبرکۃ فی الزرع ولحفظہ من کل آفۃ ☆ کامیابی امتحان ☆ عرق النساء ☆ سنگ مثانہ وگردہ ☆ حیوانات ☆ مجرب نقوش ودعائیں ☆ چہل کاف شریف ☆ دعائے ود (دس) کاف ☆ فوائد نادلی۔
مصباح الجفر
مصنف: سید ناظر حسین شاہ
عام قیمت: 450 روپے
صفحات: 264
☆ لسان الغیب ☆ اصطلاحات علم جفر ☆ ابجدی قمری کے ذریعہ سائل کے عام حالات معلوم کرنا ☆ ابجد شمسی کے ذریعہ سائل کے مالی حالات کا استخراج ☆ ابجد اجذش کے ذریعہ سائل کی نقل وحرکت، تعلقات، ہمشیرہ برادر اور تعلم سے متعلقہ حالات کا استخراج ☆ ابجد اعظم کے ذریعہ املاک وسکونت سائل سے متعلقہ حالات کا استخراج
0332-4487877, 042-35410586
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
+maktabatulaarif
https://bit.ly/3reiCja
مکتبہ العارف سے مختلف موضوعات پر اسلامی کتب ورسائل آن لائن خرید یں

ماہنامہ خزینہ روحانیات
10
جولائی 2022ء
محفل حاضرات
صفحات 256
عام قیمت 450 روپے
مصنف: ملازم حسین
روحانی قوتیں بڑھانے کے اعمال اور طریقے ● برائے کشف ● برائے روحانی ترقی ● برائے کشف قلب ● اسرار عجیبہ ● تسخیر خلائق ● حاجت پوری ہونے کا عمل ● بچہ بستر پر پیشاب نہیں کرے گا ● چوپائے کو مطیع کرنا ● بڑھاپے کی روک تھام کے لئے ● جعلی حاضرات ● سرکل یا حلقہ بنانا اور روحوں کو بلانا ● بزرگوں کی ارواح سے ملاقات کرنے کا عمل ● روح سے خواب میں ملاقات کرنا ● ملاقات حضرت خضر علیہ السلام ● کشف القبور کے مجرب اعمال ● روح سے کلام ● مردہ یا زندہ شخص سے خواب میں ملاقات ● حاضرات کھولنے کا نایاب عمل ● ایک نابینا عالم کی حاضرات ● حاضرات نادعلی ● حاضرات شاہ رکن عالم ● عمل ہمزاد ● حاضرات سورہ نوح کا تین روزہ عمل ● صدری حاضرات ● حاضرات نادعلی کبیر ● حاضرات (جنات) ● ہمزاد سے باتیں کریں ● حاضرات موکل ● حاضرات بذریعہ ہمزاد ● حاضرات کا سرتاج عمل ● حاضرات چاروں قل شریف ● جنات جلانے کا نایاب عمل ● حاضرات نیلم پری ● حاضرات سورۃ فیل ● حاضرات سورۃ یٰسین شریف۔
0332-4487877, 042-35410586
+maktabatulaarif
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
کائنات حاضرات
صفحات 264
عام قیمت 700 روپے
مصنف: قیصر احمد بی اے
● تقریظ نور عالم ● تسخیر ہمزاد ● حاضرات برائے ارواح ● حاضرات جام جہاں نما ● حاضرات سفلی ● حاضرات الجنات ● ہمزاد کا باب ● خزینہ و دفینہ معلوم کرنے و نکالنے کا باب ● کشف قلوب و قبور کا باب ● تسخیر پریاں ● حصار ● حاضرات ریس وانعامی بانڈز ● حاضرات دریان حاضرات قل ھواللہ شریف ● حاضرات الجن ● حاضرات سیارگان ● دوسروں کے ہمزاد کو قابو کرنا ● برائے کشف در خواب ● تسخیر شیخ سدو ● برائے کشف والہام ● زبان کا غسل ● انکشاف خزانہ غیب و دفینہ ● ہوا سونگھ کر جادو کا پتہ چلانا ● حاضرات نورانی موکل ● تسخیر ہمزاد کا مجرب عمل ● حاضرات حضرت خضر علیہ السلام (حل المشکلات) ● عمل تسخیر موہنی ● تسخیر محبوب شرطیہ عمل ● محبوب کو علیحدہ کرنے کی ترغیب ● تسخیر ہمزاد کا تین روزہ مجرب عمل ● حاضرات حضرت فاطمہ زہرا ● تسخیر جمیلہ پری ● انسان کا سب کے سامنے سے غائب ہوجانا ● مردوں کی روحوں کو بلانا اور ملاقات کرنا ● برائے جادو سحر آسیب جنات ● ہر بیماری کے لیے نقش پنجتن پاک ● دفع جنات کے لیے سورۃ الجن کا نقش ● جن وشیاطین جلانے کا مجرب ترین عمل ● تسخیر ہمزاد تین روزہ آزمودہ شدہ عمل ● کراماتی حاضرات ● موکل یا جنات حاضر ہوکر بات کریں ● تسخیر ملکہ نازوش پری ● کشف ملاقات مرشداں ● عمل استخارہ ● روحانی مخلوق سے ملاقات ● جنوں کے بادشاہ کو حاضر کرنا ● جنات کو تسخیر کرنے کا ایک روزہ عمل ● پوشیدہ مخلوق کو دیکھنا ● طلسم برائے انعامی سکیم۔
0332-4487877, 042-35410586
+maktabatulaarif
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
حاضرات کی دنیا
صفحات 304
عام قیمت 500 روپے
مصنف: قیصر احمد بی اے
● حاضرات سفلی ہر یارام ● حاضرات چوری کی گئی شے کی دستیابی و چور کی گرفتاری ● حاضرات سحر و تشخیص الامراض ● حاضرات کل عالم وکل شہنشاہ و جنات ● حاضرات بادشاہ ملک قیقلوش ● حاضرات بادشاہ بکتانوش ● چور کو تکلیف دینا اور اس سے مال واپس لے کر آنا ● عمل گرفتاری چور ● حاضرات اندرونا منڈا اور پدرونا منڈا ● حاضرات سحر گلاب ● عزیمت احضار جن وشیاطین ● حاضرات بھن سرادہ ● حاضرات سید الشہداء علیہ السلام ● حلقہ عالم دوام حاضرات حاضر شو بحق بدیع السموات ● حاضرات برائے جنات ● حاضرات سورۃ کوثر ● نایاب حاضرات ● مردان غیب ● جام جمشید یعنی آئینہ سکندری تیار کرنے کا طریقہ ● حاضرات کا طلسی کاجل ● حاضرات منگلا چماری (تسخیر) ● تسخیر ہمزاد (ایک روزہ) ● تسخیر ہمزاد ● حضوری موکل ● عمل ابلیس (سہ روزہ) ● تسخیر جن (ایک روزہ) ● حاضرات کا جادوئی آئینہ ● ہر قسم کی باتیں معلوم کرنے کے لیے بے نظیر ہے ● شیشہ کی حاضرات ● حاضرات کی جادوئی انگوٹھی ● حاضرات کا جنتر ● حاضرات کا منتر ● حاضرات سفلی، ریس، سٹہ انعامی بانڈز و دیگر بین الاقوامی لاٹریاں ● حاضرات دستگیری ● حاضرات سورۃ عنکبوت ● حاضرات نور الہدیٰ ● حاضرات مقربین ● پریوں کی حاضرات ● شاہ جنات سے ملاقات ● حاضرات بڑوں اور چھوٹوں پر یکساں کارآمد ● حاضرات چہل کاف ● حاضرات حضرت خضر علیہ السلام ● برائے حفاظت جنات ● تسخیر کالا دیو۔
0332-4487877, 042-35410586
+maktabatulaarif
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
عالم حاضرات
صفحات 258
عام قیمت 700 روپے
مصنف: قیصر احمد بی اے
● نورانی اعمال حاضرات ● متفرق نورانی اعمال حاضرات ● حاضرات برائے ارواح ● حاضرات برائے جن و پری و پری زاد ● ہمزاد کو حاضر کرنے کے نایاب اعمال ● چوری، دفینہ، خزانہ اور گمشدہ کا سراغ ● متفرق طلسماتی حاضرات ● سفلی حاضرات ● علاج بذریعہ حاضرات ● روحانی قوت بیدار کرنے کا عمل ● رجعت سے رہنے محفوظ رہنے کے نایاب اعمال ● حاضرات کی جادوئی سیاہی ● اعلیٰ قسم کی خوشبودار اگربتی ● حاضرات اسم ذات اللہ ● حاضرات کلمہ طیبہ عمل حاضرات اسم یالطیف ● حاضرات موکل یابدوح یالطیف ● حاضرات اسم باسط ● باطنی نگاہ کھولنے کے مجرب اعمال ● شیطان کی بیٹیوں سے خدمت لینا ● حاضرات برائے بازیابی چور ● تسخیر ہمزاد ● پانچ منٹ میں ہمزاد حاضر ● حاضرات حضرت سلیمان علیہ السلام ● عمل کشف القبور ● حاضرات سورۃ کوثر ● حاضرات سورۃ رحمان ● حاضرات سورۃ مزمل ● حاضرات سورۃ جن ● حاضرات اللہ الصمد ● حاضرات شاہ رکن عالم (نایاب حاضرات) ● حاضرات بادشاہ بکتانوش ● جنات سے دوستی ● حاضرات کی طلسماتی انگوٹھی ● حاضرات شاہ پری (بذریعہ سورۃ طارق) ● دریافت دفینہ و خزانہ غیب ● اگر حاضر کرنا ہو محبوب کو۔
0332-4487877, 042-35410586
+maktabatulaarif
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
مکتبہ العارف سے عملیات/تعویذات/وظائف اور دیگر روحانی علوم پر کتب و رسائل آن لائن خرید یں
https://bit.ly/3reutxX

روحانیات و تصوف

قیصر احمد بی اے (کراچی)

غم عشق

عاشق کی ہر بات جدا، ہر ادا نرالی ہوا کرتی ہے۔ یادِ معشوق ستائے تو وہ جنون میں نہ جانے کیا کیا کرنے لگ جاتے ہیں۔ مجنوں کی مثال لے لیجیے۔ جھلس دینے والی دھوپ اور آگ کی طرح گرم ریت پر بیٹھا انگلیوں کے قلم سے لیلیٰ کا نام بار بار لکھتا اور سکون محسوس کرتا تھا۔ لوگ پوچھتے تھے:

''ارے پاگل! تو عجیب دیوانہ ہے، یہ ریت کے اوراق پر خط لکھتے رہتے ہو؟ وہ یہ سن کر مسکراتا اور ایک عجیب نشان بے نیازی سے آنکھوں میں آنسو بھر کر جواب دیتا ہے۔

''مجھے جب لیلیٰ کی جدائی اور فراق کا غم ستاتا ہے تو ریت پر اس کا نام بار بار لکھ کر غمزدہ دل کو سکون اور اطمینان پہنچاتا رہتا ہوں''۔

یہ تو تھا لیلیٰ کا عشق، عشق مجازی، جس کا اثر یہ تھا پس ثابت ہوا کہ اپنے رب کا عشق، خالق و مالک کا عشق، عشق حقیقی لیلیٰ مجنون کے عشق مجازی سے کم کیسے ہوسکتا ہے؟ ہم جب کبھی عشق الٰہی یا عشق رسول ﷺ کی بات کرتے ہیں تو ہمارے قول و فعل میں یکسانیت ہونی چاہیے ورنہ زبانی کلامی عشق یا عشق کے دعوے کس کام کے۔

(اقبالؒ نے درست فرمایا: عشق دم جبرائیل، عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عشق خدا کا۔ رسول ﷺ عشق خدا کا کلام)

عشق حقیقی میں منزل مراد ہونی چاہیے۔

کالا سانپ

ایک روز آنحضور ﷺ وضو کے بعد موزہ پہننے ہی لگے تھے کہ ایک عقاب آیا اور موزہ لے کر اڑ گیا۔ آپ ﷺ نے دیکھا تو حیران ہوئے۔ تھوڑی دیر بعد عقاب نے فضا میں موزہ کا منہ زمین کی طرف پھیرا تو ایک کالا سانپ اس میں گھر کے نیچے آگیا۔

پھر عقاب نے وہ موزہ لا کر آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کر دیا تھا۔

اس عقاب نے آپ ﷺ سے مخاطب ہو کر کہا۔

''یارسول اللہ ﷺ! میں نے یہ گستاخی اس لئے کی، کیونکہ اس موزے کے اندر ایک سانپ گھس گیا تھا۔ مجھے اللہ نے آپ ﷺ کی حفاظت پر مقرر فرمایا تھا۔ ورنہ میں کیا اور میری حیثیت کیا۔ میں ایسا نہ ہوتا تو یہ گستاخی کیوں کر سکتا تھا۔ آپ ﷺ نے اللہ کا شکر ادا کیا اور فرمایا: ''ہم نے جس حادثے کو صدمے کا باعث سمجھا وہ دراصل وفا اور باعث رحمت تھا۔''

عقاب نے عرض کیا۔

یارسول اللہ ﷺ میں نے ہوا میں پرواز کے دوران آپ ﷺ کے موزے میں سانپ کو دیکھ لیا تو یہ کوئی میری تیز نگاہی کا کمال نہ تھا بلکہ یہ تو حضور ﷺ کے نور اور روشنی کا فیضان تھا۔ آپ ﷺ سراج منیر ہیں۔ صرف دل کی آنکھ جس کی اندھی ہوا ہے یہ نور نظر نہیں آتا۔ دراصل تاریکی کا عکس بھی تاریک ہوتا ہے۔

کوئی بھی مصیبت کسی بڑی مصیبت سے محفوظ رکھنے کیلئے آتی ہے۔

حالات کو اللہ کے سپرد کر دینے ہی میں عافیت ہوتی ہے۔

(حکایات رومی ص25)

میں مر جائے تو عشق پختہ ہوتا ہے

عاشق اپنے محبوب کی ایک جھلک دیکھنے کی غرض سے اس کے در پر پہنچا دستک دی تو اندر سے آواز آئی۔ ''کون ہے؟'' عاشق نے پُرنم آنکھوں اور دل بیقرار کے ساتھ جواب دیا۔ ''میں ہوں۔ دید کو ترس گیا ہوں۔''

تھوڑی سی اگر خاک تیرے راہ گزر کی
مل جائے تو ہو جائے دوا درد جگر کی

اندر سے جواب ملا۔

''واپس چلا جا۔ میرے چاہنے والوں میں ''میں''

(بقیہ ص52)

مجرب اعمال برائے خواتین

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

بانجھ پن دور کرنے کے لیے

اور عقیمہ یعنی بانجھ عورت کے واسطے ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے یہ آیت لکھے:

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ۗ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ۗ (الرعد:۳۱)

پھر اس تعویذ کو اس کی گردن میں باندھے۔

اور یہ بھی عقیمہ کے واسطے ہے کہ چالیس (40) لونگوں پر سات (7) بار اس آیت کو پڑھے اور ایک لونگ کو ہر دن کھلاوے اور شروع کرے حیض کے غسل کے ہونے سے اور ان دنوں میں اس کا زوج اس سے صحبت کرتا رہے۔

ف: مولانا نے فرمایا اور شرط اس عمل کی یہ بھی ہے کہ لونگ رات کو کھائے اور اس پر پانی نہ پیئے۔

برائے اسقاط جنین

اور جو عورت بچہ اسقاط کر دیتی ہو تو ایک تاگا (کسم کا رنگا) اس کے قد کے برابر لے اور اس پر نو (9) گرہیں لگا دے۔ اور ہر گرہ پر وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝ (النحل:۱۲۷-۱۲۸) اور قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ پڑھے اور پھونکے۔

برائے دردِ زہ

اور جس عورت کو درد زہ یعنی لڑکا پیدا ہونے کا درد تکلیف دے تو پرچہ کاغذ میں یہ آیت لکھے: وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ اِهْيًا اَشْرَاهِيًا اور اس پرچے کو پاک کپڑے میں لپیٹے اور اس کی بائیں ران پر باندھے تو وہ جلد جنے گی۔ میں کہتا ہوں مجھ کو یاد ہے جلال الدین سیوطیؒ کی کتاب در منثور سے بروایت اعمشؒ کہ یہ کلمہ اھیًا آشْرَاھیًا جناب موسی علیہ السلام کی دعا ہے۔ معنی اس کے یہ ہیں کہ ”اے زندہ قبل ہر چیز کے اور اے زندہ بعد ہر چیز کے۔“

برائے دردِ زہ

مولانا نے فرمایا اگر اول سورۃ سے حُقَّتْ تک شیرینی پر پڑھے اور حاملہ کو کھلاوے تو بھی جلد جنے۔

عورت سوائے لڑکی کے لڑکا نہ جنے

اور جو عورت سوائے لڑکی کے لڑکا نہ جنتی ہو تو حمل پر تین مہینے گزرنے سے پہلے ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے اس آیت کو لکھے:

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۗ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝ (الرعد:۸-۹)

اور اس آیت کو لکھے:

يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ اسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۝ (مریم:۷)

پھر یہ لکھے:

بِحَقِّ مَرْيَمَ وَعِيْسٰى اِبْنًا صَالِحًا طَوِيْلَ الْعُمُرِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ۔

پھر اس تعویذ کو حاملہ باندھے رہے۔

عورت کا لڑکا زندہ نہ رہتا ہو

اور اس شخص نے جس پر مجھ کو اعتماد ہے خبر دی کہ جس عورت کا لڑکا نہ زندہ رہتا ہو تو اجوائن اور کالی مرچ لے۔ دونوں چیزوں پر دوشنبے کے دن دوپہر کو چالیس (40) بار سورہ والشمس پڑھے، ہر بار درود شریف پڑھ کر شروع کرے اور اسی پر ختم کرے۔ اس کو ہر روز عورت کھایا کرے۔ حمل کے دن سے لڑکے کے دودھ چھڑانے تک۔

حب کے مجرب تعویذات

حضرت مولانا امان اللہ صاحب رحمۃ اللہ (میلسی)

برائے حب زوجین

اس نقش کو لکھ کر کسی درخت پر لٹکا یا جائے۔ ان شاء اللہ تھوڑے عرصہ میں میاں بیوی میں ایسی محبت ہوگی کہ لوگ حیران ہوں گے۔

حب

اس تعویذ کو عطر اور خوشبو لگا کر دائیں بازو پر باندھیں۔ مجرب ہے۔

فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم

یحبونھم کحب اللہ یا غفار ۱	والذین آمنوا اشد حبا للہ یا کریم	والقیت علیک محبۃ منی یا کریم ۱۱	انہ لحب الخیر لشدید یا ودود ۸
انہ لحب الخیر لشدید یا ودود ۱۲	والقیت علیک محبۃ منی یا کریم ۷	والذین آمنوا اشد حبا للہ یا رحیم ۲	یحبونھم کحب اللہ یا لطیف ۱۳
والذین آمنوا اشد حبا للہ یا لطیف ۶	یحبونھم کحب اللہ یا رحمن ۹	انہ لحب الخیر لشدید یا رحیم ۱۶	والقیت علیک محبۃ منی یا رحمن ۳
والقیت علیک محبۃ منی یا رحمن ۱۵	انہ لحب الخیر لشدید یا ودود ۴	یحبونھم کحب اللہ یا کریم ۵	والذین آمنوا اشد حبا للہ یا رحیم ۱۰

الحب فلان بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

حب

شام کے بعد مطلوب کے گھر میں دفن کریں یا پلائیں۔ تعویذ یہ ہے:

سبحا ۱۹۱۹ ریا مدید اجعلها ساده فن حتی تاتی فلانة بنت فلانة وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ. عجل الله. الوحا. الله. الصور انهم سابقون.

حب

طریقہ: تین (3) عدد تعویذ لکھے اور ہفتہ میں ایک تعویذ یعنی تین (3) ہفتہ تک پلاتا رہے۔

برائے حب

اس نقش کو لکھ کر دریا کے کنارے ایک بالشت کا فاصلہ رکھ کر دفن کریں اور دوسرا پلائیں اور تیسرا درخت کے ساتھ لٹکائیں۔

ماہنامہ خزینہ روحانیات
14
جولائی 2022ء
صفحات: 106
مرتب
نوری چلے
فیصل حمید نقشبندی
قیمت
2500 روپے
(نئی کتاب)
روحانی و نورانی اعمال، حاضرات ارواح بزرگان، جنات دیو پریاں، موکلات، ہمزاد کی تسخیر کے مجرب، آزمودہ، نادر اعمال
حاضرات تسخیر قلب ● تسخیر جنات ● حاضرات مجرب ● وقتی حاضری ● حاضری ملکہ خمراء ● حاضری بابا کھیتر پال ● تسخیر کمال جوگی ● حاضری ضربط ● حاضرات موم بتی ● حاضری وشوشہ ● حاضری جنات ● تسخیر جن ● حاضری موکل ● حاضری ملند جوگی سلیمان کشمیری ● تسخیر ہمزاد ● حاضری خواجہ خضر علیہ السلام ● حاضری بابا جی ● تسخیر ہمزاد ● حاضری جنات ● حاضری جن بچہ ● حاضرات جنات ● حاضری پری ● حاضری ناخن ● تسبیح حاضرات ● علم حاضرات ● موم کے حاضرات ● حاضرات عجیب ● حاضرات چور ● حاضرات غیبی ● حاضرات مریض ● حاضرات آواز ● تسخیر جنات ● حاضری یکتا نوش ● تسخیر جمیلہ پری ● تسخیر ہمزاد مخفی ● حاضری موکل ● حاضری جنات و پریاں ● عمل حاضرات ● تسخیر سندھونی ● حاضری سید برھنہ ● حاضرات سیدی مھر یائیل ● حاضرات پانی ● حاضری مورخ پری ● حاضری ابی کلب ● حاضری جن بصورت سانپ ● حاضری خادم سورۃ اخلاص ● حاضرات ارواح ● مسخرات ارواح ● حاضری حقہ والا بابا ● حاضری خاکی شاہ ● تسخیر موکل ● تسخیر و حاضری مانی سیندھو ● تسخیر پریاں ● تسخیر حسن پری ● تسخیر حسینہ پری ● تسخیر علقا پری ● تسخیر ملکۃ النساء پری ● تسخیر سحر گلاب مکمل ● ایک وقتی حاضری ● حاضری جناب گروہ ● تسخیر ارواح و موکلات ● تسخیر روحانیت ● تسخیر موھنی نوری ● حاضری ناخن ● حاضری مجرب ذاتی ● حاضری موکل ● حاضری پری ● حاضرات کا آئینہ ● حاضری کحلہ بنت برمان ● تسخیر قاضی الجن صحابی رسول ﷺ ● حاضری بادشاہ موکلات ● تسخیر ریحان خادم سورۃ فاتحہ ● تسخیر موکلات سورۃ مزمل ● تسخیر موکلات سورۃ مزمل ● حاضرات مسلط کرنا ● حاضرات کشف ● تسخیر روح ● بخور موکلات ● تسخیر روح ● تسخیر جنات سورۃ مزمل سورۃ جن ● حصار کتاب ● بخور حاضری ارواح ● بخور جنات۔
+maktabatulaarif
0323-4487877
042-35410586
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0332-4487877
+maktabatulaarif
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
صفحات: 153
بیاض عملیات و تعویذات
(نئی کتاب)
مصنف: حضرت سید اکبر علی شاہ
فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر)
قیمت: 600 روپے
● نماز حاجت ● ترکیب استخارہ ● فوائد سورۃ تبت ہلاکی ● سورۃ اجابت دعاء ● سورۃ والضحیٰ والم نشرح ادائیگی قرض ● فوائد سورۃ والتین محافظت باغ ● فوائد سورۃ الھکم التکاثر صحت مرض ● فوائد سورۃ والعصر حفاظت غلبہ ● سورۃ قریش برکت طعام ● اجابت دعا ● کثرت احتلام ● مفید اجرت ● قضائے حاجت ● شر دشمنان ● کفایت گناہ ● برآمدن حاجات ● فوائد سورۃ یٰسین نعمت دارین ● دعاء حزب البحر ● برائے شفائے امراض ● برائے حفظ طاعون ● برائے وبا ● طریقہ عمل حب ● عمل برائے دست غیب وکشائش رزق ● جھاڑ سگ دیوانہ ● برائے مسخرات ● ناد علیؑ ● زکاۃ سورۃ مزمل ● برائے حمل ● بستن حیض ● برائے آسیب زدہ ● برائے حل مشکل ● عمل برائے چیچک ● برائے محبت ●
0332-4487877, 042-35410586
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
+maktabatulaarif
طلسمی عملیات شمع شبستان
رضا غوثیہ دستگیری جناتی اعمال
مصنف: محمد نعیم الحسن قادری نقشبندی
قیمت: 1600 روپے
صفحات: 130
خاص اجازت کے ساتھ ہدیہ: 3500 روپے
● عمل حاضرات حاضرات اسم ذات اللہ ● عمل بسم اللہ باموکل ● سورۃ اخلاص باموکل اجازتی عمل ● عمل حاضرات کا عمل ● تسخیر و حاضری موکل کا صدری نایاب عمل ● چہل کاف بمعہ موکل ● حاضرات خوری ● عمل برائے روشن ضمیری کیلئے ● عمل برائے قفل، مجرب ترین عمل ● آسان مجرب اعمال (عطیہ روحانی عامل صوفی ظفر محمد کھوکھر) ● عمل حصول دولت ● عمل برائے الحب ● عمل برائے کسی کے گھر فساد کروانا ● دشمن کو بھگانے کیلئے ● دشمن پر فتح حاصل کرنے کیلئے ● سرکش کو حاضر کرنے کیلئے ● وظیفہ مال و دولت خوش بختی ● عمل قلندری ● تسخیر خلائق اور رزق وسعت ● عمل جادو کی حاضرات
0323-4487877, 042-35410586
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
+maktabatulaarif
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0332-4487877
+maktabatulaarif
http://darulamal.org/ruhanidarsgah
مختلف روحانی علوم اور نورانی رعلوی رباموکل عملیات سکھائے جاتے ہیں

تسخیرِ ارواح

تحریر و تحقیق: صوفی غلام سرور شاب قادری (حویلی لکھا)

ارواح کی تسخیر و حاضرات کا علم وسیع اور بہت قدیم ہے۔ یوں تو اس علم کی متعدد اقسام ہیں۔ مگر علمائے فن نے تین بڑی اقسام میں اس علم کو تقسیم کیا ہے۔

ارواح کی پہلی قسم

اول قسم وہ ارواح جو صرف خبر دینے کے کام آتی ہیں اور ان کو تسخیر کر کے آپ خبریں حاصل کر سکتے ہیں۔ ان ارواح کی پھر آگے تین اقسام ہیں۔

۱ پہلی قسم ان ارواح کی ہے جو آدمیوں کے ذہنوں کی بات بتاتی ہیں یعنی آنے والے کا سوال بتا دیتی ہیں اور جواب دینے سے قاصر ہوتی ہیں۔

۲ دوسری قسم ان ارواح کی ہے جو ماضی، حال اور مستقبل کا احوال درست بیان کرنے کی قدرت رکھتی ہیں۔ ان ارواح میں بعض تو سو برس مستقبل اور ماضی میں جھانک سکتی ہیں اور بعض کچھ زیادہ مگر ان کی حدود زمین سے باہر نہیں ہوتی۔ یعنی زمین کے اندر تک کی باتیں بھی بیان کر سکتی ہیں۔ ان میں نیک اور بد دونوں قسم کی ارواح شامل ہیں۔

۳ تیسری قسم ارواح خبریہ کی ہے۔ یہ بہت طاقتور ارواح ہیں خواہ جنات سے ہوں یا انسانوں سے۔ وہ اس زمین کے علاوہ دیگر افلاک کی معلومات دیتی ہیں۔ یہ ارواح قریباً ہزار برس مستقبل اور ماضی میں جھانکنے کی قدرت اور طاقت رکھتی ہیں۔ ان ارواح سے مختلف علوم بھی حاصل ہو سکتے ہیں۔ کئی اصحاب نے علم نجوم، رمل، طلسمات وغیرہ انہی ارواح سے حاصل کیے۔

ارواح کی دوسری قسم

ارواح خبریہ کا بیان تو ہم نے کر دیا۔ اب ارواح کی دوسری قسم پر روشنی ڈالتے ہیں۔ دوسری قسم ان ارواح کی ہے جن کو تسخیر کر کے اپنے کسی کام میں مدد لی جائے۔ ان ارواح کی پھر آگے چھ اقسام ہیں۔

۱ اول قسم یہ ہے کہ کسی ایسی روح کو وقتی طور پر تسخیر کرنا کہ وہ ایک کام کر کے آزاد ہو جائے۔ اس کے بعد دوبارہ بلانے کے لیے دوبارہ عمل کرنا پڑے۔ یہ ایک ادنیٰ قسم ہے۔ ان ارواح کے لیے یہی عمل ہوگا۔ ان کی مکمل تسخیر نہیں ہوتی۔

۲ دوسری قسم کی ارواح ایسی ہوتی ہیں جو کام تو سب کر دیتی ہیں مگر نظر نہیں آتیں۔ ان کے کام کی حدود مقرر ہیں۔ یعنی آپ ان سے کسی مادی چیز میں حرکت نہیں کروا سکتے۔ بس عمل کیا، کوئی خاص خوشبو آئے گی یا احساس پیدا ہو گا کہ روح آ گئی ہے۔ آپ کام کہیں تو چند گھنٹوں میں ہو جائے گا۔ ان سے کسی قسم کا امتحان نہیں لیا جا سکتا ہے۔ بس اپنے حقیقی دنیاوی کام کروائے جا سکتے ہیں۔

۳ تیسری قسم ہے ارواح ہیولا کی۔ یہ ارواح دھوئیں کی شکل میں ظاہر ہوتی ہیں۔ کئی قسم کے بخور وغیرہ زیر عمل لائے جاتے ہیں۔ اور ان سے بات بھی کسی حد تک ہو سکتی ہے۔ مگر جواب مبہم اور غیر واضح ملے گا۔ البتہ اپنی حد میں کام کر دے گی۔ اگر ان کی حد سے باہر کا کام کہا جائے گا تو وعدہ تو کریں گی مگر کام نہ کریں گی۔ اسی لیے بعض اصحاب ان ارواح کے دھوکے میں آ جاتے ہیں۔

۴ چوتھی قسم آوارہ ارواح کی ہے۔ ان ارواح کو قابو کرنے کے لیے معمول کی ضرورت ہوتی ہے۔ یا پھر عامل انہیں اپنے جسم میں وارد کر لیتا ہے۔ اس میں دونوں قسم کی ارواح ہیں۔ بعض مخصوص عمل پڑھ کر کسی مریض پر پھونکنا یا پھر کسی معمول پر دم کر دینا، جس سے معمول بے ہوش ہو جاتا ہے۔ اور اس پر مطلوبہ روح وارد ہو جاتی ہے اور کلام کرتی ہے۔ پھر آپ جو کام کہیں تو وہ بھی کرتی ہے۔ یا کئی ایسی ارواح ہوتی ہیں کہ آپ جس کا نام لے کر پڑھ دیں، اس پر وارد ہو کر آپ کا کام کر دیں گی۔ بعض ارواح مریض پر وارد ہو کر اس کا مرض بیان کر دیتی ہیں۔ علاج بھی بتا دیتی ہیں۔

۵ پانچویں قسم ارواح ظاہرہ کی ہے۔ اس قسم کی ارواح بذریعہ عمل ایک

مخصوص ہیئت میں عامل کے روبرو ظاہر ہوتی ہیں اور عامل کے عمل کی بدولت مسخر ہو جاتی ہیں۔ پھر اپنی اپنی حدود کے مطابق عامل کے حسبِ حکم کام کرتی ہیں۔ اس قسم میں نیک و بد دونوں قسم کی ارواح ہوتی ہیں۔

٦ چھٹی قسم ارواح اولیاء کرام کی ہے۔ ان ارواح کو تسخیر کرنا کسی کے بس کی بات نہیں۔ البتہ اپنے زہد و تقویٰ سے خوش کیا جا سکتا ہے۔ ان ارواح سے رابطہ قائم اور مصفی قلب پر ان ارواح کی تجلیات وارد ہونے سے انسان میں اتنی استعداد پیدا ہو جاتی ہے کہ وہ ان سے کلام کر سکے۔ جب آدمی کلام کر سکتا ہے تو پھر دعا کروا کر اپنا کام کروا سکتا ہے۔ یہ قسم سب سے اعلیٰ ہے کیونکہ اس میں بد ارواح شامل نہیں ہیں۔ فقط نیک ارواح سے دعا کروا کر کام کروایا جاتا ہے۔ اسے کشف القبور اور تصرف فی القبور کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے۔

ارواح کی تیسری قسم

دوسری قسم کی ارواح کی تعریف ہم نے مجملاً بیان کر دی۔ اب تیسری قسم بیان کرتے ہیں۔

تیسری قسم جنات کی ہے۔ ان کی بھی تین اقسام ہیں۔ جن کو ذیل میں بیان کیا جاتا ہے:

١ اول قسم تو یہ ہے کہ زندہ جنات سے رابطہ عارضی یا مستقل پیدا کرنا، خواہ نیک ہوں یا بد۔ یہ ایک دوستی کا طریق کار ہے اور بعض اوقات جنات خود بھی انسانوں سے ربط پیدا کر لیتے ہیں۔

٢ دوسری قسم ارواح جنات سے ہے جو جنات فوت ہو چکے ہیں۔ ان کی ارواح سے رابطہ قائم کرنا ہے۔ اس میں بھی نیک اور بد، دونوں ارواح موجود ہوتی ہیں۔

٣ تیسری قسم جنات کی مونث جنیوں سے شادی کر کے دوستی پیدا کی جاتی ہے۔ بعض اعمال مخصوص ہیں جن کو کرنے سے جنات کے مخصوص قبیلوں کی خوبصورت جنیوں سے شادی ہو سکتی ہے۔ اس طرح آپس میں مراسم بڑھتے ہیں اور انسان ان سے خبریں اور کام دونوں فوائد حاصل کر سکتا ہے۔

بقیہ (ص 6): تصوف سلطان العارفین شیخ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کی نظر میں

کا عنصر ہے، اس کو زیادہ اہمیت دینے لگے۔ پھر محبت کا یہ استعمال اتنا بڑھا کہ وہ عبادت جو کسی امید یا خوف کی بنا پر کی جائے، وہ عبادت ان لوگوں کے نزدیک ناپسندیدہ قرار پائی اور محبت کا معیار یہ بن گیا کہ وہ محبت جو جنت کی طلب اور جہنم کے خوف سے خالی ہو، وہ معیاری عبادت ہے۔ اس طرح کے افکار حضرت ابراہیم بن ادہمؒ نے بیان کئے اور اگر حضرت رابعہ بصریہؒ کی روایت درست ہے تو انہوں نے اس دور میں جنت کو جلانے اور جہنم کو بجھانے کی بات کہی تھی۔

اس صدی میں لفظ تصوف کا باضابطہ اطلاق بھی شروع ہو گیا اور جو لوگ التزاماً صرف (اون) کا کپڑا پہنتے تھے ان کو صوفی کہا جانے لگا۔ اس صدی میں تصوف کے حوالے سے جو دوسرے افکار پروان چڑھے، ان میں زہد کا مخصوص تصور یعنی جائز چیزوں سے بھی کم سے کم انتفاع کرنا اور اس کو اعلیٰ پائے کی دینداری قرار دینا، توکل کا یہ مفہوم کہ وسائل حیات صرف اتنے ہی استعمال کئے جائیں، جتنے میں کم سے کم ضروریات پوری ہو جائیں۔ بلکہ بعض نے یہ بھی کہنا شروع کیا کہ اللہ تعالیٰ کے وعدے پر دل کا مطمئن ہونا توکل ہے، اس سے عندیہ یہ تھا کہ تلاشِ رزق کے لئے جدوجہد اور کوششیں توکل کے منافی ہیں۔

بقیہ (ص 37): اوجِ زہرہ اور عورتوں کی بیماریوں کا خاص عمل

کی برکت فلاں بنت فلاں مریضہ کو تمام بیماریوں سے شفائے کامل عاجل مستمر عطا فرمائیے۔ آمین

(نوٹ) مریضہ سے یہ کہنا ہے کہ روزانہ عرق گلاب کی بوتل پر یَا شَافِي یَا سَلَامُ سو (100) بار پڑھ کر دم کرنا ہے اور اپنے ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھوں کو پورے جسم پر پھیر لینا ہے اور اسی طریقے سے صبح شام سو سو (100-100) بار یَا حَافِظُ یَا حَفِیظُ پڑھ کر اپنے تعویذ پر بھی دم کریں اور ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھوں کو پورے جسم پر پھیر لیں۔ یہ پڑھنے اور دم کرنے کا عمل پاکی ناپاکی ہر طرح کی صورت میں کر سکتی ہیں۔

مجرب عملیات

حضرت مولانا حسن الہاشمی رحمہ اللہ (دیوبند انڈیا)

رنج وغم سے نجات

اگر کوئی شخص اپنے حالات یا دیگر وجوہ کی بنا پر مبتلائے رنج والم رہتا ہو تو وہ سورہ نوح (سورۃ نمبر: ۷۱) کی تلاوت کرے۔ اس تلاوت کی مداومت سے ان شاء اللہ العزیز اسے رنج والم سے بھی نجات ملے گی اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ان حالات کو بھی درست فرمائے گا جو اس کے رنج والم کا باعث بنتے رہے ہیں۔

دشمن کے خوف سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص اپنے دشمن سے خوف زدہ ہو اور ہر وقت وہ خطرہ محسوس کرتا ہو تو اس کو چاہئے کہ مندرجہ ذیل آیت کو روزانہ سو (100) مرتبہ پڑھا کرے۔ اور ہر فرض نماز کے بعد سات (7) مرتبہ پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ ایک ماہ کے اندر اندر اس کو خوف اور دہشت سے نجات مل جائے گی۔

آیت یہ ہے: بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۶۴﴾ (یوسف: ۶۴)

دولت حاصل کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص مالدار بن جانے کا خواہش مند ہو تو اس کو چاہئے کہ تیرہ (13) دن تک لگاتار تین سو تیرہ (313) مرتبہ آیت الکرسی پڑھے، ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے زبردست روزی ملے گی اور بکثرت مال میسر آئے گا اور ایسی جگہ سے دولت ملے گی جہاں سے ملنے کا وہم وگمان بھی نہیں ہوگا۔

دعا کی قبولیت کے لیے

کسی بھی مقصد کے لیے بشرطیکہ وہ ناجائز نہ ہو، دعا اس طرح کریں۔ مغرب کی نماز کے بعد دو نفل پڑھ کر اپنی ٹھوڑی کو اپنی دائیں ران پر رکھ کر تین سو (300) مرتبہ پڑھیں۔ ''سَهْلًا بِفَضْلِكَ يَا عَزِيْزُ يَا عَزِيْزُ'' اول وآخر تین تین (3-3) مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد سجدے میں جا کر اپنے مقصد کے لیے دعا کریں۔ ان شاء اللہ فوراً دعا قبول ہوگی۔ اگر اس عمل کو لگاتار سات (7) روز تک کرلیں تو افضل ہے۔

روزگار کے حصول کے لیے

کسی بھی خالی مکان میں یا کسی بھی مسجد کی چھت پر کھڑے ہو کر کھلے آسمان کے نیچے ایک ہزار (1000) مرتبہ ''يَا وَهَّابُ'' پڑھیں۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ (11-11) مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اس عمل کو لگاتار سات (7) روز تک کریں۔ اگر عروج ماہ میں کریں تو افضل ہے۔ ان شاء اللہ، بہت جلد روزگار مل جائے گا۔

شادی کے لئے

اگر لڑکا لڑکی شادی کرنا چاہتے ہوں اور ان کے گھر والوں کی مرضی نہ ہو تو اپنے اپنے گھر والوں کو راضی کرنے کے لئے چالیس (40) روز تک عشاء کی نماز کے بعد ایک سو ایک (101) مرتبہ سجدے میں جا کر اس آیت کو پڑھیں: اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ ﴿۵۴﴾ (حم السجدۃ: ۵۴) درمیان میں اگر نماز کا وقفہ ہو جائے تو لڑکی اس عمل کو بعد میں پورا کرے۔

دشمنوں کی زبان بندی کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کے بدخواہوں اور دشمنوں کی زبان بند ہو جائے اور وہ اس کی مخالفت سے باز آجائیں تو اس کو چاہئے کہ سورۂ عصر اکیس (21) مرتبہ روزانہ پڑھے۔ لگاتار تیرہ (13) دن تک۔ ان شاء اللہ عجیب وغریب تاثیر ظاہر ہوگی اور اس کی زبان بند ہو جائے گی۔

شادی کے لئے خاص عمل

ذیل کے عمل کو روزانہ بعد نماز عشاء پانچ سو (500) مرتبہ سجدے میں جا کر پڑھیں۔ آگے پیچھے گیارہ گیارہ (11،11) مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

عمل یہ ہے بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَغِثْنِيْ اَغِثْنِيْ اَغِثْنِيْ يَا مُغِيْثُ۔

وظائف اسماء الحسنیٰ

عالم فقری رحمۃ اللہ علیہ (لاہور)

بد خوئی سے محفوظ رہنا

☆ کشفی رازوں کا انکشاف ☆ فنائی الشیخ ☆ حقیقت سحر مع رد سحر ☆ عمل بندش اجرائے خون ☆ اسرار الحروف ☆ شعلہ عشق سیاہ پوش ہوا تیرے بعد ☆ الواح الجواہر ☆ رد سحر ☆ سلب اولاد کیلئے ☆ نکاح کیلئے ☆ فشار خون بلڈ پریشر کیلئے ☆ حروف ظلمانی مکمل ☆ طی الارض حاضری موکل ☆ خواص اعداد متحابہ ☆ جواہر المستتر ☆ نقوش کے علم پر تاریخ کی پہلی مبسوط اور ایک عظیم تحقیق ☆ عزیمت حرف لام ☆ شوہر سے بیوی نفرت کرنے لگے ☆ کسی کی صورت بدل گئی ہو اور بہت سے قیمتی مضامین کا مجموعہ
0323-4487877, 042-35410586
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
+maktabatulaarif
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0332-4487877 +maktabatulaarif
4 تخریج حدیث اسماء اللہ الحسنیٰ
صفحات: 312 عام قیمت: 250 روپے
رسول اللہ ﷺ کے اسماء اللہ الحسنیٰ کے متعلق فرمان کی چودہ قرون پر مشتمل روایات کی تخریج
رسول اللہ ﷺ کی مشہور ومعروف حدیث "للہ تسعۃ وتسعون اسما مائۃ الا واحدا۔ من احصاھا دخل الجنۃ انہ وتر یحب الوتر" کی چودہ سو سالوں پر محیط روایات حدیث پر ایک علمی تحقیق، جس میں آپ ﷺ کی بیان کردہ اصل حدیث تک پہنچنے کی کوشش کی گئی ہے کہ آپ ﷺ نے فی الحقیقت یہ حدیث کن الفاظ میں بیان فرمائی تھی اور اس میں اسماء اللہ الحسنیٰ بیان کیے گئے تھے یا نہیں؟ ایک عدیم النظیر تصنیف جو اسماء الحسنیٰ کی نئی جہات سے روشناس کرتی ہے جس میں قرون اولیٰ سے لے کر عصر حاضر تک مباحث کو حتمی نتائج سے سمیٹ لیا گیا ہے۔
0323-4487877, 042-35410586
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
+maktabatulaarif
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0332-4487877 +maktabatulaarif
روحانی دکان میں دستیاب روحانی نمک برائے دفع جادو جنات، پیٹ درد، دشمن کی زبان بندی
https://bit.ly/3NZfrWt

ماہنامہ خزینہ روحانیات
35
جولائی 2022ء
لوح برج سرطان حاکم سیارہ قمر
یہ لوح ان تمام افراد کے لیے موثر ہے جن کی تاریخ پیدائش 22رجون تا 23رجولائی ہے یا جن افراد کا نام ان حروف (ہ، ح) سے شروع ہوتا ہے۔
منسوبی اسماء: (یارحمٰن یا رحیم) جو روزانہ ورد کئے جائیں گے۔ عاملین و کاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برج سرطان سے منسوب ہے۔ اور یہ وہ اسم ہے جس کی برکت سے حاملان عرش، عرش کو اُٹھائے ہوئے ہیں۔
ہدیہ 1500 روپے
صدقات: چاول، کیلا، شیریں جوس، دہی، سفید کپڑا، کافور، سفید جانور وغیرہ
اوقات صدقہ اور لوح پہنے کا وقت: سوموار کو شام کے وقت
خواص لوح سرطان
اس لوح کی برکت سے حامل لوح نظام ہضم، جلدی امراض، سانس اور گردوں کی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔ یہ لوح خود اعتمادی، محبت و شفقت آمیز خیالات میں وسعت اور گہرائی پیدا کرتی ہے۔ جنسی سرد مہری کو ختم کرتی ہے۔ خواتین میں نسوانی حسن و خوبصورتی کو جاذبیت بخشتی ہے۔ خواتین میں مادرانہ جذبہ مضبوط ہوتا ہے۔ اور مردوں میں تحفظی جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ گھریلو اشیاء کی سپلائی کرنے والے دکاندار، پراپرٹی ڈیلر، مشروبات اور خورد و نوش کی چیزوں کا کاروبار کرنے والے افراد کے لیے یہ لوح خیر و برکت اور ترقی کا سبب بنتی ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ یہ لوح سوموار کے دن ساعت قمر میں ان اوقات میں تیار کی جاتی ہے جب شمس برج سرطان میں ہو۔
ruhanishop
0346-4312272
042-35410586
روحانی دکان دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0320 0334 4312272
ruhani.shop
ruhani-shop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
لوح برج دلو حاکم سیارہ زحل
یہ لوح ان تمام افراد کے لیے موثر ہے جن کی تاریخ پیدائش 21رجنوری تا 19رفروری ہے یا جن افراد کا نام ان حروف (س، ش، ص، ث) سے شروع ہوتا ہے۔
منسوبی اسماء: (یافتاح یارزاق) جو روزانہ ورد کئے جائیں گے۔
صدقات: دال ماش، ساگ ہر قسم، کنجد سیاہ، ماش سیاہ، نمک سیاہ، لاجورد گل کاسنی،
اوقات صدقہ اور لوح پہننے کا وقت: ہفتہ کو دوپہر کے وقت
خواص لوح دلو
جس شخص کے پاس برج دلو کی یہ لوح ہوگی وہ دیو، پری، بھوت پریت، آسیب، جنات اور سحر جادو، ٹونہ وغیرہ تمام آفات ارضی و سماوی سے حفاظت میں رہے گا۔ اگر گھر، مکان، دکان، دفتر، کارخانہ وغیرہ میں لگائیں تو وہ جگہیں محفوظ رہیں۔ اطلاعات و نشریات کے شعبہ سے منسلک افراد، پبلشرز، الیکٹرک میڈیا، ریڈیو اور ٹیلی ویژن سے متعلقہ افراد، سوشل ویلفیر اور ٹیکنیکل اداروں میں کام کرنے والے تمام افراد بھی اس لوح کی برکت سے ناموری حاصل کر سکتے ہیں، ان شاء اللہ۔
لوح برج حوت حاکم سیارہ مشتری
یہ لوح ان تمام افراد کے لیے موثر ہے جن کی تاریخ پیدائش 20رفروری تا 21رمارچ ہے یا جن افراد کا نام ان حروف (د، چ) سے شروع ہوتا ہے۔
منسوبی اسماء: (یا کبیر یا متعال) جو روزانہ ورد کئے جائیں گے۔
صدقات: گندم، جو، چاول، کچنار، چنے کی دال، زرد کپڑا، سرخ شکر وغیرہ،
اوقات صدقہ اور لوح پہننے کا وقت: جمعرات کے دن شام کے وقت
خواص لوح حوت
جن دو میاں بیوی میں ناچاقی ہو اُن میں سے کوئی ایک فرد لوح کو اپنے پاس رکھے تو ناراضگی اُن کی ختم ہوگی۔ اور آپس میں پیار محبت بڑھے گی۔ یہ لوح اُن لوگوں کے لیے بے حد موثر ہے جو پانی میں سفر کرتے ہیں۔ جو لوگ کمزور ستاروں کے تحت پیدا ہوتے ہیں اور آئے دن مصائب و ناکامی کا شکار رہتے ہیں یا مریض رہتے ہیں۔ ان کے لیے لوح برج حوت بہت کارآمد ہے۔ تمام کمزوریوں کو خواہ جسمانی ہوں یا مادی دُور کر دیتی ہے۔ یہ لوح آنکھوں کی بیماریوں اور نظام ہضم کی خرابی سے شفایابی کا سبب بنتی ہے۔
0320-4312272 0334-4312272 042-35410586
روحانی دکان
ruhanishop ruhani.shop ruhani-shop
darulamal.org/ruhanishop ruhanishop@gmail.com
0320-4312272 0334-4312272 042-35410586
روحانی دکان
ruhanishop ruhani.shop ruhani-shop
darulamal.org/ruhanishop ruhanishop@gmail.com
روحانی دکان میں دستیاب روحانی چینی برائے دفع جادو و محبت
https://bit.ly/3LJRaBQ

شرف قمر کے اعمال

اراکین روحانی علاج گاہ

ابتداء	خاتمہ
21-7-2022	21-7-2022
03:12	05:07

ہبوط قمر کے اعمال

اراکین روحانی علاج گاہ

ابتداء	خاتمہ
08-7-2022	08-7-2022
13:47	15:32

سحر کا علاج

ایک نقش لکھ کر گلے میں پہنائیں۔ مریض کی حالات کے لحاظ سے تعویذات لکھ کر دھو کر پینے کو دیں۔ نقش کی تعداد اور مدت کا تعین عامل حضرات خود اپنی صوابدید پر مریض کے حالات کے مطابق کریں۔

۷۸۶

۱	۷۷	۷۴	۸
۷۵	۷	۲	۷۶
۶	۷۲	۷۹	۳
۷۸	۴	۵	۷۳

طلسم برائے برکت

اس طلسم کو شرفِ قمر کے وقت میں لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں، بازو پر باندھیں یا پرس میں رکھیں۔ دوکاندار حضرات دوکان کے گلے میں رکھیں۔ ان شاء اللہ، رزق میں بے حد برکت ہوگی۔ زعفرانی سیاہی سے زیادہ تعداد میں لکھ کر رکھ لیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ل ل ل ل ل ل ل ل ل ل ل ل ل ل ل

ل ل ل ل ل ل ل ل ل ل ل ل ل ل ل

ذوالطول ذوالطول ذوالطول ذوالطول

۹۹۹۹۹۹۹۹۹

کسی کو جگہ سے ہٹانا

کسی دفتر میں کوئی ظالم عہدے پر آجائے، کسی کا پڑوسی انتہائی خراب قسم کا آجائے، غنڈے اور بدمعاش قسم کے لوگوں کا ڈیرہ ہو اور تمام اہلِ محلہ تنگ ہوں یا اس طرح کا کوئی بھی معاملہ ہو اور طالب یہ چاہے کہ فلاں شخص عہدہ یا جگہ چھوڑ کر چلا جائے اور اس کا شرعاً جواز بھی موجود ہو تو اس خاص وقت میں درج ذیل تعویذ کو تیار کر کے درخت پر لٹکائیں۔ ان شاء اللہ، وہ شخص جگہ یا عہدہ چھوڑ کر چلا جائے گا۔

تعویذ یہ ہے:

يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ﴿٦﴾ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ﴿٧﴾ قُلُوبٌ يَوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ﴿٨﴾ أَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ﴿٩﴾ يَقُولُونَ ءَ إِنَّا لَمَرْدُودُونَ فِي الْحَافِرَةِ ﴿١٠﴾ ءَإِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ﴿١١﴾ قَالُوا تِلْكَ إِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ﴿١٢﴾ فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿١٣﴾ فَإِذَا هُم بِالسَّاهِرَةِ ﴿١٤﴾ (النّٰزعٰت:۶-۱۴)

آیات کے نیچے جس کو جگہ سے ہٹانا ہو، اس کا نام معہ والدہ اور جس جگہ سے ہٹانا مقصود ہو، اس کا نام یا مختصر تفصیل لکھیں۔

عاملین اس وقت سے فائدہ اٹھائیں اور زیادہ تعداد میں تعویذات تیار کر کے رکھ لیں۔ جب سائل کو دیں تو نیچے تفصیل لکھ کر دے دیں اور ساتھ ہی اکتالیس (41) باران آیات کا وظیفہ پڑھنے کو دیا جائے۔ اکتالیس (41) یوم تک پابندی سے وظیفہ پڑھ کر تصور میں دشمن پر پھونک مار دیا کریں۔

اوج زہرہ کے وقت کی ابتداء 10 جولائی بروز جمعہ رات 19 بج کر 04 منٹ پر ہوگی اور اختتام 11 جولائی بروز منگل دوپہر 15 بج کر 3 منٹ تک ہوگا۔

قدیم عاملین اور فن عملیات کے ماہرین کا کہنا ہے کہ اوج زہرہ کے خاص وقت میں ان عورتوں کے لیے جو اکثر و بیشتر بیمار رہتی ہیں یا مختلف امراض کا ہر وقت شکار رہتی ہیں، بہترین وقت ہے۔ عورتوں کے امراض سمیت ہر طرح کی وہ بیماریاں جو جان نہ چھوڑتی ہوں، علاج سے کچھ بھی فائدہ نہ ہوتا ہو، علاج کروا کروا کر تھک چکی ہوں۔ ہر طرح کے علاج سے مایوس ہو چکی ہوں، عورتوں کی تمام تر بیماریاں حتیٰ کہ سر سے لے کر پاؤں کے تمام امراض کے لیے یہ تعویذات انتہائی موثر و مجرب ہیں۔ اوج زہرہ کے خاص وقت میں یہ 7 تعویذات تیار کرنے ہیں اور عرق گلاب میں پلانے ہیں۔ تعویذات زعفرانی سیاہی سے روغنی کاغذ پر تیار کر لیے جائیں یا پھر سابقہ مشہور طریقہ چینی کی پلیٹ پر رکھنے کا ہے کہ صاف طشتری یا صاف چینی کی پلیٹ پر لکھ کر 7 پلیٹیں تیار کر لی جائیں۔ اگر روغنی کاغذ پر لکھتے ہیں تو ایک تعویذ کے لیے ایک عرق گلاب کی بڑی بوتل استعمال کروانا ہے۔ یعنی ایک تعویذ 7 دن پینا یا پلانا ہے، پہلے دن تعویذ بوتل میں ڈال دیں اور بوتل میں موجود عرق گلاب 7 دن میں مکمل ختم کرنا ہوگا۔ یعنی روزانہ صبح شام خالی پیٹ آدھا آدھا کپ مریضہ کو پلانا ہوگا۔ ایسے ہی 7 تعویذ 7 عرق گلاب کی بوتلوں میں استعمال کروانا ہیں اور ہر بوتل 7 دن کے لیے ہوگی۔ اور اگر یہ تعویذات طشتری یا پلیٹ پر زعفرانی سیاہی سے لکھتے ہیں تو پھر ہر پلیٹ استعمال سے پہلے عرق گلاب کی بوتل سے کسی صاف برتن میں دھولیں اور پھر وہ عرق گلاب برتن سے واپسی بوتل میں ڈال لیں اور اس بوتل کو 7 دن استعمال کریں۔ 49 دن کا یہ کورس جو عرق گلاب کی 7 بوتلوں اور 7 تعویذات پر مشتمل ہوگا۔ تمام نسوانی امراض کے لیے وافی شافی اور کافی ہوگا۔ ان شاء اللہ یہ عمل اور تعویذات تیار کرنے کی اجازت روحانی درسگاہ کے تمام طلباء وطالبات کو ہوگی۔ آپ اپنے مریضوں کو یہ کورس استعمال کروائیں اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ جیسا کہ آپ کو بتلایا گیا ہے کہ 7 تعویذات پلایا گیا ہے کہ 7 تعویذات پلانے کے لیے تیار کرنے ہیں۔ اور اس کے ساتھ ساتھ ایک تعویذ گلے میں ڈالنے کے لیے بھی تیار کر کے دیں۔ تاکہ مریضہ آئندہ کے لیے بھی بیماریوں سے محفوظ رہے۔

پلانے والا تعویذ

وَاِذَا مَرِضۡتُ فَهُوَ يَشۡفِيۡنِ

یا شافی یا سلام ۱۶۹۳	یا شافی یا سلام ۱	یا شافی یا سلام ۱۶۹۱
یا شافی یا سلام ۳	یا شافی یا سلام ۱۶۹۰	یا شافی یا سلام ۱۶۹۲
یا شافی یا سلام ۱۶۸۹	یا شافی یا سلام ۱۶۹۴	یا شافی یا سلام ۲

یاحی حین لاحی فی دیمومۃ ملکہ وبقائہ یاحی

گلے میں ڈالنے کیلئے

یا حافظ یا حفیظ ۱۶۹۳	یا حافظ یا حفیظ ۱	یا حافظ یا حفیظ ۱۶۹۱
یا حافظ یا حفیظ ۳	یا حافظ یا حفیظ ۱۶۹۰	یا حافظ یا حفیظ ۱۶۹۲
یا حافظ یا حفیظ ۱۶۸۹	یا حافظ یا حفیظ ۱۶۹۴	یا حافظ یا حفیظ ۲

الٰہی اس تعویذ کی برکت سے اور اپنے اسماء مبارک (بقیہ ص 16)

الٰہی اس تعویذ کی برکت سے اور اپنے اسماء مبارک کی برکت فلاں بنت فلاں مریضہ کو تمام بیماریوں سے شفائے کامل عاجل مستمر عطا فرمایئے۔ آمین

(نوٹ) مریضہ سے یہ کہنا ہے کہ روزانہ عرق گلاب کی بوتل ہر یا شافی یاسلام سو (100) بار پڑھ کر دم کرنا ہے اور اپنے ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھوں کو پورے جسم پر پھیر لینا ہے اور اسی طریقے سے صبح شام سو سو (100-100) بار یا حافظ یا حفیظ پڑھ کر اپنے تعویذ پر بھی دم کریں اور ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھوں کو پورے جسم پر پھیر لیں۔ یہ پڑھنے اور دم کرنے کا عمل پاکی ناپاکی ہر طرح کی صورت میں کر سکتی ہیں۔

نظراتِ سیارگان کے اعمال

مرتب: ارکین روحانی علاج گاہ

تربیع عطارد مشتری کا خاص عمل برائے تباہی و بربادی دشمن

تربیع عطارد و مشتری کے وقت کی ابتداء **8** جولائی بروز جمعہ رات **11** بج کر **20** منٹ پر ہوگی اور اختتام **9** جولائی بروز ہفتہ دوپہر **11** بج کر **1** منٹ تک ہوگا۔

اگر کسی دشمن یا بدمعاش ظالم، فاسق و فاجر کا اڈہ اور ڈیرہ برباد اور ویران کرنا ہو تو اس نقش کو استعمال میں لائیں۔

یہ نقش تربیع عطارد مشتری کے خاص وقت میں اعمال شر کی سیاہی سے تیار کریں۔ 3 تعویذ تیار کرنے میں ایک تعویذ 2 پرانی قبروں کے درمیان دفن کریں۔ دوسرا اس گھر کے راستے میں دفن کریں۔ تیسرا پانی میں ڈال کر اس پانی کو 3 منگل اس کے ڈیرے کے اندر یا گیٹ کے باہر چھڑکیں۔

تسدیس عطارد مریخ کا خاص عمل برائے الفت و محبت قائم رکھنے کا عمل

تسدیس عطارد مریخ کے وقت کی ابتداء **4** جولائی بروز پیر دوپہر **16** بج کر **12** منٹ پر ہوگی اور اختتام **6** جولائی بروز بدھ صبح **6** بج کر **29** منٹ تک ہوگا۔

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ محبت ہمیشہ قائم رہے، مثالی رہے۔ اس میں کسی قسم کا فرق اور کمی نہ آئے تو اس کو چاہیے کہ تسدیس عطارد و مریخ کے خاص وقت میں یہ تعویذ لکھے۔ طالب اور مطلوب دونوں کے نام مع والدہ لے کر ان کے اعداد نکال لیں۔ اور ان اعداد میں 1050 کا مزید اضافہ کر دیں۔ پھر زعفرانی سیاہی سے یہ 3 عدد نقش لکھیں۔ ایک اپنے پاس رکھے۔ ایک وزن کے نیچے رکھے۔ اور تیسرا کسی پھل دار درخت سے لٹکائے۔

تعویذ یہ ہے۔

٦	٩	١٢	٣
١٠	٤	٥	١٠
١	١٤	١١	٨
١٢	٧	٢	١٣

دشمنی اور جدائی پیدا کرنے کا عمل

عطارد قران مریخ کے وقت کسی نحس ساعت میں کالی سیاہی میں سرکہ شامل کر کے بھوج پتر پر زعفران سے لکھ کر دو پرانی قبروں کے درمیان دفن کریں، جدائی واقع ہو جائے گی۔

نوٹ: بغیر شرعی اجازت یعنی مفتی صاحب سے پوچھے بغیر اس طرح کے عمل ہرگز نہ کریں۔

والقینا بینھم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیمۃ

یا اللہ

بحق

یا اللہ

یا اللہ

یا اللہ

البغض والعداوۃ

فلاں بن فلاں وبین فلاں بن فلاں

تثلیث عطارد زحل کا خاص عمل برائے حل المشکلات

تربیع عطارد و مشتری کے وقت کی ابتداء 02 جولائی بروز ہفتہ رات 02 بج کر 43 منٹ پر ہوگی اور اختتام 3 جولائی بروز اتوار صبح 04 بج کر 23 منٹ تک ہوگا۔

مشکلات خواہ کیسی ہی کیوں نہ ہوں۔ اس تعویذ اور عمل سے فوری ختم ہوں گی۔ آزمائش یقیناً شرط ہے۔ یہ سورۂ ملک کا عددی نقش ہے۔ جس کو بھی دیا، جب دیا، جس مشکل کے لیے دیا، اللہ نے مشکلوں کو حل فرما دیا۔ اس نقش کو زعفرانی سیاہی سے تیار کریں اور تیار کرنے کے بعد اس نقش پر گیارہ (11) دن گیارہ (11) بار سورۂ ملک پڑھ کر دم کریں اور اللہ پاک سے خصوصی دعا کریں۔ گیارہ (11) دن۔ گیارہ (11) بار سورۂ ملک پڑھنے کے بعد اگر مشکل مکمل طور پر دور نہ ہو تو پھر مکمل طور پر مشکل دور ہونے تک ایک بار صبح شام سورۂ ملک پڑھیں اور دعا مانگیں۔

۳۳۱۹۹	۳۳۱۹۴	۳۳۲۰۱
۳۳۲۰۰	۳۳۱۹۸	۳۳۱۹۶
۳۳۱۹۵	۳۳۲۰۲	۳۳۱۹۷

نام مع والدہ اور پریشانی کا نام لکھ کر اس کے حل کیلئے لکھیں۔

مختلف طریقوں سے روحانی تشخیص کرنا سیکھیں

آج کے دور میں ایک طرف تو جنات، شیاطین اور جادو کے اثرات بہت تیزی سے پھیل رہے ہیں تو دوسری طرف غلط قسم کے عاملین اور روحانی معالجین بھی تیزی سے پھیل رہے ہیں۔ مریضوں اور سائلین کو غلط تشخیص بلکہ جھوٹی تشخیص کر کے ڈراتے ہیں اور ان سے پیسے بٹورتے ہیں۔ اور بھی بے شمار غلط کام کرواتے ہیں۔

صحیح علاج کے لئے صحیح تشخیص ہونا نہایت ضروری ہے۔ غلط تشخیص سے معالج آغاز سے ہی غلط طرف چل پڑتا ہے۔ اسی طرح ہر گھر میں ایک فرد ایسا ضرور ہونا چاہئے جس کو روحانی تشخیص کرنا کسی نہ کسی درجے میں آتی ہو تا کہ بوقتِ ضرورت وہ تشخیص کر کے فیصلہ کر سکے کہ مریض کو روحانی معالج کی ضرورت ہے یا جسمانی معالج کی۔ اور فراڈ اور غلط قسم کے عاملوں سے خود، اپنے گھر والوں اور دوسروں کو بھی بچا سکے۔

اسی ضرورت کے تحت دارالعمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ نے علم التشخیص کا ابتدائی کورس مرتب کیا ہے۔ اس کورس کو کرنے کے بعد ایک عام آدمی بھی اس قابل ہو جاتا ہے کہ وہ مختلف طریقوں سے مریض کی روحانی تشخیص کر کے با آسانی بتا سکتا ہے کہ مسئلہ جسمانی ہے یا روحانی۔

یہ کورس ہر کوئی سیکھ سکتا ہے۔ بہت سے عاملین تشخیص کے فن سے ناواقف ہوتے ہیں۔ ان کے لئے یہ کورس بہت مفید ہے۔ اس میں کئی طرح کے اعمال کی زکوۃ نکلوائی جاتی ہے۔ کورس کی فیس 3000 روپے ہے۔ مدت دو سے تین ماہ ہے۔ جو افراد پہلے سے عملیات سے منسلک ہیں یا چلہ کشی نہیں کر سکتے، وقت نہیں ہے، وہ خاص اجازت لے کر سیکھ سکتے ہیں۔ ان کے لئے فیس 6000 روپے ہے۔

بکرے کا صدقہ

بکرے کا صدقہ کرنا عملیات اور روحانی علاج میں ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔ عوام کے ساتھ ساتھ عاملین کے لیے بھی بکرے کا صدقہ کرنا بہت فائدہ مند ہے۔ آج کے مہنگائی والے دور میں بکرے کا صدقہ کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ اور ہر ماہ باقاعدگی سے کرنا کا تو بہت سے لوگ سوچ بھی نہیں سکتے۔ اس صورتحال کو دیکھتے ہوئے دارالعمل چشتیہ کی انتظامیہ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ بکرے کا صدقہ ایسے طریقے پر کیا جائے جس میں عوام اور عاملین آسانی کے ساتھ شامل ہو سکیں اور کم سے کم خرچ میں فائدہ اٹھا سکیں۔ ایک فرد کے لیے یا ایک حاجت کے لیے مکمل بکرے کا صدقہ کرنے کا جو فائدہ ہوتا ہے، اتنا فائدہ ایک بکرے میں زیادہ حصہ دار کرنے سے نہیں ہوتا۔ لیکن کچھ نہ ہونے سے کچھ ہونا بہتر ہے۔

نیز، ہمارے ہاں جو بکرے کا صدقہ کیا جاتا ہے، اس پر عاملین اپنے خاص اعمال پڑھ کر دم بھی کرتے ہیں۔ یہ خاص عملیاتی صدقہ ہوتا ہے۔ اس لیے اس کا کم فائدہ بھی عام بکرے کے صدقے کے مقابلے میں، بہت ہوتا ہے۔

کئی سال سے بکرے کا صدقہ ادارے میں کیا جاتا تھا جس میں صرف ادارے کے اراکین ہی شامل ہوتے تھے۔ اب یہ سہولت عوام اور دیگر عاملین کو بھی دی جارہی ہے کہ وہ بکرے والے صدقے میں شامل ہو سکتے ہیں۔ جس ماہ میں صدقہ کیا جائے گا، اس کی اطلاع ماہنامہ خزینۂ روحانیات اور ویب سائٹ میں دی جائے گی۔

سائلین اور مریضوں کے لیے چند فوائد

درج ذیل میں چند ایسی صورتیں لکھی جاتی ہیں جن میں بکرے کا صدقہ کرنا بہت مفید مانا گیا ہے۔

- مصیبتیں اور پریشانیاں...... جن سے نجات نہ مل رہی ہو۔
- مشکلیں...... جن کا کوئی حل نہ نکل رہا ہو۔
- حاجت ...... جو کسی طرح پوری نہ ہو رہی ہو اور طرح طرح کی رکاوٹیں پیش آ رہی ہوں۔
- سخت جادو...... جس سے باوجود بہت علاج کروانے کے نجات نہ مل رہی ہو اور بار بار اثرات آ رہے ہوں یا روحانی علاج میں رکاوٹ آ رہی ہو۔
- جنات اور شیاطین...... کسی طرح نجات نہ مل رہی ہو۔
- رشتے اور شادی کے معاملات...... مسلسل رکاوٹیں آ رہی ہوں۔
- بیماریاں...... بہت علاج کے باوجود شفایابی نہ مل رہی ہو۔
- معاشی معاملات...... روزگار نہ ملنا، کاروبار نہ چلنا یا بندش کا شکار، ملازمت میں پریشانی یا خطرے میں پڑ جانا۔
- ازدواجی و سسرالی مسائل...... طلاق تک نوبت، شوہر کا بہت مار پیٹ کرنا، غیر عورتوں سے ناجائز تعلقات، سسرالیوں کا ناجائز تنگ کرنا۔

عاملین کے لیے فائدے

جو عامل جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کا علاج کرتے ہیں، وہ ایک طرح سے حالتِ جنگ میں ہوتے ہیں۔ دشمن جادوگروں اور جنات و شیاطین سے ہر وقت حملہ کا ڈر رہتا ہے۔ حصارات کی پابندی جتنی بھی کی جائے، بھول چوک ہو ہی جاتی ہے۔ اگر نہ بھی ہو اور عامل پابندی کرتا ہو تب بھی اس کے گھر والوں کی پابندی نہ کرنے سے اثرات اہل و عیال پر آ ہی جاتے ہیں۔ کمزور حفاظت والے عاملین اکثر رجعت اور بندشوں کا شکار رہتے ہیں۔ کبھی عمل چلنا بند ہو جاتے ہیں، کبھی خود بیمار، کبھی بیوی بچے بیمار، کبھی روزگار کی بندش اور آمدن بالکل نہ ہونے کی شکایت۔ اسی طرح کے مسائل کا شکار عاملین بھی بکرے کے صدقے سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور باقاعدہ سے ہر ماہ آخری منگل کو صدقہ ادا کر کے روحانی اثرات سے پیدا ہونے والی بندشوں، رکاوٹوں، مصیبتوں، پریشانیوں اور بیماریوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں اور اگر خدانخواستہ مبتلا ہو گئے تو ان شاء اللہ، بہت جلد نجات کی صورت نکل آئے گی۔

بکرے کے صدقہ میں شامل ہونے کا طریقہ

یہ صدقہ اسلامی ماہ کے آخری منگل کو کیا جاتا ہے۔ جو احباب شامل ہونا چاہیں، وہ محرم الحرام **1444**ھ کی بیس تاریخ تک **3500** روپے ادارے میں جمع کروا دیں۔ سائل کا نام مع والدہ، شہر اور مقصد/حاجت واضح بتائیں۔ عاملین کے لیے صرف اپنا نام و شہر اور یہ نیت کہ ہر طرح کے جادو جنات کے علاج کرنے کے مضر اثرات سے اپنی و اہل و عیال کی حفاظت و نجات کی نیت کافی ہے۔ اگر کوئی اور خاص مقصد ہو تو وضاحت کی جائے۔

نوٹ: ادارے کو اختیار ہے کہ کسی ماہ صدقہ کا عمل بغیر وجوہات بتائے منسوخ کر دے۔ جو رقم لی جائے گی، وہ ادارے کے پاس امانت ہوگی۔ چاہے سائل واپس لے، چاہے اگلے بار کے صدقے کے لیے متعین کر دے۔

میاں بیوی کے درمیان مثالی محبت

خالد مقبول حفظہ اللہ

اوجِ زہرہ کا خاص عمل

ابتداء	خاتمہ
10-07-22 19:04	11-07-22 15:03

اگر زوجین (میاں بیوی) کے درمیان اختلاف رہتا ہو، لڑائی ہوتی رہتی ہو، میاں زبان دراز ہو، بیوی زبان دراز ہو، دونوں میں سے کسی طرف سے بھی محبت میں کمی ہوگئی ہو، نوبت جدائی اور طلاق تک چلی گئی ہو، شوہر کی رغبت بیوی کی طرف بہت کم ہوگئی ہو، بیوی کی رغبت شوہر کی طرف بہت کم ہوگئی ہو...... الغرض شوہر بیوی کے آپس میں تعلق کا کوئی بھی مسئلہ ہو، اس خاص وقت میں اس عمل کو کریں اور اپنا دامن خوشیوں سے بھر لیں۔

عاملین حضرات خاص کر اس موقع سے فائدہ اٹھائیں۔ آج کل زوجین کے اختلافات کا معاملہ بہت عام ہوگیا ہے۔ وقت سے پہلے تیاری رکھیں اور اپنے تمام زوجین کے مسائل کا شکار سائلین کے لیے اس عمل کو استعمال میں لائیں۔

اجازت: روحانی درس گاہ کے تمام شاگردوں کو ہماری طرف سے خاص اجازت ہے۔ باقی عاملین اپنے اساتذہ سے اجازت لے کر عمل کر سکتے ہیں۔ الحمد اللہ، بدوح اور ودود...... دونوں کے عمل کیے ہوئے ہیں اور یہ دونوں عمل روحانی درس گاہ میں سکھائے بھی جاتے ہیں۔

نوٹ: جو افراد یہ عمل تیار نہ کر سکیں تو وہ روحانی دکان سے رابطہ کر کے یہ عمل تیار کروا سکتے ہیں۔ رابطہ 0334/0320-4312272

اوجِ زہرہ کے اوقات میں جو بھی زہرہ کی ساعت ہو، اس میں اس زعفرانی سیاہی سے یہ خاص تعویذ کو لکھیں۔

بسم اللہ الملک الحق المبین الحنان المنان الرحمٰن الرحیم۔

وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدٰىنَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَاۤ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ وَنُوْدُوْۤا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۔

وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّاۤ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ۔ یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ۔

بدوح بدوح بدوح بدوح بدوح بدوح بدوح بدوح بدوح بدوح

ودود ودود ودود ودود ودود ودود ودود ودود ودود ودود ودودودودودودودودودودودود۔

لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

بو	دد	وو	حل
دد	وو	حل	بو
وو	حل	بو	دد
حل	بو	دد	وو

الحب فلان بن/بنت فلانۃ علی حب فلان بن/بنت فلانۃ

۹۲	۱۰۶	۱۰۳	۹۹
۱۰۴	۹۸	۹۳	۱۰۵
۹۷	۱۰۱	۱۰۸	۹۴
۱۰۷	۹۵	۹۶	۱۰۲

تعویذ کو لکھنے کے بعد تعویذ میں لکھے گئے کلام کو چالیس (40) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اول و آخر آٹھ (8) بار درود شریف۔ اس دوران تعویذ کو بہت اعلیٰ عربی بخور کی دھونی دیتے رہیں۔

استعمال: سائل/سائلہ اپنے پاس رکھے۔ اگر میاں بیوی...... دونوں کو یا کسی ایک کو بتائے بغیر کرنا ہے یا تعویذ پاس رکھنا ممکن نہ ہو تو گھر میں لٹکا دیں، فریق مخالف کے تکیہ کے نیچے رکھیں۔

اوج شمس کے وقت کی ابتداء 11 جولائی بروز پیر رات 12 بج کر 20 منٹ پر ہوگی اور اختتام 12 جولائی بروز منگل دوپہر 13 بج کر 31 منٹ تک ہوگا۔

سیارہ شمس کو شہنشاہ فلک اور بادشاہ فلک کے نام سے پکارا اور جانا جاتا ہے۔ اس لیے کہ نظام شمسی کے تمام کے تمام سیارے سیارہ شمس کے ماتحت اور زیر اثر ہوتے ہیں۔ قارئین آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ سیارہ شمس قوت، طاقت، توانائی کی بقاء کا مظہر ہے۔ شمس ایک سعد سیارہ ہے۔ لہٰذا اوج شمس کے اس نہایت ہی سعد اور مبارک وقت سے ہر شخص فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ اوج کے معانی چونکہ بلندی، اونچائی، عروج، شان وشوکت اور ترقی وغیرہ بنتے ہیں۔ تو مطلب بات آپ کی سمجھ میں بخوبی آگئی ہوگی کہ یہ وہ مبارک وقت ہے کہ جس میں سیارہ شمس اپنی پوری اوج یعنی پوری بلندی، پوری اونچائی، پورے عروج، پوری شان وشوکت اور پوری ترقی میں ہوتا ہے۔ تو اس اوج شمس کے وقت میں بلندی پانے کے اعمال، بلندی حاصل کرنے کے اعمال، پستی سے بلندی کی طرف جانے کے اعمال، عروج حاصل کرنے کے اعمال، شہرت پانے کے اعمال، شان وشوکت حاصل کرنے کے اعمال، ترقی پانے کے اعمال، جاہ حشمت کے اعمال، بلندی مرتبہ کے اعمال، سیاسی، سماجی، مذہبی، تحریکی کامیابی کے اعمال، دشمن پر غلبہ اور برتری پانے کے اعمال نیز ہر وہ کام کہ جس میں آپ بلندی اور عروج کمال چاہتے ہیں۔

اور ہر وہ بیماری جس نے آپ کو کسی کام کا نہیں چھوڑا گویا کہ عرش سے فرش پر لا کر چھوڑ دیا ہے۔ اس بیماری سے دوبارہ بہت جلدی سے صحت مندی پانے کے اعمال، فالج اور لقوہ سے شفایابی کے اعمال، حصول طاقت کے اعمال حصول قوت کے اعمال آپ تیار کر بھی سکتے ہیں اور تیار کروا بھی سکتے ہیں۔

اوج شمس کے اس خاص وقت میں سورۂ شمس کے بہت سارے اور بہت طریقوں سے اعمال لکھے جاتے ہیں۔ روحانی عاملین اس وقت سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔

لوح اوج شمس

نیچے نام مع والدہ اور مقصد لکھا جائے اور 5 دن 32 بار سورۂ شمس پڑھ کر اس کو دم کیا جائے اور 160 روپے کی شیرینی نابالغ بچوں میں تقسیم کر کے اس کو پہن لیں۔

۷۸۶

والشمس وضحٰھا

۴۸۷۴	۴۸۷۷	۴۸۸۱	۴۸۶۷
۴۸۸۰	۴۸۶۸	۴۸۷۳	۴۸۷۸
۴۸۶۹	۴۸۸۳	۴۸۷۵	۴۸۷۲
۴۸۷۶	۴۸۷۱	۴۸۷۰	۴۸۸۲

والشمس تجری لمستقر لھا

آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

بیٹا جلد قرآن بھول جاتا ہے

سوال میں اپنے بیٹے کو حفظ کروا رہا ہوں۔ شروع میں کچھ بہتر تھا۔ اب بہت تنگ کر رہا ہے۔ بار بار سبق بھول جاتا ہے۔ تین قاری صاحب بھی تبدیل کر چکا ہوں۔ مہربانی فرما کر اس کا کوئی روحانی حل بتائیں۔ (ع، لاہور)

جواب سب سے پہلے بیٹے کی روحانی تشخیص کروائیں۔ میرے حساب میں معمولی شیطانی اثرات اور نظر بد کا معاملہ ہے۔ پہلے اس کا علاج کریں۔

شیطانی اثرات کے لیے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بچے کو سامنے بٹھا کر اکتالیس (41) بار صبح وشام پڑھ کر دم کریں۔ دم اس طرح کرنا ہے: پہلے پھونک آنکھوں پر ماریں، پھر دونوں کانوں کے اندر، پھر سر سے لے کر پاؤں تک۔ ایک ہفتہ عمل جاری رکھیں۔

نظر بد کے لیے معوذتین ہر نماز کے بعد تین (3) یا سات (7) بار پڑھ کر دم کریں۔ ایک ہفتہ عمل جاری رکھیں۔

قرآن بھولنے سے بچنے کے لیے ایک تابعی حضرت مغیرہ بن سبیع رحمۃ اللہ علیہ کا تجویز کردہ روحانی وظیفہ لکھ رہا ہوں۔ حضرت مغیرہ بن سبیع رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے مشہور ساتھیوں میں سے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ جس شخص نے سوتے وقت سورہ بقرہ کی دس (10) آیات پڑھی تو وہ کبھی بھی قرآن نہیں بھولے گا۔ چار آیات شروع کی اور آیۃ الکرسی اور اس کے بعد دو آیات اور تین (3) آیات آخر کی۔ (دارمی)

بیٹے کو تاکید کریں کہ اس عمل کو تا زندگی جاری رکھے۔ اگر اس عمل کے کرنے کے باوجود قرآن بھولنا شروع ہو جائے تو پھر رابطہ کریں۔

بہن...... بہنوئی کے غصہ سے بہت تنگ ہے

سوال میری بہن اپنے شوہر کے غصہ سے بہت زیادہ تنگ ہے۔ میری بہن کہتی ہے کہ آخر میں بھی انسان ہوں، کتنے سالوں سے برداشت کرتی آ رہی ہوں۔ ان کا غصہ کم ہی نہیں ہوتا۔ بہنوئی نے بھی مجھے کہا ہے کہ اگر تمہاری بہن نہیں رہنا چاہتی تو ہم راستہ الگ کر لیتے ہیں۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ میری بہن کا گھر بسا رہے اور بہنوئی کا غصہ کم ہو جائے تاکہ وہ میری بہن پر ہر وقت غصہ نہ کیا کریں۔ (م، لاہور)

جواب آپ اپنی بہن کو کہیں کہ اکیس دن کا یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ، بہنوئی کا غصہ کافی کم ہو جائے گا۔ اس بات کا خاص دھیان رکھیں کہ ان اکیس دنوں میں آپ کی بہن ضبط کا مظاہرہ کریں اور ہرگز کسی بھی بات پر اپنے شوہر سے لڑائی اور زبان درازی نہ کریں۔

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (آل عمران:۱۳۴)

روزانہ ایک سو (100) مرتبہ درج بالا آیت کو چینی پر دم کریں اور اپنے شوہر کو کسی بھی صورت میں یہ چینی کھلائیں۔ اول و آخر ایک بار درود ابراہیمی۔ جس دن پاکی کا غسل کریں، اسی دن سے عمل شروع کریں۔

شوہر گھر چھوڑ گیا ہے، واپس نہیں لینے آ رہا

سوال السلام علیکم! میرے شوہر نے کسی شادی پر جانا تھا۔ میں نے کہا کہ مجھے والدہ کے گھر چھوڑ دیں۔ چھوڑنے کے کچھ دن بعد میرے کپڑے بھجوا دیے۔ اب وہ مجھے لینے نہیں آ رہے۔ وہ کہتے ہیں کہ خود آ جاؤ۔ میں چاہتی ہوں کہ وہ مجھے لینے آئیں۔

دوسری بات یہ کہ ان پر جنات کے اثرات بھی ہیں۔ ایک عامل نے عمل

کیا تھا اور ان پر حاضری بھی کروائی تھی۔ میں یہ چاہتی ہوں کہ جنات کا اثر بھی ختم ہوجائے۔

یہ میری دوسری شادی ہے اور میرے شوہر کی بھی دوسری شادی ہے۔ مجھے شک ہے کہ وہ پہلی بیوی کو دوبارہ گھر لے کر آ رہے ہیں کیونکہ اس میں سے ان کا بچہ بھی ہے۔ میری مدد کریں۔ (پوشیدہ)

جواب وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ! سب سے پہلے تو اس بات کا شکر ادا کریں کہ آپ کے شوہر نے کہا ہے کہ خود آ جاؤ۔ بہت سی عورتیں تو یہ سننے کو بھی ترستی ہیں۔ یہ انتہائی معیوب بات ہے کہ آپ چاہتی ہیں کہ شوہر خود لینے آئے۔ آپ گھر بسانا چاہتی بھی ہیں یا نہیں؟ میرا مشورہ ہے کہ فوراً شوہر کے گھر خود جائیں اور وقت ضائع نہ کریں۔

اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو تو پھر "اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ" گیارہ سو (1100) مرتبہ گیارہ (11) دن پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ (11) بار درود شریف۔ وقت ایک رکھیں۔ وظیفہ پڑھ کر تصور میں دم کریں اور تصور میں دیکھیں کہ شوہر آ کر لے گئے ہیں۔ ان شاء اللہ شوہر آ کر لے جائیں گے۔

جہاں تک جنات کے اثرات کے علاج کی بات ہے، پہلے اپنے سسرال جانے کی کریں۔ یہ بعد کی بات ہے۔ اگر یہ جناتی اثرات آپ کے جانے میں رکاوٹ بنے تو پھر بھی ان کا علاج آپ سے نہ ہو سکے گا۔ آپ نے بتایا ہے کہ ان پر حاضری ہوئی تھی۔ اگر صحیح میں جن حاضر ہوا تھا تو پھر آپ کے پڑھنے سے تو وہ جانے سے رہا۔ اس کے لیے کسی عامل جنات کی خدمات حاصل کریں کیونکہ جنات سے نمٹنا انہی کا کام ہے۔ اگر ہمارے ادارے سے علاج کروانا چاہیں تو روحانی علاج گاہ کے نمبر 0309-7772772 پر رابطہ کریں۔

حمل نہیں ٹھہر رہا

سوال مجھے پانچ سال پہلے حمل ہوا۔ حمل میں بہت طبیعت خراب ہوئی۔ پیٹ اور سینے میں بہت جلن ہوتی تھی۔ ڈاکٹر نے ایک سیرپ پینے کے لیے دیا۔ اس سیرپ کے پینے سے جسم میں ٹھنڈک محسوس ہونے لگی مگر ساتھ ہی درد شروع ہو گیا اور آخر کار خون جاری ہو گیا۔ بیٹی پیدا ہوئی اور چار گھنٹہ زندہ رہ کر ختم ہو گئی۔ پھر مجھے 9 ماہ بعد پھر حمل ہوا مگر وہ تین چار ماہ بعد ضائع ہو گیا۔ اس کے بعد سے اب تک میں بہت علاج کروا چکی ہوں مگر مجھے حمل نہیں ٹھہرتا۔ میری مدد کریں۔ میں بہت زیادہ ٹینشن میں ہوں۔ مجھے سسرال میں بہت زیادہ باتیں سننے کو ملتی ہیں۔ میرے شوہر کا بھی رویہ اب تبدیل ہوتا جا رہا ہے۔ کہیں مجھ پر کوئی جادو کا اثر تو نہیں؟ (ش، لاہور)

جواب آپ کی قمیض کی تشخیص کے مطابق تو آپ پر کسی قسم کا بھی اثر نہیں ہے یعنی جادو اور جنات...... دونوں کا اثر نہیں ہے۔ آپ کا معاملہ طبی ہے۔ اس کا باقاعدہ کسی اچھے ڈاکٹر یا حکیم سے علاج کروائیں۔ اس سلسلے میں دارالعمل چشتیہ کے شعبہ "مطب العارف" سے بھی رابطہ کر سکتی ہیں۔ وہاں مولانا حکیم سلیم اللہ صاحب سے صبح 11 سے شام 5 بجے تک 0304-7772772 پر کال (علاوہ جمعہ) کر کے بات کریں۔

روحانی علاج کے طور پر روحانی دکان سے "روحانی چھوارے" منگوا لیں۔ روحانی چھوارے کا علاج اس وقت کریں جب آپ کے خاوند پاک ہونے کے بعد آپ کے پاس ہوں۔ ان شاء اللہ، ایک سے تین ماہ میں حمل قرار پائے گا۔

نیز ساتھ ہی روحانی دکان سے "اٹھرا" کا بھی روحانی کورس منگوائیں۔ روحانی دکان کا نمبر 0334-4312272 ہے۔

دعائے تسخیر کے عامل بنیں

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

تسخیر کا مطلب ہے کسی کو فرمانبردار بنانا، تابع کرنا، دل اپنی طرف مائل کرنا، کسی کو قابو کرنا۔ عملیات میں تسخیر کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ کسی غیبی مخلوق (جن، پری، شیطان وغیرہ) کو قابو کرنا۔ تسخیر کی دو اقسام ہوئیں۔ ایک کا تعلق انسان سے اور دوسرے کا تعلق غیبی مخلوق سے۔ ''دعائے تسخیر'' کا تعلق انسانوں سے ہے۔

دعائے تسخیر کے فوائد

''دعائے تسخیر'' ایک خاص دعا ہے جو تسخیر قلوب کے لیے بہت ہی مجرب ہے۔ اس کا عامل بننے سے درج ذیل فوائد حاصل ہوں گے:

* نافرمان بچے......والدین کے فرمانبردار ہوجائیں۔
* نافرمان ملازم......مالک کا فرمانبردار ہوجائے۔
* نافرمان بیوی......شوہر کی فرمانبردار ہوجائے۔
* حاکم کی رعایا اس کے تابع رہے، بغاوت نہ کرے۔
* مالک کے ملازمین تابع رہیں، کہنا مانیں۔
* دفتر میں افسر کے نیچے والے تابع رہیں۔
* لوگوں کا رجوع عامل کی طرف ہو۔
* لوگوں کا رجوع طبیب (ڈاکٹر، حکیم) کی طرف ہو۔
* لوگوں کا رجوع کاروبار کرنے والے کی طرف ہو۔
* لوگوں کا رجوع وکیل کی طرف ہو۔
* کسی خاص فرد کا دل اپنی طرف مائل ہو۔
* شادی کے لیے کسی کو اپنی طرف مائل کرنا۔
* کسی سے کوئی بات منوانے کے لیے اس کا دل ودماغ قابو کرنا۔
* لوگوں میں عزت کا مقام حاصل ہو۔

الغرض اس کے اور بہت فائدے ہیں جو عامل بننے والے ہی بہتر جان سکتے ہیں۔

کون یہ عمل کرے؟

ہر وہ شخص، جس کا کاروباری نوعیت کا انسانوں سے تعلق ہو۔ ہر وہ فرد، جو اپنے قریبی انسانوں سے محبت کا تعلق بنانا چاہے۔ ہر وہ شخص، جو چاہے کہ اس کے قریب لوگ اس کی عزت کریں۔ ہر وہ سیاستدان جو چاہتا ہے کہ اس کی اپنے حلقے میں مقبولیت ہو۔ لڑکی شادی سے قبل یہ عمل ضرور کرے تاکہ سسرال میں اس کو محبت اور عزت ملے۔

کب یہ عمل کرے؟

لڑکی کو سسرال جانے سے تین ماہ قبل یہ عمل کروایا جائے۔ کوئی بھی کاروباری فرد، کاروبار شروع کرنے سے پہلے یہ عمل کرے۔ سیاست دان اپنی سیاسی مہم شروع کرنے سے قبل یہ عمل کرے۔

اجازت کا طریقہ

اس عمل کی اجازت ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے ہے۔ دیگر افراد کے لیے ہدیہ **1100** روپے ہے۔ یہ عمل اپنے گھر بیٹھے آسانی کے ساتھ کیا جاسکتا ہے۔

عمل کا طریقہ

عمل: يَا عَزِيْزُ عَزِّزْنِيْ مِنْ كُلِّ عَزِيْزٍ م بِحَقِّ يَا عَزِيْزُ۔

تعداد: چھ سو اٹھانوے (**698**) مرتبہ۔

درود: چودہ (**14**) مرتبہ اوّل وآخر۔

مدت: اٹھائیس (**28**) یوم۔ **وقت:** وقت مقرر۔

جگہ: قید نہیں۔ **پرہیز:** گناہوں سے پرہیز۔

مداومت: پانچ (**5**) مرتبہ، اوّل وآخر ایک بار درود شریف۔

نوٹ: روحانی درس گاہ میں اس دعا کا باقاعدہ عمل کروایا جاتا ہے۔ اس کے تین (3) درجے ہیں۔ تیسرے درجہ کرنے پر عامل کو بہت زیادہ تسخیر کی قوت حاصل ہوجاتی ہے۔ عاملین کے لیے نایاب روحانی تحفہ ہے۔

روحانی علاج کرنے والے عاملین متوجہ ہوں

”سات سلام اور چہل کاف“ ایک ایسا خاص اور بابرکت عمل ہے، جس کی اجازت جاری ہوتے ہی، بغیر چلہ کشی کیے، اجازت یافتہ کو اس عمل کا فیض ملنا شروع ہوجاتا ہے۔ صرف اتنا ہی نہیں، اس عمل کی غیبی مخلوق کی باقاعدہ معاونت اجازت یافتہ کے ساتھ ہوجاتی ہے۔

عاملین اور روحانی معالجین کا معاملہ تو الگ ہے۔ وہ چلہ کشی بھی کرتے ہیں اور ایک نہیں، کئی اعمال کے عامل ہوتے ہیں۔ یہ سب اس لیے ہے کہ انہوں نے جادوگروں اور جنات، آسیب و شیاطین سے لڑنا ہوتا ہے۔ اس لڑائی کے نتیجے میں بد اثرات عامل، عامل کے گھر والوں، عامل کے کاروبار اور دیگر معاملات پر بھی پڑتے ہیں۔ مگر بہت ہی کم عامل اس بات پر توجہ دیتے ہیں جس کی وجہ سے جلد یا دیر، وہ اثرات میں جکڑے جاتے ہیں۔ ان کے عمل بھی چلنا بند ہوجاتے ہیں اور دیگر معاملات میں بھی بہت خرابی آجاتی ہے۔

عامل اپنی اہلیہ یا گھر والوں کو اجازت دلوائیں: جب کہ اس کا آسان حل یہ ہے کہ عامل اپنا اور باہر کے تمام مریضوں کے معاملات دیکھے۔ اگر وہ خود اپنی اہلیہ، بچوں اور دیگر گھر والوں کے معاملات دیکھ سکتا ہے تو یہ سب سے بہتر ہے ورنہ وہ اس عمل کی اجازت اپنی اہلیہ کو لازمی دلوائیں۔ اگر اہلیہ نہ ہو تو پھر گھر میں کوئی بھی ایک ذمہ دار فرد ہو جو اس عمل کو پابندی سے کرے۔ آج تک جتنے عاملین نے اپنی اہلیہ اور گھر والوں کو اس عمل کی اجازت دلوائی ہے، ان کے گھر اثرات بھی نہیں آتے، معاملات بھی خوب سے خوب تر ہوتے چلے جاتے ہیں، مریضوں کو بھی بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے کیونکہ عامل خود بھی روحانی طور پر صاف، اس کے گھر کا روحانی ماحول بھی صاف، اس سے عامل کے تمام روحانی اعمال کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔

عامل اپنے روحانی مریضوں کو اجازت دلوائیں: آج کل کثرت سے ایک معاملہ سامنے آرہا ہے اور وہ یہ ہے کہ جادو یا جنات کے اثرات ختم تو ہوجاتے ہیں مگر جلد یا دیر، دوبارہ ہوجاتے ہیں۔ حفاظتی اعمال کے باوجود ایسا ہوتا ہے۔ سحرِ مسلسل کے مریضوں کی جان ہی نہیں چھوٹتی۔ عاملین کے پاس بھی اثرات کے بار بار آنے کا مستقل کوئی حل نہیں ہے۔ جو مریض دور ہوتے ہیں، شہر سے باہر یا ملک سے باہر یا پھر ایسے مریض جس کو کوئی علاج نہ دیا جاسکتا ہو، ان کا علاج اکثر عاملین سے نہیں ہوتا۔ بار بار عمل کروانے سے مریض عامل سے متنفر ہوجاتا ہے۔ خود عمل کرنے سے بھی متنفر ہوجاتا ہے۔ کئی مریض بار بار علاج کے اخراجات برداشت نہیں کرپاتے۔ ان سب معاملات کا حل اپنے مریض کو اس عمل کی اجازت دلوانا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل مریض سے خود معاملات طے کرے، اس کی رہنمائی بھی خود کرے، بس ادارے کو اجازت کا ھدیہ ادا کرے۔ مریض سے جو مناسب سمجھے، پیسے لے۔ اس سے ادارے کا کوئی تعلق نہیں۔ مریض کو اجازت جاری کردی جائے گی۔ عامل کی شہرت الگ ہوگی کہ دور دور کے مریضوں کا علاج با آسانی کرے گا جب کہ محنت ساری مریض کی ہوگی، عامل کا کام رہنمائی کرنا ہوگا۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ کریں۔

نوٹ: اجازت دلوانے والے کو کس طرح مریض نے اس عمل سے کام لینا ہے؟ جنات کی معاونت کیسے لینی ہے؟ سب بتایا جائے گا۔

آسان عملیات

مولانا اعجاز احمد خان سنگھانوی مدظلہٗ (کراچی)

بحفاظت گھر سے نکلنا اور بحفاظت واپس آنا اور مکان کی حفاظت کا عمل

جب گھر سے روانہ ہو تو گھر کے اندر ہی آیۃ الکرسی پڑھنا شروع کر دے۔ آیۃ الکرسی کے بعد سورۂ قریش (پ ۳۰) پڑھے اور اپنے مقام کاروبار، دوکان، دفتر، منڈی، بندرگاہ، ہوائی اڈے پر پہنچ جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ خود بھی محفوظ رہے گا اور گھر میں رہنے والے بھی محفوظ رہیں گے۔

آیۃ الکرسی یہ ہے:

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَاۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ۝ (البقرہ:۲۵۵)

داڑھ کا درد اور ہر قسم کے درد سے نجات

باوضو ایک لکڑی کی تختی پر یا بڑی چینی کی پلیٹ پر پاک ریت (مٹی) پھیلا کر اس پر

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷

ا ب ج د ھ و ز

حروف سرکنڈے یا کسی لکڑی کے ٹکڑے سے لکھے۔ اس پر لوہے کی کیل یا چھری کی نوک حرف الف (ا) پر چھو کر ایک بار سورۂ فاتحہ پڑھے۔ ’’ب‘‘ کے حرف پر چھو کر سورۂ فاتحہ دو (2) مرتبہ پڑھے اور حرف ’’ج‘‘ پر چھو کر تین (3) مرتبہ پڑھے اور حرف ’’د‘‘ پر چھو کر چار (4) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور ’’ہ‘‘ پر چھو کر پانچ (5) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور حرف ’’و‘‘ پر چھو کر چھ (6) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور حرف ’’ز‘‘ پر چھو کر سات (7) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے۔ جب سات (7) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ چکے تو مریض سے معلوم کرے کہ درد کم ہوا یا ختم ہوگیا؟ اس دوران مریض درد والی ڈاڑھ یا درد والے حصے کو ہاتھ سے دبائے رکھے۔ دو تین بار یہ عمل کرے، ان شاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا درد جاتا رہے گا۔

برائے استغناء

سب سے نیاز ختم صرف اللہ تعالیٰ سے قائم

رات کو سوتے وقت دس (10) مرتبہ

اول ایک مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے،

اس کے بعد دس (10) مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ۔

پڑھ کر بات نہ کرے اور سو رہے۔ اگر بات کر لی تو دوبارہ پڑھ کر سو رہے۔

حضرت میاں جی نور محمد جھنجھانویؒ کا حفاظتی عمل

۱ پیرومرشد حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ

۲ حافظ ضامن شہید رحمۃ اللہ علیہ

۳ حضرت مولانا فتح محمد تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

باوضو سمت قبلہ کی طرف منہ کر کے اول و آخر تین تین (3،3) مرتبہ درود ابراہیمی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ يَا بُرْهَانُ. اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ يَا حَنَّانُ. اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ يَا مَنَّانُ. اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ يَا دَيَّانُ. اَلْاَمَانُ مِنْ فِتْنَةِ الزَّمَانِ وَ جَفَاءِ الْاِخْوَانِ وَ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَ ظُلْمِ السُّلْطَانِ بِفَضْلِكَ يَا رَحْمٰنُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

استخارہ کے خاص اعمال

صوفی ظفر محمد کھوکھر (جھنگ)

اس کام میں فائدہ ہوگا یا نہیں قرآنی عمل

عبارت عمل: سُبۡحٰنَكَ لَا عِلۡمَ لَنَاۤ اِلَّا مَا عَلَّمۡتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَلِيۡمُ الۡحَكِيۡمُ ۞ (البقرہ:۳۲)

پہلے پارہ کی آیت ہے۔

طریقہ: آج کل لوگ اس کام میں زیادہ دلچسپی رکھتے ہیں کہ غیب سے مدد ہو جائے، تنگی رزق دور ہو جائے۔ اس کام کے لئے عمل لکھا جا رہا ہے، ہم نے یہ عمل اس کام کے لئے نہیں پڑھا بلکہ ہم نے علم کے لئے پڑھا ہے، جس میں کامیابی ہوئی۔ یہ ہمارے دوست کا عمل تھا جو اب دنیا سے رخصت ہو چکا ہے۔ اس لئے ظاہر کیا گیا۔ عمل کریں، قدرت کسی کی محنت ضائع نہیں کرتی۔ قرآن پاک وہ کتاب ہے جس میں کوئی شک نہیں لیکن اپنے آپ کو شریعت کے مطابق بنانا لازمی ہے، اگر آدمی جھوٹ بولتا ہے تو دو میل دور رحمت کے فرشتے چلے جاتے ہیں، جو حرام کھاتا ہے، اس کی دعا چالیس دن قبول نہیں ہوتی۔ اس لئے دوسرے پر اعتراض کرنے کی بجائے اپنے گریبان میں دیکھو۔ ہم میں قصور تھا جس وجہ سے عمل قبول نہیں ہوا۔ شریعت کے مطابق زندگی گزارو۔ جو بولو گے، قدرت قبول کرے گی۔ اس عمل کو رات کو سونے سے پہلے وضو کر کے، دو نفل برائے حاجت کے پڑھ کر، پھر گیارہ (11) بار درود شریف نماز والا پڑھو۔ اس کے بعد بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ پڑھو۔ پھر سینے پر پھونک مارو۔ اس کے بعد اس آیت کو ایک ہزار (1000) بار پڑھو۔ پھر سجدہ میں اپنے مطلب کی دعا مانگو۔ پھر سر اٹھا کر ایک (1) بار درود شریف پڑھ کر پھر اپنے مطلب کی دعا کرو۔ پھر اٹھ کر چارپائی پر سو جاؤ۔ اپنے مطلب کا تصور کریں کہ اللہ اس چیز سے ہمیں مطلع فرما دیں۔ اگر نیند نہ آئے تو درود شریف پڑھتے رہیں۔ سونے کے بعد جب جاگ جائیں تو بات کر سکتے ہیں۔ ہر جگہ جا سکتے ہیں۔ اس طرح گیارہ (11) رات عمل کریں۔ جگہ کی کوئی پابندی نہیں ہے۔ وظیفہ روزانہ پابندی سے کریں۔ ثواب علیحدہ ہے، اس کلام کے پڑھنے پر۔

کسی کام میں پریشانی ہو یہ کام کرنا ہے یا نہ کریں کا استخارہ لیکن کام جائز ہو شرط ہے

عبارت عمل: سورۂ فاتحہ شریف بمعہ تسمیہ بمعہ آمین، ہر بار پڑھنا ہے۔ اگر میم ملا کر پڑھیں گے تو جائز ہے۔

طریقۂ عمل: اگر آپ کام میں پریشان ہیں کہ یہ کریں یا نہ کریں مثلاً کسی سے شادی کرنی ہو یا شراکت کاروبار کی کریں یا نہ کریں یا الیکشن میں کھڑے ہوں یا نہ ہوں تاکہ لاکھوں روپے ضائع نہ ہوں تو یہ عمل کریں۔ مسلمان ہونا شرط ہے۔ اس عمل میں پہلی رات ہی غیب سے اشارہ ہو جاتا ہے۔ اگر ایمان میں کمزوری ہو اور نماز کی پابندی نہ ہو تو پھر تین (3) رات یا سات (7) رات لگ جاتے ہیں کیونکہ کلام پڑھنے سے دل کا زنگ دور ہوگا تو نور آنے پر رحمت کے فرشتے آکر مطلع کریں گے یا ان کے خادم آکر اشارہ کریں گے۔ سونے سے پہلے وضو کریں اور جو عمل آپ سونے سے پہلے پڑھتے ہیں، پڑھ لیں۔ اس کے بعد سورۂ فاتحہ شروع میں ہر بار تسمیہ کے ساتھ اور آخر میں ہر بار آمین کے ساتھ صرف گیارہ (11) بار پڑھیں۔ دائیں ہاتھ پر پھونک مار کر یہ ہاتھ زور سے دائیں ران پر مار کر کہیں ”اے میرے ہمزاد! فلاں کے بارے بتا، کام کریں یا نہ کریں؟“ پھر سو جائیں۔ پتہ چلے گا۔

محبوب کو محبت میں پاگل کرنے کے لئے

فقیر امتیاز علی قادری (سندھ)

محبوب کو محبت میں پاگل کرنے کے لیے طلسمی تعویذ مبارک ترکیب چاند

جب منزل ھنعہ میں موجود ہو کیوں کہ یہ چاند کی منزل حرف (و) کی ہے۔ اس لیے کہہ رہا ہوں اگر جس طالب علم کو چاند کی منازل معلوم نہ ہوں تو پھر مجبوری کی حالت میں نوچندی جمعرات کو ساعت مشتری میں رجال الغیب کا خیال رکھ کر بخور کافوری خوب جلائیں اور اس کے بعد مشک و زعفران کی سیاہی سے یا پھر سیاہ سیاہی سے سبز پیپر پر تین (3) عدد تعویذات لکھیں، جب تعویذات تیار ہو جائیں تو تعویذات کو سامنے رکھ کر یہ کلمات اس طرح سے پڑھیں (اجب یارفتمائیل بحق یاوا) چار ہزار چار سو چوالیس (4444) مرتبہ یا پھر ایک ہزار (1000) مرتبہ پڑھیں (**یارفتمائیل بحق یاودود**)، بارہ سو (1200) مرتبہ پڑھیں (**والقیت علیک محبتہ منی ولتصنع علیٰ عینی**) تین سو تیرہ (313) مرتبہ پڑھیں۔ عمل کے دوران اول و آخر 11/11 مرتبہ درود پاک ضرور پڑھیں۔ عمل کے بعد دعا مانگیں، جب تعویذات تیار ہو جائیں تو پھر تعویذات پر عمدہ عطر گلاب ضرور لگائیں اور تعویذات کو دوبارہ سے پھر بھی بخور کافوری دیں۔

ضروری ترکیب استعمال

1۔ تعویذ کو سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر اور بعد میں سبز کپڑے میں لپیٹ کر میٹھے درخت پر لٹکائیں تاکہ وہ تعویذ ہوا میں ہلتا رہے مگر وہ درخت بالکل تنہا ہونا چاہیئے۔

2۔ تعویذ کو اچھی طرح سے پانی میں گھول کر مطلوب کو کسی بھی میٹھی چیز میں ملا کر پلائیں۔ اگر تعویذ مطلوب کو پلا نہیں سکتے ہیں تو پھر تعویذ کو پختہ موم جامہ کر کے آب رواں میں ڈال دیں۔ **3**۔ تعویذ کو سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر بعد میں سبز کپڑے میں لپیٹ کر طالب بازو پر باندھ دے۔ جب سارے تعویذات مکمل استعمال ہو جائیں تو اس کے بعد خود سائل یہ عمل مبارک اس طرح سے پڑھیں، روزانہ عشاء نماز کے بعد مکمل یکسوئی کی حالت میں رہ کر باوضو ہو کر اول و آخر 11/11 مرتبہ درود پاک پڑھیں اور درمیان میں یہ عمل مبارک پڑھیں۔ (**یارفتمائیل بحق یاودود**)۔ بارہ سو مرتبہ (1200) یا پانچ سو (500) مرتبہ یا پھر تین سو تیرہ (313) مرتبہ پڑھیں اور دعا مانگیں روزانہ عمل کی تعداد ایک ہی ہونی چاہیئے۔ بالکل اسی طرح سے عمل مبارک کو ذمہ داری سے پڑھیں۔ عمل کے دوران ناغہ نہ ہو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں محبوب طالب کی محبت میں پاگل ہو کر طالب کے پاس حاضر ہوگا۔ توجہ طلب بات میں نے اس طلسمی تعویذ کو عنصر بادی میں تیار کیا ہے اور اس طلسمی تعویذ کو بادی میں ہی استعمال کرنا چاہیئے اور مطلوب کا عنصر بھی بادی ہونا چاہیئے اور جب تعویذ مطلوب عنصر بادی میں داخل ہوگا تو پھر محبوب کا سر پنکھے کی طرح گھومے گا اور طالب کے پاس محبوب کھینچا ہوا چلا آئے گا اور عمل مبارک کو عملیات کے مکمل شرائط ہدایات اور قوانین میں رہ کر استعمال کریں۔ خبردار! جتنا بھی ہو سکے اس عمل مبارک کو جائز استعمال کریں اور اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں اور ناجائز استعمال کرنے والے طالب علم خود ذلیل و خوار، تباہ و برباد ہو جائیں گے۔ روحانی و جسمانی امراض میں مبتلا ہو جائیں گے کیوں کہ یہ عمل مبارک باموکل عمل ہے، اس عمل کو احتیاط سے استعمال کریں۔

روحانی زعفرانی روشنائی برائے عاملین
اس روشنائی سے لکھا ہوا نقش فوری اثر کرے گا (ان شاء اللہ)
اجزاء: اس روحانی روشنائی میں خالص زعفران اور الکوحل سے پاک ایسے نباتاتی اجزاء کو شامل کیا گیا ہے جو روحانی روشنائی کی لائف کو سالہا سال خراب ہونے سے بچائیں۔ زعفران کا کلر تبدیل نہ ہونے دیں، خوشبو کو ختم نہ ہونے دیں اور تاثیرات روحانی کا جلد اور کلی اظہار ہو۔
روحانی سیاہی خوبصورت فینسی اور عام بوتلوں میں دستیاب ہے۔
یہ عملیاتی قواعد روحانیاتی قوانین کشش کے تحت خاص اوقات کو مدنظر رکھتے ہوئے تیاری کی گئی ہے۔ لکھائی میں ایک عام پین کی طرح لکھے گی۔
اس روشنائی سے تاثیرات کا اظہار عام روشنائی کی بنسبت جلد ہوتا ہے۔
فن اور عملیات کی دنیا میں اس سے قبل زعفرانی روشنائی پر کسی نے بھی اس طرز پر کام نہیں کیا ہوگا۔ روحانی روشنائی میں زعفران فی زمانہ ایک مہنگا جز ہے۔ اگر اس سے عام طرز پر روشنائی بنائیں تو اس میں جو سب سے پہلا نقص آتا ہے وہ ہے دو تین یوم میں اصل کلر تبدیل ہونا اور پھپھوندی لگ جانا یعنی سیاہی چند یوم میں ہی خراب ہو جاتی ہے اور لکھائی کرنے میں ایک عام پین کی طرح smoothly نہیں چلتی۔ نقش بہت کم لکھے جاتے ہیں، اس سے نقش لکھنے کے بعد جب نقوش کو چارج کرتے ہیں تو رزلٹ حسب منشاء نہیں ملتا۔
خالص زعفرانی روشنائی تقریباً ایک تولہ (12.5 گرام)
قیمت: روپے 2000
خالص زعفرانی روشنائی 10 گرام قیمت: 1700 روپے
زعفرانی رنگ کی روشنائی مکس 10 گرام قیمت: 1000 روپے
خوبصورت ڈبہ پیکنگ (میگنیٹ ٹائپ) قیمت: 80 روپے میں دستیاب ہے
روحانی دکان 0320-4312272 0334-4312272 042-35410586
ruhanishop ruhani.shop ruhani-shop
darulamal.org/ruhanishop ruhanishop@gmail.com
ماہنامہ خزینۂ روحانیات کی بارہویں جلد آج ہی طلب فرمائیں
مئی 2021 سے اپریل 2022 تک کے 12 شماروں کا مجموعہ
جس میں 2 خاص نمبر "نورانی عملیات" اور "اثرات بد نمبر بھی شامل ہیں"
جلد میں شائع ہونے والے چند اہم مضامین درج ذیل ہیں
مئی 2021 ☆ قرآن سے شفاء ☆ جادو سے نجات کے قرآنی اعمال ☆ جنات سے نجات کے روحانی اعمال ☆ کالی ماتا کے وار کا توڑ ☆ حفاظت کے مجرب اعمال
جون 2021 ☆ جان لیوا مہلک اور بڑے سے بڑے امراض کا مجرب روحانی علاج ☆ سورۃ البروج کا اسراری عمل ☆ غیبی مدد ☆ شرف قمر کے اعمال
جولائی 2021 ☆ لوح اوج مریخ ☆ عملیات برائے دشمن ☆ مثالی ازدواجی تعلقات
اگست 2021 ☆ ہبوط قمر کے اعمال ☆ تربیت العاملین ☆ قرآن سے علاج ☆ طبی ٹوٹکے ☆ آملے کے بے مثال اور بے شمار فوائد ☆ یوسفی زکی
ستمبر 2021 ☆ لوح کشف: غیبی الہامات کی خاص لوح ☆ دعائے حزب البحر ☆ دعا حزب النصر ☆ حضرت سیدنا امام زید شہیدؒ ☆ حصول عزت اور اسمائے حسنیٰ
اکتوبر 2021 ☆ مفتیان وعلمائے کرام کے تجویز کردہ نورانی عملیات ☆ مولانا حسن الہاشمی رحمہ اللہ کے تجویز کردہ نورانی عملیات ☆ جنات سے نجات کے نورانی عملیات
نومبر 2021 ☆ آیات خمسہ سے تسخیر جنات ☆ نقش محبت وحفاظت کے عامل بنیں ☆ مجرب عملیات ووظائف ☆ انسان کی بربادی اور کامیابی کا اہم راز
دسمبر 2021 ☆ تسخیر ہمزاد کے اعمال ☆ جگہ کے دو (2) خاص حصار ☆ پسند کی شادی کا انجام ☆ وہ لڑکی جس کے ساتھ ایک جن نے شادی کر لی تھی
جنوری 2022 ☆ لوح استحکام محبت ☆ لوح ترقی دولت ☆ قسم ناصور کے اعمال برائے دشمن ☆ روحانی اعمال ☆ آیات خمسہ با موکل
فروری 2022 ☆ دجال سے حفاظت کا انمول تحفہ ☆ پریشانیوں سے نجات کے روحانی اعمال ☆ خراب صحت کی سات علامتیں ☆ بسم اللہ کے چند مجرب اعمال ☆
مارچ 2022 ☆ سحر سے نجات کے اعمال ☆ علامہ انور شاہ کاشمیریؒ کے عملیات ☆ جنات، آسیب وشیاطین کو جگہ سے نکالنے کے مجرب اعمال
اپریل 2022 ☆ اثرات بد سے نجات کے مجرب المجرب اعمال ☆ لوح مبارک برائے روحانی حفاظت ☆ جادو اور شیطانی اثرات کا علاج
قیمت مکمل جلد: 850 روپے رعایتی قیمت: 600 روپے
خزینۂ روحانیات دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
khaiznaeruhaniyat khaiznaeruhaniyaat khazinaruhanyat
darulamal.org/magazines/ruhani, khazinaeruhaniyaat@gmail.com
0322-4773786, 042-35410586 +KhazinaeRuhaniyaat
عارفی پرفیومز میں دستیاب عربی، انڈین عطر اور فرنچ پرفیوم آئل کی تفصیل
https://bit.ly/3jnD8K8

روحانی اعمال

سائیں عبداللطیف دلانی (اسلام آباد)

طب الجفر کا اعجاز...... ہر مرض کا شافی علاج

ہر کام میں مشق اور ٹریننگ کی جاتی ہے اور کورس مکمل کیا جاتا ہے۔ مشق کے بغیر کوئی کام پایہ تکمیل تک نہیں پہنچتا۔ تعلیم کے بعد اسے اپنے پیشے کیلئے کئی سال صرف کرنے پڑتے ہیں تب جا کر وہ اپنی منزل تک بڑی مشکل سے جا پہنچتا ہے۔ مثال کے طور پر بی۔ اے کرنے کے بعد وکیل کو ایل ایل بی کا کورس کرنا پڑتا ہے۔ سپاہی کو ٹریننگ کرنی پڑتی ہے۔ الغرض ہر شے کی ٹریننگ الگ الگ ہوتی ہے۔ جب تک صاحب خواہشمند اپنے انتخاب شدہ پیشے کی تقدس اور محنت اور کوشش نہ کرے گا تو انتخاب شدہ پر حاوی نہیں ہو سکتا اور نہ ہی اسے سند مل سکتی ہے اور نہ اسے اجازت ہے کہ وہ اپنے پیشے کی پریکٹس کرے۔ یہی حال عملیات کا ہے۔ جب تک عمل کی زکوٰۃ ادا نہیں ہوگی، اس وقت تک عمل آپ کیلئے بیکار اور بے اثر رہے گا اور آپ بے اثری کا رونا روتے رہیں گے اور وہ عمل آپ کیلئے بلکہ ہر ایک کیلئے بے اثر ہوگا۔ جملہ شفاء کیلئے قرآن کی آیت کریمہ پیش کرتا ہوں۔ اگر آپ نے مکمل قانون اور قاعدے سے اس کی زکوٰۃ ادا کر دی تو پھر یہی عمل آپ کیلئے ہے۔ لیجئے توجہ کریں۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ اگر رمضان شریف میں اس کا آغاز کیا جائے تو سب سے بہتر ہے ورنہ ہر ماہ میں چاند دیکھنے کے بعد پہلی تاریخ کو اس آیت شریف کو تین ہزار ایک سو پچاس (3150) مرتبہ روزانہ اوقات مقررہ پر چالیس (40) روز تک پڑھیں، سوا لاکھ پوری ہو جائے گی۔ اب آپ اس کے عامل بن جائیں گے۔ روزانہ اول و آخر گیارہ گیارہ (11-11) مرتبہ درود شریف پڑھ لیا کریں۔ اب جہاں اسے دم کریں گے، ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

جنات کے متاثرہ مریض اور جگہوں کے علاج...... صدمہ جنات

جس شخص کے کسی عضو کو جنات نے بیکار کر دیا ہو، اس پر سات (7) مرتبہ سورۂ جن پڑھ کر دم کریں اور سورۃ والسماء والطارق سے والترائب تک چینی کے برتن پر زعفران سے لکھ کر قدرے پانی سے دھو کر روغن ارنڈ اس میں ملا کر اور قدرے تخم مولی پیس کر اس میں اضافہ کر کے صدمہ زدہ عضو پر مالش کریں۔ خدا کے فضل سے چند یوم میں مریض تندرست ہو جائے گا۔

وہم و ہراس کو دور کرنے کا عمل

جو شخص دن رات ذہنی طور پر مفلوج ہو۔ پانی، چشموں، درختوں، پہاڑوں، خوفناک صورتیں دکھائی دیتی ہوں۔ اس کی حالت پاگل پن کی ہو گئی ہو تو سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں اور مریض کے نام کے تعداد کے مطابق پانی پر دم کر کے پلائیں۔ خدا اپنے فضل سے کرم کرے گا۔

روحانی علاج معالجہ

شفائے امراض، عملیات اور علاج گزشتہ عامل اور حکیم عابد اور زاہد ہوتے تھے۔ ان کی کامیابی کا راز تھا کہ وہ روحانی و جسمانی بیماریوں کی ایک نظر میں مریض کو شفاء بخشتے تھے۔ ان کے نسخوں میں مادی اجزاء بہت قلیل ہوتے تھے اور تعویذ سے اہل غرض کا علاج کر کے پیچیدہ سے پیچیدہ امراض کا خاتمہ ہو جاتا تھا۔ اب میں کچھ امراض کے روحانی اور جسمانی علاج مختصر طور پر پیش کر رہا ہوں۔ خدا کے حکم سے اس پر عمل کیا تو مجھے امید قوی ہے کہ آپ ہر بیماری کا علاج بڑی قدرت سے کر سکیں گے۔

ہر قسم کے درد کا علاج: وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (پارہ نمبر ۱۵ آیت نمبر ۸۲ سورۃ بنی اسرائیل)

یہ ہے علم جفر کا روحانی نسخہ۔ ہر قسم کے درد کیلئے نایاب تحفہ مگر تاثیر اس وقت ہوگی، جب آپ سوا لاکھ زکوٰۃ ادا کریں گے تب جا کر یہ اثر کرے گا۔

طریقہ عمل: زکات کے بعد جہاں بھی درد ہو، جس جگہ بھی درد ہو، سات (7) بار پڑھ کر پھونکیں، خدا کے فضل سے آرام ہوگا۔ مستورات کے امراض کیلئے پانی پر دم کر کے دیں، شفاء ہوگی۔ خاص کر سر درد کسی قسم کا ہو، اس کے کاٹنے یا جھاڑنے سے درد دور ہو جائے گا۔

سعد و نحس ایام

درویش خضر عباس پیاسی (راجن پور)

یہ دنوں کے سعد و نحس جو لکھے جا رہے ہیں، وہ علم نجوم کے اعتبار سے لکھے جا رہے ہیں۔ لیکن شرعاً اس کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ جہاں تک سیاروں کی رفتار کا تعلق ہے، ان کی رُو سے ہفتہ کے سات دن بعض کاموں کے لیے اچھے ہیں اور بعض کاموں کے لیے برے ہیں۔

سیاروں کی رفتار کے اثرات کے لحاظ سے ساتوں دنوں کے متعلق ہم درج کرتے ہیں۔

اتوار: یہ شمس کا دن ہے۔ ستارہ اس کا شمس ہے۔ پہلی ساعت میں اگر محبت کا عمل کرے تو کامیاب ہو۔ یہ تمام دن اچھا ہے۔ نیا کپڑا پہننے کے لیے بہتر ہے۔ مکان کے بننے کے لیے، زمین جوتنے کے لیے، بچے کو مکتب میں بٹھانے کے لیے مناسب دن ہے۔ سفر کے لیے بھی اچھا ہے۔ اگر مشرق کی جانب سفر کرے تو بہتر ہے۔ جو فرزند اس دن پیدا ہوگا، خوش نصیب ہوگا۔

پیر: یہ قمر کا دن ہے۔ ستارہ اس کا قمر ہے۔ تمام کاموں کے لیے یہ دن مبارک ہے۔ شادی کے لیے، بچے کا نام رکھنے کے لیے، نیا مکان بنانے کے لیے، بچے کو مدرسے میں داخل کرانے کے لیے، غسل صحت کے لیے بہت مبارک دن ہے۔ اگر سفر جنوب و مغرب کی طرف کرے، یقینی کامیاب ہو۔ البتہ بیماری کے لیے یہ دن اچھا نہیں۔ اگر بچہ پیدا ہوگا تو بڑا نیک دل ہوگا۔

منگل: یہ مریخ کا دن ہے۔ ستارہ اس کا مریخ ہے۔ نحس اصغر ہے۔ بعض کاموں کے لیے اچھا ہے اور بعض کے لیے بُرا۔ اس دن اگر نقل مکان اور خرید و فروخت کرے تو کوئی حرج نہیں۔ مگر نیا لباس پہننا اور کتروانا نہ چاہیے۔ اگر مشرق یا جنوب کی طرف سفر کرے تو کچھ حرج نہیں۔ اس دن جو بچہ پیدا ہوگا وہ نہایت تندمزاج ہوگا۔

بدھ: یہ عطارد کا دن ہے۔ ستارہ اس کا عطارد ہے۔ یہ دن بھی اچھا ہے۔ نیا لباس پہننے کے لیے، نئے مکان میں جانے کے لیے، مکتب میں بچے کو بٹھانے کے لیے، زمین جوتنے کے لیے مبارک دن ہے۔ اگر مشرق و مغرب کی طرف سفر کرے تو کوئی حرج نہیں۔ جو بچہ اس روز پیدا ہوگا وہ علم کا شائق اور قابل و لائق ہوگا۔

جمعرات: یہ مشتری کا دن ہے۔ ستارہ اس کا مشتری ہے۔ مبارک خیال کیا جاتا ہے۔ اس روز نیا لباس پہننا، ملاقات کرنا، تجارت شروع کرنا، شادی بیاہ کرنا، نیا مکان تبدیل کرنا مبارک ثابت ہوتا ہے۔ خرید و فروخت کے لیے بھی یہ دن اچھا ہے۔ سفر کے لیے یہ دن سب سے بہتر ہے۔ جو بچہ اس روز پیدا ہوگا وہ نیک بخت ہوگا۔

جمعہ: یہ زہرہ کا دن ہے۔ ستارہ اس کا زہرہ ہے۔ یہ دن بڑا مبارک دن ہے۔ اس دن تجارت شروع کرنا اور نیا مکان بنانا، شادی بیاہ کرنا، بچے کو مکتب میں بٹھانا بہت ہی مبارک ہے۔ جو کام اس روز شروع کرے، اس میں کامیابی ہو۔ اس روز جمعہ کی نماز کے بعد سفر کرنا بہت مفید ہے۔

ہفتہ: یہ زحل کا دن ہے۔ ستارہ اس کا زحل ہے۔ نجومیوں کے نزدیک یہ دن نحس اکبر ہے۔ اس روز نئے کپڑے بنانا، قطع کرنا درست نہیں۔ اس روز کوئی نیا کام نہیں کرنا چاہیے اور نہ سفر کرنا چاہیے۔ جو بچہ اس روز پیدا ہوگا اس کی صحت خراب رہے گی۔

بقیہ (ص 11): روحانیات و تصوف

کوئی نہیں ہے۔ ابھی تجھ سے غرور و تکبر کی بُو آتی ہے، تیری ''انا'' باقی ہے۔ جا کچھ عرصہ اور ہجر و فراق کی آگ میں جل۔''

عاشق نامراد مایوس ہو کر واپس لوٹ گیا۔ کچھ ماہ و سال اور گزرے، محبوب کی جدائی میں جلا، صدمہ فراق سہتا رہا۔ جب پھر محبوب کے دروازے پر سودائی اور دیوانہ بنا حاضر ہوا تو محبوب نے اس بار پھر پچھلا سوال دہرایا۔

''دروازے پر کون؟''

عاشق نے عجز و انکساری اور ادب سے جواب دیا۔

''میری جاں! دروازے پر بھی تو ہی ہے۔''

محبوب نے یہ الفاظ سنے تو کہا:

''اب تیری میں ختم ہو گئی ہے جس من و تُو کا جھگڑا ہی ختم ہوا تو پھر دوری کیسی......

آ جاؤ...... اجازت ہی اجازت ہے۔''

تل کیا ظاہر کرتے ہیں

الحاج حکیم میاں عبدالمنعم

تھوڑی: یہ تل اکثر لوگوں کی ٹھوڑی پر ہوتے ہیں۔ ایسے لوگ قابل رشک خصوصیات کے مالک ہوتے ہیں۔ لوگوں سے محبت کرتے ہیں۔ بلند حوصلہ کے مالک ہوتے ہیں۔ کام ایمانداری سے کرتے ہیں۔ سیاحت کے شائق ہوتے ہیں۔ لائق اور ذمہ دار شہری ہوتے ہیں۔ ملک یا فرم اور خاندان کے لئے ذمہ داری کے کام قبول کرتے ہیں اور شوق سے انجام دیتے ہیں۔

رخسار: کسی ایک رخسار پر تل ہو تو سنجیدہ طبعت اور مطالعہ کا شائق ہوتا ہے۔ یہ لوگ مذہبی قسم کے ہوتے ہیں۔ یہ لوگ مذہب اور سیاست کے نظریات کو ملا کر درمیانہ رستہ اختیار کرتے ہیں۔ ان کی خوشیوں کے لئے دولت ضروری نہیں ہوتی۔ بس اپنا کام چلا لیتے ہیں اور زیادہ تر خاموش رہتے ہیں۔

کان: کان پر تل شاذ و نادر ہی ہوتا ہے۔ لیکن جس کے کان پر تل ہوگا وہ توقعات سے بڑھ کر امیر ہوگا۔ دولت اور شہرت بہت ہوگی۔

آنکھ: اگر تل آنکھ کے کونے میں باہر کی طرف ہو تو اس کا مطلب ہے ایمانداری، سچائی پسندی، ایک با اعتماد آدمی جسے محبت اور قابل تحسین زندگی کے حصول کے لئے سخت جدوجہد کی ضرورت ہوتی ہے۔

بازو: خوش اخلاقی محنتی اور اچھی ازدواجی زندگی کی علامت ہوتی ہے۔ اگر یہ تل کہنی کے قریب ہو تو آدمی بہت جنگوں میں حصہ لے گا۔ ایسے لوگ جلد رنڈوا بھی ہو جاتے ہیں۔

چھاتی: سیدھے پستان پر ہو تو سستی و کاہلی کے شکار ہوں، اپنی اور اپنے خاندان کی خوشیوں کو تباہ کر دیتے ہیں۔ ایسے لوگ دولت اور جائیداد کے حصول کے لئے مصروف رہنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور کامیاب زندگی گزارتے ہیں۔

کولہے: یہ لوگ کسی بھی قسم کے حالات میں گزارا کر لیتے ہیں۔ حتیٰ کہ مفلسی میں بھی یہ لوگ گزارا کر لیتے ہیں۔

پیشانی: پیشانی کے درمیان تل ہو تو بزرگی، دولت، محبت اور خوشگوار زندگی اور اعلیٰ خاندان والے ہوتے ہیں۔

ہونٹ: ہمیشہ خیر خواہ فطرت کا مالک ہوتا ہے، ہمیشہ بازی پر شرط لگانے پر تیار رہتے ہیں۔

ناک: ہمیشہ سچا دوست رہتا ہے۔ زندگی میں کامیابیوں سے ہمکنار رہتا ہے۔ شادی کامیاب گزرتی ہے۔ ایسے لوگ دولت اکٹھی کرنے کے لئے ان جگہوں پر بھی جدوجہد جاری رکھتے ہیں جو ناممکن قسم کی ہوتی ہیں۔

گردن: یہ لوگ خلاف توقع خوش بخت ہوتے ہیں۔ بشرطیکہ تل گردن کے سامنے ہو۔

ناف: اگر یہ تل آدمی کی ناف پر ہو تو خوش قسمت ہوتا ہے۔ اگر عورت کی ناف پر ہو تو بچوں کی خواہش ہوتی ہے اور بہت ہی شہوت پرست ہوتی ہیں۔

ہاتھ: یہ لوگ بہت ذہین ہوتے ہیں۔ یہ لوگ محتاط ہوتے ہیں اور چالاک بھی۔

کلائی: کفایت شعار، خوش تدبیر اور اور قابل بھروسہ لوگ ہوتے ہیں۔ اگر عورت کی کلائی پر تل ہو تو ایک شادی ہوگی۔ اگر مرد کی کلائی پر ہو تو دو شادیاں کرے گا۔ بعض اوقات جسم پر جڑواں تل بھی ہوتے ہیں۔ جیسے ایک کلائی پر دو تل ہو تو اسے جوزیں کہتے ہیں۔ اس قسم کے تل رکھنے والے شخص دوہری طبع کے مالک ہوتے ہیں۔

آئی ابرو: اگر تل سیدھی ابرو پر ہو تو ثابت قدمی اور اپنے گھر اور خاندان اور کاروبار غرضیکہ ہر امر میں کامیاب زندگی گزارتے ہیں۔ اگر الٹی ابرو پر تل ہو تو یہ اس سے الٹ ہوں گے۔ یہ لوگ زندگی سے مایوس ہمیشہ رہتے ہیں۔ سخت محنت کشی سے زندگی گزارتے ہیں۔

ایڑی: جسمانی اور ذہنی طور پر بہت ہوشیار ہوتے ہیں۔ ان کی مرضی ہو تو یہ لوگ دولت خرچ کرتے ہیں۔ لیکن ان کے دشمن بہت ہوتے ہیں۔ جو ان کو مسلسل پریشان کرتے ہیں۔

حاجت کے دو خاص اعمال

فیصل حمید نقشبندی

عمل خاص الخاص ایک رات کا عمل (برائے ہر حاجت)

یہ عمل مبارک میرا سب سے خاص اور راز سینہ عمل ہے جو آج آپ کے سامنے ازبر کر رہا ہوں۔ اس عمل کی بدولت کیسا بھی مشکل کام ہو، کوئی بھی مسئلہ ہو اللہ کے فضل اور پنجتن پاک کے صدقے سے صرف ایک رات کی پڑھائی سے ہر مشکل حل ہوتی ہے۔

طریقہ یوں ہے کہ سورۂ یٰسین شریف کا ایک نقش تیار کریں، نقش کے نیچے اپنا نام معہ والدہ اور مقصد لکھیں سورۂ یٰسین کی ہر مبین پر چالیس (40) مرتبہ درود تاج پڑھیں یعنی سات (7) مبینوں پر 280 دفعہ درود شریف پڑھنا ہے۔ اگر پھانسی کے مجرم کے لیے بھی پڑھیں تو بفضل اللہ اور صدقہ پنجتن کے رہائی ہو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ صدق دل سے بس ایک رات بیٹھنا ہے۔ اللہ تعالیٰ صدقہ محمد ﷺ ہر جائز مقصد میں کامیابی عطا فرمائیں گے۔

نقش یٰسین شریف یہ ہے۔

۲۶۴۴۱	۲۶۴۵۴	۲۶۴۵۱	۲۶۴۴۸
۲۶۴۵۲	۲۶۴۴۷	۲۶۴۴۲	۲۶۴۵۳
۲۶۴۴۶	۲۶۴۴۹	۲۶۴۵۶	۲۶۴۴۳
۲۶۴۵۵	۲۶۴۴۴	۲۶۴۴۵	۲۶۴۵۰

ہر قسم کی سخت حاجت قبول ہونے کا عمل

جب کسی کی حاجت بہت سخت ہو اور جلد پوری ہونے کا یقین نہ ہو تو یہ عمل مبارک کریں۔ حاجت کتنی اور کیسی ہی سخت کیوں نا ہو بفضل اللہ صدقہ پنجتن پاک پوری ہو، عمل کی تعداد حروف حاجت کے مطابق ہے۔ مثلاً حاجت مال کی ہے تو مال کے تین حرف م ا ل ہیں تو تین (3) دن کا عمل ہوا۔

عمل مبارک یہ ہے۔

درود شریف	100 مرتبہ	یاقاضی الحاجات	100 مرتبہ
سورۂ فاتحہ	7 مرتبہ	یاکافی المحمات	100 مرتبہ
سورۂ الم نشرح	100 مرتبہ	یارفیع الدرجات	100 مرتبہ
سورۂ اخلاص	100 مرتبہ	یامجیب الدعوات	100 مرتبہ
یاشافی الامراض	100 مرتبہ	یااللہ	100 مرتبہ
درود شریف	100 مرتبہ	کلمات حاجت	100 مرتبہ

روحانی دکان کے تیار علاج
ہر طرح کے امراض کا علاج
طب میں جتنے بھی طریقہ علاج ہیں، ان سب میں مختلف امراض اور علامات کے الگ الگ علاج کیے جاتے ہیں۔ کچھ ایسی ادویات ہوتی ہیں جو ایک سے زائد امراض اور علامات کے لیے مفید ہوتی ہیں مگر کوئی ایسی دوائی نہیں جو ہر مرض کے علاج کے لیے ہو۔ اب ہر طرح کے امراض کا روحانی علاج منگوا کر بیماریوں سے شفا پائیں۔ ہدیہ 2100 روپے
ہر قسم کے کینسر کا علاج
کینسر ایک موذی اور مہلک مرض ہے اور آج کل تیزی سے عام ہو رہا ہے۔ کینسر کئی طرح کا ہوتا ہے۔ چالیس (40) یوم پر مشتمل یہ روحانی علاج کینسر کی تمام علامات اور ہر طرح کے کینسر کے لیے مفید ہے۔ ہدیہ 4100 روپے
ہائی بلڈ پریشر کا علاج
ہائی بلڈ پریشر آج کے دور میں کثرت سے ہونے والا مہلک مرض ہے۔ یہ ایک خطرناک مرض ہے جو دل کی دھڑکنوں کو بند کرنے کا سبب بھی بن سکتا ہے، انسانی گردوں کے لئے بھی بے حد نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں کیلئے کامیاب روحانی علاج اب مناسب ہدیے میں۔ ہدیہ 2300 روپے
دل کے امراض کا علاج
آج کے دور میں دل کے امراض میں مبتلا مریضوں میں بہت تیزی کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے۔ اس کی اصل وجہ تو ہماری غذا اور موجودہ رہن سہن کا انداز ہے جس میں جسمانی مشقت کم سے کم ہوتی جا رہی ہے۔ دل کے امراض کا روحانی علاج جو مریضوں کیلئے نوید شفا ہے۔ ہدیہ 3100 روپے
ہر قسم بد اثرات سے نجات
عموماً نظر بد، جادو، آسیب، جنات و شیاطین کے اثرات کو ہی بد اثرات کہا جاتا ہے۔ ان اثرات کا دخل جب بھی کسی کی زندگی میں آتا ہے، اس کی زندگی میں پریشانیاں آجاتی ہیں۔ صحت کے مسائل، تعلقات میں خرابی، معاشی مسائل کا روز بروز بڑھنا، روحانی مسائل کا پیدا ہو جانا، عاملین کے عمل چلنا بند ہو جانا یا پھر ان کے پاس مریضوں کا نہ آنا وغیرہ۔ تمام قسم کے بد اثرات کے خاتمہ کا مجرب علاج ۔ ہدیہ 4100 روپے
ہر قسم بخار کا علاج
بخار کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ یہ روحانی علاج ہر قسم کے بخار کے لیے مفید ہے۔ پرانا بخار جو ہڈیوں کے اندر رس گیا ہو، جگر میں بخار، معدہ میں بخار، وہ بخار جو کئی سال پرانا ہو، موسمی بخار، تپ محرقہ، تپ دق، نمونیہ وغیرہ...... ان سب بخاروں کے لیے مجرب روحانی علاج ہے۔ اس روحانی علاج سے ڈاکٹر اور حکیم پریشان ہو جاتے ہیں کہ اتنا پرانا بخار ایک ہفتے سے تین ہفتے میں کیسے ختم ہو گیا۔ ہدیہ 2100 روپے
ہر قسم کے امراض گردہ کا علاج
گردوں کے امراض خواہ وہ عام مرض ہو یا خاص...... دونوں ہی بہت تکلیف دہ ہیں۔ گردوں کے ہر قسم کے امراض کیلئے یہ روحانی علاج بہت مفید ہے۔ چند امراض یہ ہیں: * گردوں میں سوزش * گردوں کا سکڑ جانا * گردوں میں درد * گردوں میں خون کا جم جانا * گردوں میں پتھری * گردوں کا بڑھ جانا * گردوں میں سختی آجانا * گردوں میں تپ دق کے دانے نکل آنا * گردوں کا کینسر * گردے کا زخمی ہونا وغیرہ۔ ہدیہ 3100 روپے
ruhanishop
0346-4312272
042-35410586
0320 0334 4312272
ruhani.shop
ruhani-shop
روحانی دکان دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
https://bit.ly/36LqsK5
عارفی پرفیومز میں دستیاب ایئر فریشنرز کی تفصیل

عنبر والی گولی
قیمت 999 روپے
پیکنگ: 20 گولیاں
مردوں اور عورتوں کیلئے۔ ہر موسم اور ہر عمر میں مفید۔
اعضائے رئیسہ۔ قوت وتوانائی۔ دل۔ دماغ۔ جگر۔ معدہ کی طاقت۔ اعصابی قوت،
چستی وستعدی۔ قیمتی اجزاء کا مرکب۔ کثیر الفوائد، بہترین اور بے ضرر ہربل فارمولا
◆ قوت وطاقت اور توانائی کیلئے مجرب ہے ◆ چستی و مستعدی پیدا کرتی ہے ◆ اعصابی کمزوری دور کرتی ہے ◆ دماغ، دل، پھیپھڑہ، جگر، معدہ، مثانہ اور گردوں کو طاقت دیتی ہے ◆ تناسلی نظام سے متعلقہ نقائص اور کمزوری کیلئے لاجواب ہے۔ درج ذیل امراض وعلامات کیلئے بہت مفید ہے
کمر کا درد ● گردن کا درد ● مہروں کا درد ● چکر آنا ● کڑل پڑنا ● عام بدنی کمزوری ● پٹھوں کی کمزوری ● جسم میں درد ● ہر قسم کی کمزوری ● گھٹنوں کا درد ● ٹانگوں کا درد ● پٹھوں کا درد ● سانس کا پھولنا ● بیماری کے بعد کی کمزوری ● تھکاوٹ ● کسی عضو کا پھڑکنا
Alternative Medicine Store 0309-7772778
0335-8772778 0349-7772778 0316-7779378
جام صحت 37 نمبر
قیمت: 500 روپے
پیکنگ: 20 کیپسولز
مقوی اعصاب، مقوی اعضائے رئیسہ اور طاقت وتوانائی کا مخزن
◆ ضعف قلب ودماغ ضعف اعصاب، درد کمر کے لئے اکسیر ہے ◆ اس کے استعمال سے اول تو تھکاوٹ ہوتی نہیں، ہو تو دور ہو جاتی ہے ◆ تمام امراض باردہ میں بہت مفید ہے ◆ تمام بلغمی امراض (نزلہ، زکام، کھانسی، نمونیہ) اور پسلی وسینہ کے درد کے لئے بے حد موثر دوا ہے ◆ پٹھوں کی کمزوری اور درد کے لئے مفید ہے ◆ خون کی کمی اور لو (LOW) بلڈ پریشر کے لئے فائدہ مند ہے ◆ جگر، معدہ اور انتڑیوں کی کمزوری دور ہو جاتی ہے ◆ گیس کا خاتمہ ہو جاتا ہے ◆ بدن میں چستی پیدا ہو جاتی ہے ◆ کثرت پیشاب میں نافع ہے ◆ پاؤں کے سر درہنے میں مفید ہے ◆ صنفی ضعف میں بھی کارآمد ہے ◆ بدن میں کہیں بھی درد ہو، اسے ختم کرتا ہے ◆ ہاتھ، پاؤں کے سن ہونے میں مفید ہے
Alternative Medicine Store 0309-7772778
0335-8772778 0349-7772778 0316-7779378
ماہ رمضان کا خاص تحفہ
قیمت: 260 روپے
شربت بادام خاص
گرمی کا توڑ
مقوی بدن...... مقوی دماغ...... مقوی بصر
ذائقہ، لذت اور افادیت میں بے مثال ● نہایت خوش ذائقہ اور لذیذ ہے ● گرمی اور خشکی کا بہترین توڑ ہے ● حافظہ کو بڑھاتا ہے ● اعضائے رئیسہ کو تقویت بخشتا ہے ● نسیان کی شکایت رفع کرتا ہے ● مقوی بدن ہے ● گردوں کو طاقت دیتا ہے ● خشک کھانسی میں مفید ہے ● بینائی کو طاقت دیتا ہے ● دماغ کو طاقت دیتا اور تروتازہ رکھتا ہے ● پیاس کی شدت کم کرتا ہے ● قبض کا ازالہ کرتا ہے
"شربت بادام خاص" اپنے پیاروں کو تحفہ کے طور پر دیں......
وہ ہمیشہ آپ اور آپ کے تحفہ کو یاد رکھیں گے......
Alternative Medicine Store 0309-7772778
0335-8772778 0349-7772778 0316-7779378
دماغی ٹانک
برسوں کی باتیں بھی یاد آجائیں...... بے مثال حافظہ کیلئے بہترین ساتھی
قیمت: 400 روپے 150 گرام، قیمت: 1500 روپے 600 گرام
آپ چاہتے ہیں کہ آپ ذہین بنیں، آپ کا حافظہ شاندار ہو، بھولنے کا مرض ختم ہو جائے۔ ایک بار کا پڑھا برسوں یاد رہے۔ دفتر کے معاملات میں حاضر جواب اور رکھی چیز کو برسوں بعد جلد ڈھونڈ نکالنے والے ہوں۔ آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی نسلیں ذہین، فطین اور خوبصورت یادداشت کی حامل ہوں۔ وہ ہر سال ٹاپ کریں، اپنی کلاس میں اعلیٰ پوزیشن لیں۔ انہیں پڑھا یاد رہے، ٹیچر کا پڑھایا یاد رہے، لکھا یاد رہے، آپ نے اچھی نصیحت کی تو خوب یاد رہے تو گھبرائیں نہیں!، وکیلوں، نوجوانوں اور تعلیمی سرگرمیوں میں مصروف عمل رہنے والوں کیلئے کرشماتی تحفہ اور اس طرح کی مزید جملہ کیفیات سے نجات کیلئے "جام صحت" نے بہت ریسرچ کے بعد جادوئی اثر رکھنے والا "دماغی ٹانک" ترتیب دیا ہے۔ جس کے استعمال سے آپ دماغی طور پر چست وچاق وچوبند ہو جائیں گے۔
Alternative Medicine Store 0309-7772778
0335-8772778 0349-7772778 0316-7779378

قبض... علامات واسباب

باوانا دعلی بہلول (راجن پور)

دنیا کے چھ ارب انسانوں میں سے اڑھائی ارب انسانوں کو شدید قبض کا مرض ہے اور باقی ساڑھے تین ارب بھی اس مرض سے بچے ہوئے نہیں۔ نظام انہضام کا درست طریقے سے کام نہ کرنا ہی قبض ہے۔

قبض کی علامات

☆ بھوک نہ لگنا یا بہت زیادہ لگنا۔ ☆ گیس بننا۔ ☆ معدہ کی تیزابیت۔ ☆ کھٹے ڈکار۔ ☆ پاخانے کی بے قاعدگی۔ ☆ پاخانے کے رنگ اور غذا کے رنگ میں فرق ہونا۔ ☆ متواتر ہوا خارج ہونا۔ ☆ پاخانے میں سے بدبو آنا۔ ☆ پاخانہ جائے پاخانہ کو لگنا۔ ☆ فلش پر پاخانے کا نشان رہ جانا۔ ☆ ذہنی پریشانی۔ ☆ مرغن غذا کی طلب۔ ☆ مرچ مصالے کی خواہش۔ ☆ پاخانے کا بہت سخت یا متواتر پتلا ہونا۔ ☆ رفع حاجت کیلئے دو منٹ سے زیادہ وقت لگنا۔ ☆ کام میں دل نہ لگنا۔ ☆ جسم میں تھکاوٹ اور پٹھوں کا کھچاؤ۔ ☆ پیٹ کا چھاتی سے باہر نکل آنا۔ ☆ بالوں میں خشکی اور بالوں کا جھڑنا۔

وجوہات

قبض ہونے کی صرف کوئی ایک وجہ نہیں ہوتی۔ بہت ساری وجوہات اور عوامل مل کر سبب بنتے ہیں جس کی وجہ سے قبض ہوتی ہے جو کہ یہ ہیں:

☆ ذہنی پریشانی (ڈپریشن)۔ ☆ غیر متوازن غذا (متوازن غذا یعنی پروٹین، فائبر، کاربوہائیڈریٹس اور منرلز، پانی)۔ ☆ ایک ہی قسم کی غذا کا بار بار استعمال۔ ☆ درست طریقے سے سانس نہ لینا۔ ☆ سگریٹ، پان اور نشہ آور اشیاء کا استعمال۔ ☆ کھانے سے فوراً پہلے یا فوراً بعد پینا۔ ☆ روزانہ ورزش نہ کرنا۔ ☆ کھانا کھانے کے بعد لیٹے رہنا یا مسلسل بیٹھے رہنا۔ ☆ پیپسی اور دوسرے سوفٹ ڈرنکس کا استعمال۔ ☆ چائے، کافی کا استعمال۔ ☆ ضرورت سے زیادہ کھا لینا۔ ☆ کھانا کم چبا کر کھانا۔ ☆ کھانے کھاتے ہوئے موبائل، ٹی وی، اخبار اور کتاب پڑھنا یا گفتگو کا عادی ہونا۔ ☆ قبض ختم کرنے کیلئے کیمیائی ادویات کا استعمال کرنے سے قبض بڑھ جاتی ہے۔ ☆ باسی کھانا کھانا۔ ☆ درست تال میل والی غذا استعمال نہ کرنا۔ ☆ تلی بھنی اور میدے سے بنی اشیاء کھانا۔

قبض کی وجوہات کو ختم کرنا ہی قبض کا سب سے بڑا اور واحد علاج ہے۔ اس کے علاوہ قبض کی جتنی بھی دوائیاں کھائی جائیں گی، ان سے قبض اور بڑھ جائے گی۔ مصنوعی طور پر بنائی گئی ہر دوا آنتوں اور معدے کیلئے نقصان دہ ہے۔ جلاب آور دوا، گولی، کیپسول، سیرپ...... سب قبض بڑھانے کی وجہ بنتے ہیں بلکہ ان کے استعمال کے بعد جو قبض ہوتی ہے، وہ پہلے سے بھی زیادہ شدید ہوتی ہیں کیونکہ جلاب آور دوائیاں گولیاں وقتی طور پر آنتوں کا پانی آنتوں سے نکال کر آنتوں کی صفائی کرتی ہیں۔ آنتوں کا پانی نکل جانے سے آنتیں کمزور ہو کر لٹک جاتی ہیں، ایک بوڑھی عورت کے گردن کے گوشت کی طرح۔ اس وجہ سے آنتوں میں کھانا ہضم کرنے کی صلاحیت بالکل نہیں رہتی اور قبض پہلے سے بھی شدید ہو جاتی ہے۔

اس کے علاوہ:

☆ کھانے کا ہر لقمہ چالیس بار چبانا۔ ☆ کھانا خاموشی سے اور پرسکون ہو کے کھانا۔ ☆ کھانے سے پہلے پانچ منٹ کیلئے سکون کے ساتھ دستر خوان پر بیٹھنا چاہیے تاکہ ذہن اور نظام انہضام کھانے کیلئے تیار ہو جائے۔ ☆ چلتے پھرتے کھانا نہیں کھانا چاہیے۔ ☆ کھانے کے بعد پانچ منٹ دستر خوان پر بیٹھے رہنا چاہیے۔

ساگودانہ

انتخاب: علی رضا حسین

بچپن میں جب کبھی بیمار پڑتے، خاص طور پر بخار یا ٹائیفائیڈ ہوتا تو ڈاکٹر صاحب کی کڑوی کسیلی دواؤں اور انجکشن کے ساتھ ساتھ پرہیز کی ھدایت بھی ملتی تھی۔

ڈاکٹر صاحب کہتے کہ ان کو ہلکی غذا دیجئے۔ امی پوچھتیں کہ ہلکی غذا میں کیا دیا جائے تو ڈاکٹر صاحب قدرے توقف سے فرماتے کہ چائے بسکٹ، ساگودانہ، اگر گلا خراب اور کھانسی نہ ہو تو موسمی کا رس، دلیہ دودھ ڈال کر یا پھر مونگ کی دال کی کھچڑی جس میں دال دو حصے اور چاول ایک حصہ ہو۔ باقی تمام اشیا تو عام ہوتیں مگر ہم ہمیشہ ساگودانہ کے بارے میں سوچتے کہ یہ کیا چیز ہے اور کہاں سے نکلتی ہے کیونکہ یہی ایک چیز صرف اس وقت بطور غذا دی جاتی تھی جب انسان بیمار ہو۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ یہ ساگودانہ آخر ہے کیا چیز!!!

ساگودانہ ایک پام نما درخت (جس کو کہ ساگو پام کہا جاتا ہے) کے تنے کے درمیانی اسفنج نما حصے سے نکالا جاتا ہے۔ ساگو پام ایک انتہائی خوبصورت درخت ہوتا ہے۔ نیوگنی میں اس کے درخت بکثرت ہوتے ہیں اور وہاں کے مقامی لوگ اس کو پیس کر اس کا آٹا بھی بناتے ہیں اور اس کی روٹی بھی بناتے ہیں۔ بلکہ یہ وہاں کی مقامی آبادی کی بنیادی غذا بھی ہے۔ ایشیا میں یہ سب سے زیادہ انڈونیشیا اور ملائشیا میں پایا جاتا ہے، جہاں سے اسے یورپ اور دیگر ممالک کو برامد کر دیا جاتا ہے۔ ساگو پام سری لنکا میں بھی پایا جاتا ہے۔ اگر ساگو پام کے درخت میں پھل لگ جائے تو پھل پکنے کے بعد اس کا دور حیات ختم ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد یہ درخت مردہ ہو کر سوکھ جاتا ہے اور اس کے تنے کا درمیانی حصہ سخت ہو جاتا ہے، جس میں سے ساگو نہیں نکلتا۔ اس لئے احتیاط کی جاتی ہے کہ اس درخت میں پھول آنے سے پہلے اس کو کاٹ لیا جائے۔ ساگو پام کا درخت سات سے پندرہ سال کی عمر کو پہنچنے کے بعد پھول دینا شروع کرتا ہے اور یہی وہ وقت ہوتا ہے کہ پھول آنے سے پہلے پہلے اس درخت کو کاٹ لیا جاتا ہے۔ تنے کے اوپری موٹی چھال اور لکڑی کے درمیان نرم اسفنج نما ساگو بھرا ہوتا ہے۔ ایک ساگو پام سے تقریباً آٹھ سو پاؤنڈ کے قریب ساگودانہ حاصل ہوتا ہے۔ نرم گودے کو نکال کر خشک کیا جاتا ہے۔ پھر اس کو پیس کر اس کا آٹا بنا لیا جاتا ہے، جس سے مختلف پکوان تیار کئے جاتے ہیں اور روٹی بھی۔ بیرونی ممالک کو برامد کرنے کے لئے ایک خاص طریقے سے اس کو دانہ دار بنایا جاتا ہے جیسا کہ آپ ساگودانے کو دیکھتے ہیں۔

ساگودانہ میں 94 فی صد نشاستہ، 0.2 گرام پروٹین، 0.5 گرام غذائی ریشہ، 10 ملی گرام کیلشیم اور 1.2 ملی گرام لوہا وغیرہ شامل ہوتا ہے۔ اسی لیے زود ہضم اور بھرپور غذائیت کی حامل ہونے کے سبب ساگودانہ بچوں اور بیماروں کے لیے بہترین غذا مانی جاتی ہے۔ بیماروں کے علاوہ ساگودانہ کی کھیر انتہائی مقوی اور مزے دار میٹھا ہے اور ساگودانے کو نمکین پانی میں اُبال کر، اس آمیزہ کو خشک کیا جاتا ہے اور پھر گرم تیل میں تل کر ساگودانے کی ''پھول بڑیاں'' تیار کی جاتی ہیں جو چائے کے ساتھ ایسا مزا دیتی ہیں کہ آپ بے اختیار واہ واہ کہہ اٹھیں گے۔

ساگودانہ کے فوائد

عام طور پر ساگودانہ لوگوں کے درمیان پیٹ کی بیماری سے بچاؤ یا پھر بیمار اور کمزور بچوں کی خوراک کے حوالے سے جانا جاتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ ساگودانہ ان تمام اجزاء سے بھرپور ہوتا ہے، جن کی ہمارے جسم کو اشد ضرورت ہوتی ہے۔ تاہم ساگودانہ ایک انتہائی صحت بخش غذا ہے جبکہ لوگوں کی بڑی اکثریت اس کے قیمتی فوائد سے ناواقف ہے۔ ساگودانہ کو اپنی خوراک میں شامل کرنے سے آپ کو کتنے فوائد حاصل ہو سکتے ہیں؟ آیئے ہم بتاتے ہیں!

پٹھوں کی افزائش اور مضبوطی: ساگودانہ میں پروٹین کی بھاری مقدار پائی جاتی ہے جو کہ پٹھوں کی افزائش اور انہیں مضبوط بنانے

میں مدد فراہم کرتی ہے۔اس کے علاوہ ساگودانہ شفایابی کے عمل کو بھی تیز بناتا ہے۔اسی لیے ہر شخص کو ساگودانہ ضرور اپنی غذا میں شامل رکھنا چاہیے۔

ہڈیوں کی بہترین صحت: ساگودانہ وٹامن کے، کیلشیم اور آئرن سے بھی بھر پور ہوتا ہے اور یہ اجزاء ہڈیوں کی صحت بہترین بنانے اور انہیں لچکدار بنانے کے حوالے سے انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔اس کے علاوہ یہ اجزاء توانائی کی سطح میں اضافے کے لیے بھی مددگار ثابت ہوتے ہیں۔اسی وجہ سے ساگودانہ ایسے بچوں کو کھلانا زیادہ مفید ثابت ہوتا ہے جو بڑھنے کی ابتدائی عمر سے گزر رہے ہوں۔

بلڈ پریشر: ساگودانہ پوٹاشیم پر مشتمل ہوتا ہے جو کہ بلڈ پریشر کو کنٹرول رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔یہ پورے جسم میں دورانِ خون کی سطح کو قابو میں رکھتا ہے۔اس کے علاوہ یہ دل کی بیماریوں سے بھی محفوظ رکھتا ہے۔

توانائی میں اضافہ: اگر آپ خود کو جسمانی طور پر فعال رکھنے کے خواہشمند ہیں تو اس کے لیے ساگودانہ ایک بہترین غذا ہے۔ساگودانہ میں پائے جانے والے کاربوہائیڈریٹس آپ کی توانائی میں اضافے کا باعث بنتے ہیں۔ایسے افراد جو اکثر سستی اور کاہلی کی شکایت کرتے ہیں، انہیں ساگودانہ ضرور کھانا چاہیے۔

وزن میں اضافہ: ساگودانہ میں بھاری مقدار میں پائے جانے والے کاربوہائیڈریٹس وزن میں اضافہ بھی کرتے ہیں۔اسی لیے ایسے افراد جو بہت زیادہ کمزور ہوں، انہیں چاہیے کہ وہ اپنی غذا میں ساگودانہ کو ضرور شامل کریں۔ساگودانہ ایک ایسی بہترین غذا ہے جس میں پائے جانے والے اجزاء آپ کو ایک مناسب جسمانی وزن فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

پیدائشی نقائص سے بچاؤ: اجزاء کی کمی اور غلط ادویات کا استعمال اکثر بچوں میں پیدائشی نقائص کا سبب بن جاتا ہے۔ساگودانہ میں پایا جانے والا فولک ایسڈ اور وٹامن بی 6 بچوں کی بہترین نشوونما میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔اسی وجہ سے ماہرین حاملہ خواتین کو ساگودانہ کھانے کا مشورہ دیتے ہیں۔

نظامِ ہضم کی بہتری کے لیے: ہم میں سے اکثر افراد کو نظامِ ہضم کے مسائل کا سامنا رہتا ہے۔ساگودانہ آپ کو اپھارہ پن، قبض اور بدہضمی سے بچاتا ہے۔اس کے علاوہ ساگودانہ کولیسٹرول کی سطح کو بھی برقرار رکھتا ہے۔ساگودانہ میں پایا جانے والا فائبر قبض کی بیماری سے بچاؤ کے حوالے سے جادو کا کام کرتا ہے۔قبض کی شکایت زیادہ تر بچوں میں پائی جاتی ہے لیکن انہیں ساگودانہ کھلا کر اس بیماری سے چھٹکارا حاصل کیا جاسکتا ہے۔ساگودانہ انتہائی زود ہضم اور غذائیت سے بھر پور ہوتا ہے۔کمزور سے کمزور ہاضمے والے بھی اس کو باآسانی ہضم کرلیتے ہیں۔

ساگودانہ کی کھیر: پاکستان میں عام طور پر اس کو دودھ میں پکا کر چینی ملا کر کھیر بنائی جاتی ہے۔پچاس گرام ساگودانہ کے لئے آدھا لٹر دودھ درکار ہوتا ہے۔اس کے علاوہ پچھتر گرام سفید شکر یا چینی۔دودھ کو ابالیں۔جب دودھ میں ابال آجائے تو اس میں ساگودانہ شامل کرکے پکاتے جائیں اور ساتھ ساتھ چمچ چلاتے جائیں۔چینی بھی شامل کردیں اور اتنی دیر تک پکائیں کہ ساگودانہ گل کر نرم ہوجائے۔لیجئے ساگودانہ کی کھیر تیار ہے۔

وزن اور قد بڑھانے کے لئے ساگودانہ اور منقہ کی کھیر: خواجہ شمس الدین عظیمی صاحب اکثر اپنے کالم میں دبلے پتلے اور کم وزن والے افراد کو ساگودانہ اور منقہ کی کھیر کے ناشتے کا مشورہ دیا کرتے تھے۔اس کو بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ پچیس گرام ساگودانہ، دس عدد صاف ستھری بڑی منقہ کے دانے اور چینی حسب ذائقہ، دودھ ڈیڑھ پاؤ۔دودھ کو ابالیں اور اس میں ساگودانہ، منقہ اور چینی شامل کرکے ہلکی آنچ پر چمچے سے ہلاتے ہوئے پکاتے جائیں۔جب کھیر جیسا ہوجائے تو چولہے سے اتار لیں۔روزانہ نہار منہ ناشتے میں یہی کھائیں، کم ازکم چھ ماہ تک پابندی کے ساتھ۔یہ دبلے بدن کو موٹا اور صحت مند کرتی ہے اور قد بڑھانے میں بھی معاون ہے۔

تو پھر آج سے ساگودانہ کو صرف بیماروں کی غذا نہ جانئے۔

علم ریمیا یعنی شعبدات کا علم (قسط دوم)

تحریر و تحقیق: صوفی غلام سرور شباب علوی (حویلی لکھا)

نوٹ: یہ صرف ایک معلوماتی مضمون ہے۔ اس سے قطعاً کسی اہل حق اور اہل فن کی توہین مقصود نہیں۔

ایک شعبدہ باز اور مداری اپنے کرتب دکھا کر اور ہاتھ کی صفائی سے لوگوں کو خوش کر کے روپیہ کماتا ہے۔ اور ان کا یہ ایک روزی کا ذریعہ ہے۔ لیکن شعبدات کی آڑ میں بہت سے فٹ پاتھ پر بیٹھنے والے نجومی راہ گیروں کی قسمت کا حال بتاتے ہیں حالانکہ انہیں اپنی قسمت کا حال معلوم نہیں ہوتا کہ کیا ہمیشہ ان کا طالع انہیں فٹ پاتھ پر ہی بٹھائے رکھے گا۔ اسی طرح اکثر تعویذات لکھنے والے اس فن کے قواعد وضوابط سے ناواقف اور بے بہرہ ہوتے ہیں اور بعض عاملین حضرات جنات، موکلات اور پریوں کے عامل بنے ہوئے ہیں اور حقیقت میں ان کے پاس تسخیر کا ایک بھی عمل نہیں ہوتا۔ یہ مضمون محض اس لیے شائع کیا جارہا ہے کہ لوگ ایسے ٹھگوں سے محفوظ رہیں۔ ورنہ آج کل تو راہ چلتے لوگوں کو شعبدہ باز ٹھگ لیتے ہیں۔ موجودہ دور میں ایسے واقعات کے وقت دماغ کو حاضر رکھنا اشد ضروری ہے۔

اسفنج سے دودھ نکلنا: بعض فقیر راہ چلتے نو بیاہتا جوڑے کو دیکھ کر صدا لگاتے ہیں خدا جوڑی قائم رکھے۔ دودھ اور پوت نصیب ہو۔ وہ دونوں متوجہ ہو کر جب فقیر کے پاس آجاتے ہیں تو وہ فقیر اپنے خاص انداز میں دعائیں دیتا ہوا، بیوی یا شوہر کے ہاتھ پر اپنے ہاتھ میں لیا ہوا، اسفنج کا ٹکڑا نچوڑتا ہے اور انہیں پینے کو کہتا ہے جو خالص دودھ ہوتا ہے۔ بعض دفعہ فقیر انہیں ساری رقم ہی سے محروم کر دیتا ہے۔ حالانکہ یہ کوئی کرامت نہیں ہے۔ بلکہ اس فقیر نے پہلے ہی سے اپنے پاس کسی ڈبیہ وغیرہ میں اسفنج کے ٹکڑے کو دودھ میں بھگو کر رکھا ہوا ہوتا ہے جو وہ اپنے ہاتھ میں لے کر نچوڑ دیتا ہے۔

تعویذات نکالنے کا فن یعنی خالی کاغذ پر عبارات ظاہر ہوجائے: بعض تعویذ گنڈے کرنے والے اپنے سائل کو اپنی روحانیت کا قائل کرنے کے لیے سفید کاغذ کے مختلف ٹکڑوں پر مختلف قسم کے تعویذات یا عبارتیں لکھ لیتے ہیں اور جب کوئی سائل آتا ہے تو اسے ایک پرزہ اٹھانے کو کہا جاتا ہے۔ پھر اس پر کچھ پڑھ کر دم کر کے سائل کو سر، چہرہ، سینہ، بازو، پیٹ اور ٹانگوں پر سات بار (7) پھیرنے کو کہا جاتا ہے۔ پھر دیا سلائی یا موم بتی سے اس کاغذ کے ٹکڑے کو آگ دکھائی جاتی ہے۔ دھواں اور گرمی پہنچتے ہی اس کاغذ کے ٹکڑے کی عبارت ظاہر ہو جاتی ہے۔ اور پھر وہ عامل اُپاؤ اور علاج کے بہانے من مانی رقم بٹور لیتا ہے۔ آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ یہ سب تیزاب گندھک کے پانی میں ہلکے محلول کی تحریر کا کرشمہ ہے۔ بعض لوگ شیر مدار سے سفید کاغذ پر لکھ چھوڑتے ہیں اور راکھ یا سیاہی ملنے سے حروف ظاہر ہوجاتے ہیں۔

شیشہ چبانا: بعض شعبدہ باز اپنے پاس شیشے کے ٹکڑے رکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمیں ایسا منتر یا کلام آتا ہے کہ اس کو پڑھ کر شیشہ کے ٹکڑوں پر دم کر کے منہ میں چبائیں تو قطعاً زخم نہیں ہوتا۔ حالانکہ انہوں نے پہلے ہی شیشہ کے ٹکڑوں کو آگ میں گرم کر کے ادرک کے پانی میں بجھاؤ دیا ہوتا ہے۔ جس کے بعد شیشہ کی کاٹ ختم ہو جاتی ہے۔ بعض طبیب اس طریقہ سے شیشہ کا کشتہ بھی کرتے ہیں۔

مردانہ قوت کی دوائی سے پانی پر دانے تیرنے لگیں: بعض مجمع باز حکیم مردانہ قوت کی اکسیری دوا کا اعلان کر کے شیشی سے رتی بھر سفید دوائی نکال کر شیشہ کے پانی بھرے گلاس پر ڈال کر او پر مٹھی بھر گندم کے دانے ڈال دیتے ہیں۔ سب دانے اوپر ہی تیرتے رہتے ہیں۔ پانی کے نیچے ایک دانہ بھی نہیں جاتا اور وہ اس شعبدہ کو دوائی کی بے پناہ طاقت ثابت کر کے حاضرین سے دھڑا دھڑ شیشیاں فروخت کر کے روپے بٹورتا ہے۔ حالانکہ یہ کوئی قوت کی دوا نہیں ہے بلکہ سنگجراحت کا باریک سفوف چھوٹی چھوٹی شیشیوں میں بھرا ہوا ہوتا ہے۔

جادو تعویذات جلا کر اور مسان نکالنے کا فن: عاملین حضرات کسی مریضہ کو مرگھٹ وغیرہ کے مُردوں کی ہڈیاں یا راکھ کھلا دینے

کا شبہ ڈال کر اس کے جسم سے مسان اور جادو تعویذات جلا کر نکالنے کا حیلہ بناتے ہیں۔ اور الگ مکان میں اس کو سیدھا لٹا کر اس کے پیٹ پر پیالہ پھیرتے ہیں۔ جس سے مریض یا مریضہ پیٹ پر گرمی محسوس کرتا/کرتی ہے۔ گھر کی دوسری عورتوں کو ذرا فاصلہ پر بٹھایا جاتا ہے۔ پھر پیالہ کے اندر سے ہڈیوں کی خاکستر نکال کر ان کو دکھائی جاتی ہے۔ پھر وہ راکھ اور پیالہ کسی غیر آباد جگہ عمل پڑھ کر دفن کر دیے جاتے ہیں۔ دراصل نہ تو جادو تعویذات اور مسان وغیرہ کھلائے ہوئے نکلتے ہیں اور نہ ہی ان کا یہ علاج ہوتا ہے۔ بلکہ صرف مریض کی تسلی وتشفی ہو جاتی ہے کہ میرے مسان نکل چکے ہیں۔ یہ عمل کرنے سے پہلے گھر والوں کے ملازم یا ملازمہ سے المونیم (سلور) کا برتن پیالہ وغیرہ منگوایا جاتا ہے۔ اور اس کو صاف کرنے کے بہانے اپنے پاس سے رسکپور یا دار چکنہ کارتی بھر سفوف لگا دیا جاتا ہے۔ اس کیمیکل کی وجہ سے سلور پر عمل ہوتا ہے جس سے پیالہ گرم بھی ہوتا ہے اور مذکورہ دوا اس کو کھا کر چونہ بھی بنانا شروع کر دیتی ہے۔

طبیب اشخاص المونیم کے پیالہ میں پانی ڈال کر نیلا تھوتھا حل کر کے قدرے نمک ڈالتے ہیں۔ جس سے پانی ابلنا شروع ہو جاتا ہے۔ اور اس میں پارہ ڈال کر گرہ بناتے ہیں۔ یہ سب کیمیکل کے شعبدات ہیں۔

جنات کو قتل کرنا: بعض عامل حضرات کسی مریضہ پر جن کا سایہ ظاہر کر کے اس کو بغیر روشنی کے کمرہ میں بٹھاتے ہیں اور خود عمل پڑھنا شروع کر دیتے ہیں۔ گھر والوں سے چند انڈے منگواتے ہیں۔ پانی کے پیالہ پر دم کر کے اس میں ایک انڈا ڈال دیتے ہیں۔ چند منٹ بعد پانی میں جوش پیدا ہو جاتا ہے اور سارا پانی خون کی طرح سرخ ہو جاتا ہے۔ عامل جن کو قتل کرنے کا دعویٰ کرتا ہے۔ پانی اور انڈہ غیر آباد جگہ اپنے خادم سے پھنکوا دیتا ہے۔

درحقیقت عامل نے اپنے پاس تھیلے وغیرہ میں چند انڈے رکھے ہوتے ہیں۔ جن کی سفیدی اور زردی بڑی سوئی وغیرہ سے نکال کر ان میں گندھک اور ان بجھ چونہ کا سفوف بھرا ہوتا ہے۔ سوراخ پر معمولی سا گندم کا آٹا لگا دیا جاتا ہے۔ عمل کے وقت آنکھ بچا کر عامل اپنا انڈا پانی میں ڈال دیتا ہے۔ سوراخ کا آٹا جب پانی کی وجہ سے اتر کر پانی انڈے کے اندر جاتا ہے۔ تو گندھک چونہ سے مل کر سرخ رنگ محلول میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

پانی کا دودھ بنانا: بعض پیر فقیر اپنی کرامت دکھانے کے لیے چینی کے سفید پیالہ میں پانی ڈال کر کچھ پڑھتے ہیں۔ چند منٹ بعد پانی دودھ کی شکل میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ ایسے لوگ اپنے پاس پہلے سے چند دیسی یا ولایتی چینی کے پیالوں میں مغز تخم بیدانجیر گھوٹ کر ہلکا اور خفیف ضماد کر کے خشک کر کے رکھ لیتے ہیں۔ جب پانی ڈال کر ہلایا جاتا ہے تو ضماد حل ہو کر دودھ کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ جو دراصل دودھ نہیں ہوتا۔

کھانے والی شکر سفید پھیکی ہو جائے: بعض شعبدہ باز ذرا سا سفوف منہ میں رکھنے کو کہتے ہیں۔ پھر اس کو چینی وغیرہ کھلاتے ہیں تو وہ پھیکی اور مٹی معلوم ہوتی ہے۔ یعنی اس کی مٹھاس بالکل ختم ہو جاتی ہے۔ دراصل یہ گڑمار برٹی کے پتوں کا سفوف ہوتا ہے۔

تانبہ کو سفید کرنا: پارہ کو ہموزن ست لیموں میں اتنا سحق کریں کہ پارہ ناپید ہو کر خاکستر جیسا بن جائے۔ اگر یہ قدرے سفوف تانبہ کے پیسہ یا پترہ پر مل دیا جائے تو تانبہ چاندی کی طرح سفید چمک دار ہو جائے گا۔ لیکن یہ سفیدی عارضی ہوتی ہے۔

رنگ دار پھول کو سفید کرنا: اگر گندھک یا دیا سلائی کی کسی رنگ دار پھول کو دھونی دی جائے تو اس کا رنگ اڑ جاتا ہے۔ اور وہ بالکل سفید ہو جاتا ہے۔ گلاب کے سرخ پھول پر اس کا تجربہ کیا جا چکا ہے۔ بالکل سفید ہو جاتا ہے۔

اَفَحَسِبْتُمْ (سورۂ مؤمنون کی آخری آیات) کے عامل بنیں اور بے شمار فوائد حاصل کریں

تعارف: سورۂ مؤمنون کی آخری آیات بے شمار خصوصیات کی حامل ہیں۔ عاملین میں کم ہی عامل اس عمل کے بڑے درجے کے عامل گذرے ہیں۔ اس عمل کی سب سے زیادہ ضرورت جنات، آسیب وشیاطین کے متاثر مریضوں کا علاج کرنے والے عاملین کو ہوتی ہے۔ اس عمل سے بہت سے کام لیے جاسکتے ہیں۔ اس کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ خواتین کو اس عمل کی عاملہ ضرور بننا چاہیے کیونکہ گھر اور سسرال میں کئی مواقع ایسے آتے ہیں جس میں اس عمل کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔

سیکھنے کی اہلیت: اس عمل کو سیکھنے کے لیے چلہ کرنا شرط ہے۔ محض اجازت سے یہ عمل مکمل طور پر جاری نہیں ہوتا۔

عمل کے فائدے: اس عمل کا عامل بننے کے مختصر فائدے درج ذیل ہیں:

※......ہر طرح کے جنات اور سایہ کے مریضوں کا علاج	※......جناتی اور شیطانی اثرات سے نجات	※......جناتی بدنظری کا شکار گھرانے کا علاج
※......جنات کو ہم کلام کرنا	※......جنات کی حاضری کرنا اور حاضری سے نجات	※......شیطان کو منہ توڑ جواب
※......جنات کے تنگ کرنے سے نجات	※......جنات سے جگہ خالی کرانا	※......گھریلو لڑائی جھگڑے اور بے سکونی سے نجات
※......مریض کے جسم میں بد اثرات حاضر کر کے جلانا	※......جان لیوا بیماریوں کا علاج	※......دردوں کا علاج
※......کینسر کا علاج	※......مشکلات سے نجات	※......جائز مقاصد کا حصول
※......ہر قسم کے حادثات، خطرات سے حفاظت	※......سسرالی مسائل سے نجات	※......اور بہت کچھ

کون عامل بن سکتا ہے؟: اس عمل کا ہر کوئی عامل بن سکتا ہے۔ عمر کی کوئی قید نہیں۔ مرد و خواتین دونوں عامل بن سکتے ہیں۔

عمل کی فیس: فیس کی تفصیل درج ذیل ہے:

※※......پہلے درجے کی کوئی فیس نہیں صرف خزینہ روحانیات کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ اسے ہر کوئی کر سکتا ہے۔ اس کا فائدہ اپنی ذات اور صرف اپنے گھر والوں کو پہنچایا جاسکتا ہے۔ اجازت کے لیے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پر کر کے ارسال کریں۔

※※......دوسرے اور تیسرے درجے کی زکوٰۃ کا ہدیہ ایک ہی ہے۔ ہدیہ: 3100 روپے

※※......باقی تین درجوں کی زکوٰۃ کا ہدیہ الگ الگ ہے۔ یہ درجے صرف اور صرف عاملین کے لیے ہیں۔

خاص اجازت: جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر "آگے سکھانے کی خاص اجازت" حاصل کر کے سکھائیں۔ بصورتِ دیگر ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah | ruhanidarsgah97
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

ماہنامہ خزینہ روحانیات
63
جولائی 2022ء
ماہر روحانی معالجین کی زیرِ سرپرستی خاص روحانی کورس
جادو اور جنات کے سخت اثرات سے نجات کا یہ کورس دار العمل چشتیہ کے روحانی علاج گاہ کے ماہر روحانی معالجین کی مشاورت سے تیار کیا گیا ہے۔ بہت سی چیزوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس کورس میں مختلف قسم کے ہائی پاور علاج شامل کیے گئے ہیں۔ تاکہ جس مریض کو دیا جائے، اس کو جلد اور دیرپا فائدہ حاصل ہو۔ صرف یہی نہیں بلکہ اس کی جگہ سے بھی ہر طرح کے اثرات نکل جائیں یا ختم ہو جائیں اور اس گھر میں رہنے والے افراد بھی ہر طرح کے بداثرات سے نجات پائیں۔
یہ کورس جادو اور جنات سے متاثرہ مریضوں کے لیے ہے۔ جن پر ایک عرصہ سے یہ بداثرات ہوں، بہت علاج معالجہ کروالیا ہو مگر کسی طرح بھی اثرات سے مکمل جان نہ چھوٹ رہی ہو۔ ان اثرات کی وجہ سے پیدا شدہ بیماریاں، معاشی مشکلات، تعلقات کی خرابیاں اور دیگر پریشانیوں میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہو یا کوئی پریشانی اگر کم ہو رہی ہوتی ہے تو کوئی بڑھ رہی ہوتی ہے۔ زندگی سے سکون ختم ہو جائے، خوشی ختم ہو جائے، برکت ختم ہو جائے وغیرہ۔
خاص روحانی کورس سالہا سال پرانے جناتی اثرات کو دنوں میں ختم کرتا ہے۔
خاص روحانی کورس سالہا سال پرانے آسیبی اثرات کو دنوں میں ختم کرتا ہے۔
خاص روحانی کورس سالہا سال پرانے کالے جادو کے اثرات کو دنوں میں ختم کرتا ہے۔
خاص روحانی کورس سالہا سال سے جاتے کا نام نہ لینے والی چیزوں کو دنوں میں بھگاتا ہے۔
خاص روحانی کورس سالہا سال سے عاملین کے قابو میں نہ آنے والی چیزوں کو دنوں میں کنٹرول کرتا ہے۔
خاص روحانی کورس سالہا سال سے عاملین کو آنکھیں دکھانے والی چیزوں کو دنوں میں کافور کرتا ہے۔
خاص روحانی کورس سالہا سال سے عاملین کے سامنے اکڑ جانے والی چیزوں کی اکڑ کو دنوں میں ختم کرتا ہے۔
خاص روحانی کورس سالہا سال سے ہر طرح کے علاج سے جان نہ چھوڑنے والی چیزوں سے دنوں میں جان چھڑاتا ہے۔
ہر طرح کے بار بار حملہ کرنے والی چیزوں کے حملوں کو دنوں میں ختم کرتا ہے۔
ہدیہ
5500 روپے
یہ کورس اپنا ثانی نہیں رکھتا کیونکہ اس کورس میں آپ کا باقاعدہ ادارہ کی طرف سے ایک معالج متعین کیا جاتا ہے۔ آپ کو علاج کے دوران کوئی بھی مسئلہ ہو، آپ اپنے معالج سے اپنا مسئلہ شیئر کر سکتے ہیں۔
نوٹ: اس سارے علاج کے بعد سالہا سال کی اذیت ناک صورتحال سے گزرنے کے بعد جب اللہ تعالیٰ آپ کو شفاء سے ہمکنار فرما دیں تو ساتھ ہی آئندہ ہمیشہ کے لئے روحانی حصار و حفاظت کو ضروری سمجھیں۔ آئندہ کوئی دشمن/ جادوگر حملہ آور نہ ہو سکے تو اس کے لئے ادارے کے تجویز کردہ اعمال (چہل کاف) سمیت دیگر اعمال کا حصول و ریاضت یقینی بنائیں ورنہ روحانی شفاء اور مکمل حفاظت ناممکن ہے۔ ہمارے تمام تیار شدہ کورسز/علاج میں ادارے کے شاگرد کو خصوصی رعایت دی جاتی ہے۔
ruhanishop
0346-4312272
042-35410586
روحانی دکان دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0320 0334 4312272
ruhani.shop
ruhani-shop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
مردانہ کمزوریوں اور ہر طرح کے جنسی امراض سے نجات کے لیے مجرب ادویات کی تفصیل
https://bit.ly/3uPLEbn

پنڈولم کورس

رُوحانی دُنیا سے رابطے کا آسان ذریعہ پنڈولم

پنڈولم کورس ایک زبردست کورس ہے۔ اس کورس کے بعد آپ شعبہ ہائے زندگی کے بارے میں مکمل رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ کورس عاملین، اطباء، حکماء، ہومیو پیتھک ڈاکٹر اور ایلو پیتھک ڈاکٹر حضرات کے ساتھ ساتھ ایک عام فرد کے لیے بھی مفید ترین ہے۔ ایک عام پڑھے لکھے فرد سے لے کر اعلیٰ تعلیم یافتہ فرد تک سب کے لیے آسان ترین کورس ہے۔ پنڈولم کورس کے عنوانات یہاں ہم درج کرتے ہیں تاکہ آپ اس کورس کی اہمیت کا اندازہ کر سکیں۔

نمبر	عنوان	نمبر	عنوان	نمبر	عنوان
1	پنڈولم روحانی دنیا سے رابطے کا آسان ذریعہ	2	ریڈی ایشن	3	پنڈولم کیا ہے؟
4	پنڈولم کا طریقہ استعمال	5	دھاگے کی لمبائی	6	انسانی جسم بحیثیت موصل
7	پنڈولم کی حرکت	8	پنڈولم کا وزن	9	پنڈولم کے قوانین
10	پہلی حقیقت۔ دوسری حقیقت۔ تیسری حقیقت	11	قوت ارادی۔ روشنی اور بصارت کا پنڈولم پر اثر	12	زمینی مقناطیس
13	قطبین اور پنڈولم	14	تمام اجسام سے برقی مقناطیسی لہروں کا اخراج ہوتا ہے	15	خیالات کی تصویریں
16	پنڈولم کو کیا چیز گھماتی ہے؟	17	پنڈولم کے علم میں ماہر ہونے کے لیے چند مشقیں	18	پنڈولم چلانے کی پہلی مشق
19	پنڈولم چلانے کی دوسری مشق	20	پنڈولم چلانے کی تیسری مشق	21	پنڈولم چلانے کی چوتھی مشق
22	پنڈولم کے ذریعے کس طرح سوال کا جواب حاصل کیا جا سکتا ہے			23	ملازمت کے بارے میں معلوم کرنا
24	کائناتی شعور یا لاشعوری ارتعاش سے پنڈولم کے ذریعے درست جواب حاصل کرنا			25	ہاتھوں کا قطبی میلان
26	پنڈولم سے جواب حاصل کرتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں			27	روحانی صلاحیت معلوم کرنا
28	پنڈولم سے بالکل درست جواب حاصل کرنے کے سلسلہ میں ایک اہم نکتہ			29	پنڈولم کس چیز کا اور کس شکل و صورت کا ہونا چاہیے
30	پنڈولم ریڈنگ لیتے وقت دونوں ہاتھوں پاؤں کو آپس میں نہ ملنے دیں			31	پنڈولم تجربات کی مشقیں
32	پنڈولم ریڈنگ کے لیے ہر شخص کی اپنی ذاتی طبع کے لحاظ سے الگ الگ سمت ہوتی ہے			33	رنگوں کی مشق
34	پنڈولم سے جوابات حاصل کرنے کے لیے درست سمت معلوم کرنا			35	ہر پنڈولم آپریٹر کے لیے ضروری ہے
36	پنڈولم گردش کے لیے نئے مفہوم بھی ذہن میں اجاگر کریں			37	سائے
38	مختلف امور زندگی کے لیے پنڈولم سے رہنمائی حاصل کرنا			39	گردش کا سیریل نمبر
40	گھر یا مکان میں دفن شدہ سحر جادو کے تعویذات تلاش کرنا			41	بے اصل سائے معلوم کرنے کی مشق
42	پنڈولم بائیو الیکٹرک قوانین کی بڑی حد تک پابندی کرتا ہے			43	ہاتھوں کی درست پولرٹی قطبی میلان معلوم کرنا
44	ہر جاندار اور بے جان اشیاء کے گرد توانائی کا ہالہ	45	پنڈولم اور ہارمونز کی کمی بیشی	46	پنڈولم سے رنگوں کی مشق اور موافق رنگ منتخب کرنا
47	ٹیلی پیتھی اور پنڈولم	48	پنڈولم کے ذریعے ٹیلی پیتھی کا تجربہ	49	بے اصل سائے تلف کرنا
50	سکہ تلاش کرنے اور سائے تلف کرنے کی مشق	51	علم ریڈی ایستھیسیا	52	وٹنس۔ سیمپل
53	دم اور جھاڑ پھونک کا سائنسی ثبوت	54	پنڈولم سے مختلف چیزیں تلاش کرنا	55	مفید اور غیر مفید غذا معلوم کرنا
56	مفید غذائیں اور دوائیں معلوم کرنے کا طریقہ	57	پنڈولم کے ذریعے دوا تجویز کرنا	58	پنڈولم کی مدد سے کیریئر اختیار کرنا
59	پنڈولم کے ذریعے من پسند ملازمت کا چناؤ کرنا	60	پنڈولم سے چوری کے بارے میں معلوم کرنا	61	پنڈولم سے مریض کی تشخیص اور علاج
62	پنڈولم کے ذریعے گم شدہ کی تلاش	63	پنڈولم کی مدد سے دفینہ تلاش کرنا	64	میڈیکل ریڈی ایستھیسیا یا ڈوزنگ
65	ڈوزنگ کی صلاحیت کے لیے ابتدائی مشق	66	مریض کے لیے دوا کا انتخاب کرنا	67	دوا کے انتخاب کے لیے تکون کا طریقہ
68	ڈی میٹر تکون بنانے کا طریقہ	69	ڈی میٹر تکون کا چارٹ		

پنڈولم کورس کی فیس: 5000 روپے

کورس کے ہمراہ ایک عدد پنڈولم بھی دیا جائے گا۔ فیس بذریعہ منی آرڈر ارسال کر کے آج ہی کورس منگوا سکتے ہیں۔

خیر اندیش
علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری
ادارہ فیضان روحانیات پاکستان، اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب
0300-4967412, 0333-6974734

ماہنامہ خزینہ روحانیات
65
جولائی 2022ء
لنگر برائے ترقی روحانیت
روحانی درسگاہ کے طلباء وطالبات کے لیے
● روحانی اعمال کی مضبوطی کے لئے ● روحانی اعمال کی طاقت کے لئے ● روحانی اعمال میں ترقی کے لئے ● روحانی اعمال میں تیزی کے لئے ● روحانی اعمال کو مؤثر ترین بنانے کے لئے ہر نوچندی اتوار کو دارالعمل میں خاص لنگر کا عرصہ دراز سے اہتمام کیا جارہا ہے۔ روحانی درسگاہ کے پرانے طلباء وطالبات کے پرزور اصرار پر اور نئے طلباء وطالبات کی خواہش کی تکمیل کو مدنظر رکھتے ہوئے مجلس شوریٰ کی مشاورت کے بعد تمام طلباء وطالبات کے لئے خوشخبری ہے کہ آپ بھی اب اس خاص لنگر میں شامل ہوسکتے ہیں۔
نصف حصہ: 500 روپے
مکمل حصہ: 1000 روپے
ruhaniilajgah
0342-7772772
042-35410586
روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com
0324-7772772
ruhaniilajgah96
اعمال شر نمبر
اپریل 2021
قیمت: 100 روپے
کامیابیوں کے ریکارڈ توڑنے والے ماہنامہ خزینہ روحانیات کے اکیسویں خاص نمبر "اعمال شر نمبر" کو عاملین وعوام نے بے حد پسند کیا۔ آپ بھی اس خاص نمبر کو اپنی لائبریری کی زینت بنائیے۔ اس کی فہرست ملاحظہ فرمائیں۔
● مجرب اعمال شر ● عملیات دشمن ● عاملین کے مجرب اعمال شر ● زبان بندی کے مجرب اعمال ● تعویذات شر ● بغض، عداوت اور جدائی کے عملیات ● شر کے سفلی اعمال ● مجرب اعمال شر (کاش البرنی رحمۃ اللہ علیہ) ● سید سبطین حیدر شاہ گیلانی صاحب مدظلہ کے مجرب اعمال شر ● مجرب اعمال شر (فیصل حمید نقشبندی) ● استاذ العاملین حضرت مولانا حسن الہاشمیؒ کے مجرب اعمال شر ● شر کے مخفی و مجرب اعمال (حضرت غلام سرور شباب مدظلہ)
3 عدد اعمال شر نمبر منگوانے پر 90 روپے ڈسکاؤنٹ حاصل کیجیے
3 خاص نمبروں کی قیمت: 300 روپے رعایتی قیمت: 210 روپے
خزینہ روحانیات دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
khaiznaeruhaniyat
khaizinaeruhaniyaat
khazinaruhanyat
darulamal.org/magazines/ruhani, khazinaeruhaniyaat@gmail.com
0322-4773786, 042-35410586
+KhazinaeRuhaniyaat
کوپن برائے بغیر فیس اعمال
جولائی 2022ء
تاریخ
نام
والد
والدہ
مکمل پتہ
موبائل نمبر
Email (اگر ہو)
مطلوبہ اعمال
نوٹ رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جاسکتی ہے۔ مزید شرائط وتفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔
0333-7772775
0309-7772775
042-35410586
کوپن برائے مفت روحانی خدمات
جولائی 2022ء
تاریخ
نام
والد
والدہ
مکمل پتہ
موبائل نمبر
Email (اگر ہو)
مطلوبہ علاج
نوٹ علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک کوپن میں دو مقصد سے زائد نہ لکھیں۔ کوپن کے بغیر علاج/تعویذات/وظیفہ بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔
0324-7772772
0342-7772772
042-35410586
مختلف موضوعات پر کتب، رسائل اور مختلف علوم سیکھنے کے لیے ٹیوٹوریلز آن لائن خریدیں
https://bit.ly/3v6T9cH
Whatsapp
+92-322-4773786
darulamal.org/magazines/ruhani

اعلیٰ کوالٹی موٹی عربی بخورات کی زبردست مسحور کن ورائٹی جن کا جلانا عاملین کیلئے دوران چلہ کامیابی کی ضمانت ہے۔

قیمت: 1000 روپے

قیمت: 1000 روپے

قیمت: 1000 روپے

قیمت: 1000 روپے

قیمت: 950 روپے

قیمت: 950 روپے

قیمت: 1000 روپے

قیمت: 1000 روپے

قیمت: 950 روپے

قیمت: 950 روپے

قیمت: 950 روپے

قیمت: 950 روپے

قیمت: 580 روپے

قیمت: 580 روپے

قیمت: 580 روپے

قیمت: 580 روپے

قیمت: 580 روپے

قیمت: 580 روپے

قیمت: 580 روپے

قیمت: 580 روپے

قیمت: 850 روپے

قیمت: 850 روپے

قیمت: 850 روپے

عارفی پرفیومز
0309-7772776 0349-7772776 0316-7779376 0305-7772776 (Ufone)
aarfiperfumes.com info@aarfiperfumes.com aarfiperfumes

Monthly Khazina-e-Ruhaniyaat
CPL # 288